الفُیُوضَاتُ المُحَمَّدِیَّة

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ڈاکٹر محمد طاہر القادری

مِنہاجُ القرآن پبلیکیشنز

365-ایم، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 5168514، 3-5169111

یوسف مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور، فون: 7237695

www.Minhaj.org - www.Minhaj.biz

منہاج انٹرنیٹ بیورو کی پیشکش

www.MinhajBooks.com

جملہ حقوق بحقِ تحریکِ منہاج القرآن محفوظ ہیں

نام کتاب : الفُیُوْضَاتُ المُحَمَّدِیَّة ﷺ

تصنیف : شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری

معاونینِ ترتیب : محمد تاج الدین کالامی، حافظ فرحان ثنائی

پروف ریڈنگ : ڈاکٹر طاہر حمید تنولی، محمد فاروق رانا، ضیاء نیر

زیرِ اہتمام : فریدِ ملّت ؒ ریسرچ انسٹی ٹیوٹ Research .co m.pk

مطبع : منہاج القرآن پرنٹرز، لاہور

اِشاعتِ اوّل	نومبر 2003ء	(2,200)
اِشاعتِ دوم	جنوری 2004ء	(1,100)
اِشاعتِ سوم	مارچ 2004ء	(2,200)
اِشاعتِ چہارم	مئی 2004ء	(1,100)
اِشاعتِ پنجم	اکتوبر 2004ء	(2,200)
اِشاعتِ ششم	مارچ 2005ء	(1,100)
اِشاعتِ ہفتم	اگست 2005ء	(1,100)
اِشاعتِ ہشتم	دسمبر 2005ء	(2,200)
اِشاعتِ نہم	ستمبر 2006ء	(1,100)
اِشاعتِ دہم	فروری 2007ء	(2,200)
اِشاعتِ یازدہم	مارچ 2007ء	(1,100)
اِشاعتِ دوازدہم	نومبر 2007ء	(1,100)
اِشاعتِ سیزدہم	اگست 2008ء	(2,200)
اِشاعتِ چہاردہم	اکتوبر 2008ء	(3,300)

ہدیہ : -/300 روپے

ISBN 969-32-0550-2

نوٹ: الفُیوضَاتُ المُحَمَّدِیَّة ﷺ سے حاصل ہونے والی جملہ آمدنی ہمیشہ کے لئے حضور نبی اکرم ﷺ کی طرف سے آپ ﷺ کی اُمت کے حق داروں میں ہدیتاً تقسیم ہوگی، اور اِس کا ثواب ہمیشہ حضور ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں نذر ہوگا۔

fmri@research.com.pk

اھداء و انتساب

فیوضاتِ محمدیہ ﷺ کا **انتساب اور اھداء ثواب**

اِن مقدس ہستیوں کی ارواحِ مبارکہ کی خدمت میں کرتا ہوں:

- حضور سید الکونین و الثقلین سیدنا الحبیب النّبی الامّی **حضرت محمد مصطفیٰ** ﷺ
- حضرت شیخ الکل سیدنا غوثِ اعظم **شیخ عبدالقادر محی الدین الجیلانی** رضی اللہ عنہ
- سیدی و مرشدی قدوۃ الاولیاء **حضور سیدنا طاہر علاؤالدین** الگیلانی البغدادی رضی اللہ عنہ
- قبلہ والد گرامی فریدِ الملت **حضرت ڈاکٹر فرید الدین قادری** رحمۃ اللہ علیہ

www.MinhajBooks.com

فہرست

عنوانات	صفحہ
پیش لفظ	۲۳
شرائطِ اجازت	۲۷
حصہ اوّل:	۳۱
روحانی ترقی و کمالات کے وظائف و اذکار	
باب اَوّل: وظائف الصَّلَوات	۳۳
❁ فرض نمازوں کے بعد کے وظائف	۳۵
● نمازِ فجر کے وظائف	۳۵
دعا سے پہلے کے وظائف	۳۵
دعا کے بعد کے وظائف	۳۶
● نمازِ ظہر و عصر کے وظائف	۳۹
دعا سے پہلے کے وظائف	۳۹
دعا کے بعد کے وظائف	۴۰
● نمازِ مغرب کے وظائف	۴۱
دعا سے پہلے کے وظائف	۴۱
منہاج انٹرنیٹ بیورو کی پیشکش www.MinhajBooks.com	
دعا کے بعد کے وظائف	۴۲

www.MinhajBooks.com

عنوانات	صفحہ
● نمازِ عشاء کے وظائف	۴۴
دعا سے پہلے کے وظائف	۴۴
دعا کے بعد کے وظائف	۴۵
❁ نفلی نمازوں کے فضائل و برکات	۴۸
۱۔ نمازِ تہجد	۴۸
۲۔ نمازِ اشراق	۵۰
۳۔ نمازِ چاشت	۵۱
۴۔ نمازِ اوّابین	۵۲
۵۔ نمازِ توبہ	۵۳
۶۔ نمازِ تسبیح	۵۴
۷۔ نمازِ حاجت	۵۵
۸۔ نماز استخارہ	۵۷
۹۔ نماز تحیۃ الوضوء	۵۸
۱۰۔ نماز تحیۃ المسجد	۵۹
باب دوم: وظائف النُّفُوس (نفسِ امّارہ سے نفسِ کاملہ و صافیہ کے مقام تک ترقی کے وظائف)	۶۱

عنوانات	صفحہ
❁ پہلا دائرہ	۶۵
ساتوں نفوس کے لئے پہلے دائرے کے اذکار	۶۵
۱۔ نفس امّارہ سے خلاصی پانے کے لئے مؤثر ذکر	۶۵
۲۔ نفس لوامہ سے آگے ترقی کرنے کیلئے مؤثر ذکر	۶۸
۳۔ نفس ملہمہ سے آگے ترقی کرنے کے لئے مؤثر ذکر	۶۹
۴۔ نفسِ مطمئنہ کے مقام پر مؤثر ذکر	۷۰
۵۔ نفس راضیہ کے مقام پر مؤثر ذکر	۷۱
۶۔ نفس مرضیہ کے مقام پر مؤثر ذکر	۷۲
۷۔ نفس کاملہ وصافیہ کے لئے مؤثر ذکر	۷۳
❁ دوسرا دائرہ	۷۴
ساتوں نفوس کے لئے دوسرے دائرے کے اذکار	۷۴
❁ تیسرا دائرہ	۷۶
ساتوں نفوس کے لئے تیسرے دائرے کے اذکار	۷۶
❁ چوتھا دائرہ	۷۸
ساتوں نفوس کے لئے چوتھے دائرے کے اذکار	۷۸
باب سوم: وظائف النِّسْبَات	۸۱

عنوانات	صفحہ
(راہِ سلوک میں روحانی نسبتوں کے حصول کے وظائف)	
پہلی نسبت: نسبتِ طہارت	۸۵
نسبتِ طہارت کے حصول کے وظائف	۸۵
دوسری نسبت: نسبتِ طاعت	۹۵
نسبتِ طاعت کے حصول کے وظائف	۹۵
(i) حلاوتِ مناجات	۹۵
(ii) شمولِ رحمت	۹۶
(iii) انوارِ اسمائے الٰہی	۹۶
تیسری نسبت: نسبتِ اویسیہ	۱۰۸
نسبتِ اویسیہ کے حصول کے وظائف	۱۰۸
چوتھی نسبت: نسبتِ یاد داشت	۱۱۱
نسبتِ یاد داشت کے حصول کے وظائف	۱۱۱
پانچویں نسبت: نسبتِ توحید	۱۱۱
نسبتِ توحید کے حصول کے وظائف	۱۱۱
چھٹی نسبت: نسبتِ عشق	۱۲۱
نسبتِ عشق کے حصول کے وظائف	۱۲۱

www.MinhajBooks.com

عنوانات	صفحہ
ساتویں نسبت: نسبتِ وجد	۱۳۶
نسبتِ وجد کے حصول کے وظائف	۱۳۶
باب چہارم: وظائف النسبة المحمدية ﷺ (نسبتِ محمدی ﷺ کی پختگی کے وظائف)	۱۷۵
پہلی منزل	۱۷۷
دوسری منزل	۱۷۸
تیسری منزل	۱۷۹
چوتھی منزل	۱۸۲
پانچویں منزل	۱۸۳
چھٹی منزل	۱۸۵
ساتویں منزل	۱۸۶
آٹھویں منزل	۱۸۷
نویں منزل	۱۸۸
دسویں منزل	۱۹۰
گیارھویں منزل	۱۹۵
بارھویں منزل	۱۹۶
تیرھویں منزل	۱۹۸

www.MinhajBooks.com

عنوانات	صفحہ
چودھویں منزل	۲۰۰
پندرھویں منزل	۲۰۱
سولھویں منزل	۲۰۳
سترھویں منزل	۲۰۴
اٹھارھویں منزل	۲۰۶
انیسویں منزل	۲۰۸
بیسویں منزل	۲۱۰
حصہ دوم:	۲۱۳
حصولِ برکات وفتوحات کے وظائف و اذکار	
باب پنجم: وظائف الآیات	۲۱۵
(حصولِ برکات کے لئے قرآنی آیات کے وظائف)	
۱۔ وظیفۃ الفاتحہ	۲۱۷
۲۔ مسبّعاتِ عشرہ	۲۱۹
۳۔ وظیفۂ شفاء	۲۲۴
۴۔ وظیفۂ سلام	۲۲۵
۵۔ وظیفۂ محبتِ الٰہی	۲۲۸

www.MinhajBooks.com

عنوانات	صفحہ
۶۔ وظیفۂ توکل	۲۳۰
۷۔ وظیفۂ استعاذہ	۲۳۵
۸۔ وظیفۂ حفاظت	۲۳۷
۹۔ وظیفۂ اخلاق حسنہ	۲۴۰
۱۰۔ وظیفۂ ذوقِ عبادت	۲۴۲
۱۱۔ وظیفۂ ذوقِ تلاوت	۲۴۵
۱۲۔ وظیفۂ رقت وخشیت	۲۵۰
۱۳۔ وظیفۂ سخاوتِ نفس	۲۵۳
باب ششم: وظائف السُّوَر (قرآنی سورتوں کے خاص وظائف)	۲۵۷
۱۔ **سورۃ الفاتحہ**: وظیفۂ شفاء	۲۵۹
۲۔ **آیۃ الکرسی**: وظیفۂ حفاظت	۲۶۲
۳۔ **حوامیم**: وظیفۂ خلاصیٔ جہنم	۲۶۳
۴۔ **مفصلات**: وظیفۂ مدد ونصرت الٰہی	۲۶۵
۵۔ **سورۃ الفیل**: وظیفہ برائے دفع شرِ اعداء	۲۶۶
۶۔ **سورۃ القریش**: وظیفہ برائے وسعتِ رزق، خلاصی از قرض و حصولِ امان	۲۷۶

عنوانات	صفحہ
۷۔ **سورۃ الماعون**: وظیفہ برائے ادائے قرض	۲۶۸
۸۔ **سورۃ الکوثر**: وظیفہ برائے کثرتِ رزق و رحمت اور کثرتِ خیرات و برکات	۲۶۹
۹۔ **سورۃ الکافرون**: وظیفہ برائے رغبت و ذوقِ عبادت	۲۷۰
۱۰۔ **سورۃ النصر**: وظیفہ برائے فتح و نصرت الٰہی	۲۷۰
۱۱۔ **سورۃ اللہب**: وظیفہ برائے نجات از شر و مکرِ اعداء	۲۷۱
۱۲۔ **سورۃ الاخلاص**: وظیفہ برائے حصولِ اخلاص و نورِ توحید و حصولِ یقین و قوتِ ایمانی	۲۷۲
۱۳/۱۴۔ **معوذتین**: وظیفہ برائے ردِ شر و سحر و دفعِ آفات و بلیات	۲۷۳
باب ہفتم: وظائفُ الاسماء الحسنٰی (اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنی کے فوائد و تاثیرات)	۲۷۷
۱۔ **یَا اَللّٰہُ**: وظیفہ برائے صفائے باطن و اطمینانِ قلب	۲۷۹
۲۔ **یَا رَحْمٰنُ**: غفلت و نسیان اور شقاوتِ قلبی سے نجات کا وظیفہ	۲۷۹
۳۔ **یَا رَحِیْمُ**: وظیفہ برائے رقتِ قلب	۲۸۰
۴۔ **یَا مَلِکُ**: وظیفہ برائے وسعتِ رزق	۲۸۱
۵۔ **یَا قُدُّوْسُ**: وظیفہ برائے صفائے قلب	۲۸۱
۶۔ **یَا سَلَامُ**: وظیفہ برائے صحت و شفا	۲۸۲

عنوانات	صفحہ
۷۔ **یَا مُؤْمِنُ:** وظیفہ برائے امن وسلامتی	۲۸۳
۸۔ **یَا مُهَیْمِنُ:** قلبی توجہ اور محافظتِ احوال کا وظیفہ	۲۸۳
۹۔ **یَا عَزِیْزُ:** وظیفہ برائے نصرتِ الٰہی	۲۸۴
۱۰۔ **یَا جَبَّارُ:** سفر وحضر میں دشمن کے شر سے حفاظت کا وظیفہ	۲۸۵
۱۱۔ **یَا مُتَکَبِّرُ:** وظیفہ برائے حصولِ اولاد	۲۸۵
۱۲۔ **یَا خَالِقُ:** گم شدہ اولاد اور مال واسباب کی بازیابی کا وظیفہ	۲۸۶
۱۳۔ **یَا بَارِئُ:** دنیوی و برزخی زندگی میں امن و راحت کا وظیفہ	۲۸۷
۱۴۔ **یَا مُصَوِّرُ:** نیک اولاد اور اعمال حسنہ کا وظیفہ	۲۸۷
۱۵۔ **یَا غَفَّارُ:** وظیفہ برائے بخشش ومغفرت	۲۸۸
۱۶۔ **یَا قَهَّارُ:** وظیفہ برائے محبتِ الٰہی وخلاصیٔ شہوات	۲۸۹
۱۷۔ **یَا وَهَّابُ:** فقر وفاقہ سے نجات کا وظیفہ	۲۹۰
۱۸۔ **یَا رَزَّاقُ:** وظیفہ برائے وسعتِ رزق وخلاصیٔ قید	۲۹۰
۱۹۔ **یَا فَتَّاحُ:** وظیفہ برائے رفعِ حجاب ونزولِ انوار	۲۹۱
۲۰۔ **یَا عَلِیْمُ:** وظیفہ برائے علم ومعرفت	۲۹۲
۲۱۔ **یَا قَابِضُ:** فاقہ وافلاس اور عذابِ قبر سے نجات کا وظیفہ	۲۹۲
۲۲۔ **یَا بَاسِطُ:** وظیفہ برائے کشادگی علم و رزق	۲۹۳
۲۳۔ **یَا خَافِضُ:** وظیفہ برائے فتح ونصرت	۲۹۳

عنوانات	صفحہ
۲۴۔ **یَا رَافِعُ**: وظیفہ برائے حصولِ قربِ الٰہی	۲۹۴
۲۵۔ **یَا مُعِزُّ**: وظیفہ برائے عزت و خشیتِ الٰہی	۲۹۴
۲۶۔ **یَا مُذِلُّ**: حاسد و ظالم کے شر سے حفاظت کا وظیفہ	۲۹۵
۲۷۔ **یَا سَمِیْعُ**: وظیفہ برائے قبولیتِ دعا و شفایابی سماعت	۲۹۶
۲۸۔ **یَا بَصِیْرُ**: سماعت و بصارت کے علاج کا وظیفہ	۲۹۶
۲۹۔ **یَا حَکَمُ**: وظیفہ برائے حصولِ حکمت و اسرارِ الٰہی	۲۹۷
۳۰۔ **یَا عَدْلُ**: بچیوں کے لئے اچھے رشتوں کے حصول کا وظیفہ	۲۹۸
۳۱۔ **یَا لَطِیْفُ**: اخلاقِ حسنہ کا حصول اور خوف سے نجات کا وظیفہ	۲۹۹
۳۲۔ **یَا خَبِیْرُ**: وظیفہ برائے آگاہی نفس و روحانی اسرار	۳۰۰
۳۳۔ **یَا حَلِیْمُ**: وظیفہ برائے حفاظت و شادابی فصل	۳۰۰
۳۴۔ **یَا عَظِیْمُ**: وظیفہ برائے عزت و بزرگی	۳۰۱
۳۵۔ **یَا غَفُوْرُ**: بخار اور دردِ سر سے شفایابی کا وظیفہ	۳۰۱
۳۶۔ **یَا شَکُوْرُ**: شکر کی بجا آوری اور معاشی تنگدستی سے نجات کا وظیفہ	۳۰۲
۳۷۔ **یَا عَلِیُّ**: وظیفہ برائے حصولِ علم و حکمت	۳۰۳
۳۸۔ **یَا کَبِیْرُ**: وظیفہ برائے حصولِ مقام و مرتبہ	۳۰۳
۳۹۔ **یَا حَفِیْظُ**: وظیفہ برائے حفاظت جمیع امور	۳۰۴

عنوانات	صفحہ
۴۰۔ **یَا مُقِیْتُ:** وظیفہ برائے رفعِ خوف و وحشت	۳۰۵
۴۱۔ **یَا حَسِیْبُ:** وظیفہ برائے حفاظت از شر دشمناں	۳۰۵
۴۲۔ **یَا جَلِیْلُ:** وظیفہ برائے حصولِ حسن باطن و درستگی احوال	۳۰۶
۴۳۔ **یَا کَرِیْمُ:** وظیفہ برائے درستگی اخلاق و صفات	۳۰۷
۴۴۔ **یَا رَقِیْبُ:** خوف و خطر سے رہائی کا وظیفہ	۳۰۷
۴۵۔ **یَا مُجِیْبُ:** وظیفہ برائے حاجت روائی و قبولیتِ دعا	۳۰۸
۴۶۔ **یَا وَاسِعُ:** وظیفہ برائے حصولِ قناعت و برکت	۳۰۹
۴۷۔ **یَا حَکِیْمُ:** وظیفہ برائے کشادگی سینہ و اسرارِ حکمت	۳۰۹
۴۸۔ **یَا وَدُوْدُ:** میاں بیوی کے درمیان الفت و محبت پیدا کرنے کا وظیفہ	۳۱۰
۴۹۔ **یَا مَجِیْدُ:** موذی امراض سے نجات کا وظیفہ	۳۱۱
۵۰۔ **یَا بَاعِثُ:** وظیفہ برائے احیائے قلب و حصولِ علم	۳۱۱
۵۱۔ **یَا شَهِیْدُ:** نافرمان اولاد کی اصلاح کا وظیفہ	۳۱۲
۵۲۔ **یَا حَقُّ:** گم شدہ اشیاء کی بازیابی کا وظیفہ	۳۱۲
۵۳۔ **یَا وَکِیْلُ:** خطرات سے نجات و رفعِ خوف کا وظیفہ	۳۱۳
۵۴۔ **یَا قَوِیُّ:** مضبوط قوتِ ارادی کے حصول کا وظیفہ	۳۱۴
۵۵۔ **یَا مَتِیْنُ:** ماں کا دودھ بڑھانے کے لئے وظیفہ	۳۱۵

عنوانات	صفحہ
۵۶۔ **یَا وَلِیُّ:** حصولِ حبِ اولیاء اور بدسیرت بیوی کی اصلاح کا وظیفہ	۳۱۵
۵۷۔ **یَا حَمِیْدُ:** فحش گوئی سے نجات و درستگی عادات کیلئے وظیفہ	۳۱۶
۵۸۔ **یَا مُحْصِیُ:** عذابِ قبر سے نجات اور صدق لسانی کے حصول کے لئے وظیفہ	۳۱۷
۵۹۔ **یَا مُبْدِئُ:** وظیفہ برائے حفاظتِ حمل	۳۱۷
۶۰۔ **یَا مُعِیْدُ:** گمشدہ کی صحیح وسلامت بازیابی کے لئے وظیفہ	۳۱۸
۶۱۔ **یَا مُحْیِی:** وظیفہ برائے ازالۂ درد وغم	۳۱۸
۶۲۔ **یَا مُمِیْتُ:** شہوات اور نفسِ امّارہ کے شر سے محافظت کا وظیفہ	۳۱۹
۶۳۔ **یَا حَیُّ:** صحت یابی اور حصولِ شہادت کا وظیفہ	۳۲۰
۶۴۔ **یَا قَیُّوْمُ:** وظیفہ برائے استغنائے قلب وتقویتِ حافظہ	۳۲۰
۶۵۔ **یَا وَاجِدُ:** وظیفہ برائے تقویتِ قلب	۳۲۱
۶۶۔ **یَا مَاجِدُ:** وظیفہ برائے حصولِ انوار الٰہی	۳۲۱
۶۷۔ **یَا وَاحِدُ:** وظیفہ برائے برأتِ شرک وخوف	۳۲۲
۶۸۔ **یَا صَمَدُ:** وظیفہ برائے استغنائے قلب	۳۲۲
۶۹۔ **یَا قَادِرُ:** عبادت میں خشوع وخضوع اور تقویتِ ظاہر و باطن کے لئے وظیفہ	۳۲۳
۷۰۔ **یَا مُقْتَدِرُ:** وظیفہ برائے خاتمہ غفلت	۳۲۳

www.MinhajBooks.com

عنوانات	صفحہ
۷۱۔ **یَا مُقَدِّمُ:** وظیفہ برائے فتح و نصرت و تقربِ الٰہی	۳۲۴
۷۲۔ **یَا مُؤَخِّرُ:** گناہوں سے چھٹکارے کا وظیفہ	۳۲۴
۷۳۔ **یَا اَوَّلُ:** وظیفہ برائے حصولِ اولا د نرینہ	۳۲۵
۷۴۔ **یَا اٰخِرُ:** وظیفہ برائے استقامتِ ایمان	۳۲۶
۷۵۔ **یَا ظَاهِرُ:** وظیفہ برائے دفعِ خوف	۳۲۶
۷۶۔ **یَا بَاطِنُ:** وظیفہ برائے حاجت برآری	۳۲۷
۷۷۔ **یَا وَالِیُ:** وظیفہ برائے دفعِ آفات و بلیّات	۳۲۷
۷۸۔ **یَا مُتَعَالِیُ:** وظیفہ برائے حلِ مشکلات و دفعِ شر دشمن	۳۲۸
۷۹۔ **یَا بَرُّ:** اولاد کی فرمانبرداری اور نیک تربیت کا وظیفہ	۳۲۸
۸۰۔ **یَا تَوَّابُ:** وظیفہ برائے اصلاحِ احوال نفس و ازالۂ ظلم	۳۲۹
۸۱۔ **یَا مُنْتَقِمُ:** آسانی امور اور دشمنی کو دوستی میں بدلنے کا وظیفہ	۳۳۰
۸۲۔ **یَا غَفُوْرُ:** وظیفہ برائے بخشش و مغفرت	۳۳۱
۸۳۔ **یَا رَءُوْفُ:** وظیفہ برائے رقّتِ قلب و دفعِ غضب	۳۳۱
۸۴۔ **یَا مَالِکَ الْمُلْکِ:** وظیفہ برائے تکمیلِ حاجات، فتح مہمات	۳۳۲
۸۵۔ **یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَام:** وظیفہ برائے قبولیتِ دعا	۳۳۳
۸۶۔ **یَا مُقْسِطُ:** وظیفہ برائے دفعِ شر و وساوس	۳۳۳
۸۷۔ **یَا جَامِعُ:** وظیفہ برائے دفعِ افتراق و انتشار	۳۳۴

عنوانات	صفحہ
۸۸۔ **یَا غَنِیُّ**: وظیفہ برائے دفعِ حرص وطمع	۳۳۴
۸۹۔ **یَا مُغْنِیُ**: فقر کو غناء اور بخل کو سخا میں بدلنے کا وظیفہ	۳۳۵
۹۰۔ **یَا مَانِعُ**: میاں بیوی کے درمیان باہمی محبت کا وظیفہ	۳۳۶
۹۱۔ **یَا ضَارُّ**: وظیفہ برائے حصولِ رضائے الٰہی	۳۳۷
۹۲۔ **یَا نَافِعُ**: بحری سفر میں سلامتی اور جملہ امور میں نفع بخشی کا وظیفہ	۳۳۷
۹۳۔ **یَا نُوْرُ**: وظیفہ برائے حصول انوارِ الٰہی	۳۳۸
۹۴۔ **یَا هَادِیُ**: ہدایتِ الٰہی اور ماں کے دودھ کی طرف رغبت کا وظیفہ	۳۳۹
۹۵۔ **یَا بَدِیْعُ**: وظیفہ برائے حصولِ علم وحکمت	۳۳۹
۹۶۔ **یَا بَاقِیُ**: وظیفہ برائے حصولِ اخلاص وتزکیہ	۳۴۰
۹۷۔ **یَا وَارِثُ**: وظیفہ برائے حصولِ اولاد و بلندیٔ درجات	۳۴۱
۹۸۔ **یَا رَشِیْدُ**: وظیفہ برائے حصولِ ہدایت وآسانیٔ مشکلات	۳۴۲
۹۹۔ **یَا صَبُوْرُ**: وظیفہ برائے ازالۂ رنج والم واطمینانِ قلب	۳۴۲
حصہ سوم:	۳۴۵
دفعِ آفات وبلیّات کے وظائف واذکار	
باب ہشتم: جسمانی بیماریوں سے شفایابی کے وظائف	۳۴۷
● وظائفِ شفاء	۳۴۹

عنوانات	صفحہ
پہلا وظیفہ: سورۃ الفاتحہ	۳۴۹
دوسرا وظیفہ: آیاتِ شفاء	۳۴۹
تیسرا وظیفہ: شفاء کے لئے ایک آیت کا وظیفہ	۳۵۰
● بخار، جسمانی دردوں اور دیگر تکالیف کے لئے وظائف	۳۵۱
● شرِ نظر سے بچاؤ کے لئے وظائف	۳۵۵
● جسم کے کسی خاص حصہ میں درد کے لئے وظائف	۳۵۷
● آنکھوں کی بیماری اور ضعفِ بصارت کا علاج	۳۶۰
● سانپ اور بچھو سے حفاظت اور اس کے کاٹے کے علاج کے لئے وظیفہ	۳۶۰
● وظائف برائے حصولِ اولاد	۳۶۱
● وظائف برائے اولادِ نرینہ	۳۶۷
● وظائف برائے محبت مابین زوجین	۳۷۰
● نافرمان زوجہ کی اصلاح کے لئے وظیفہ	۳۷۱
● وظائف برائے اصلاحِ نافرمان اولاد	۳۷۲
● وظائف برائے بازیابی اولاد و گمشدہ مال و اسباب	۳۷۲
● وظیفہ برائے رشتۂ بنات	۳۷۳
● دورانِ حمل حفاظت اور عافیت و سلامتی کے وظائف	۳۷۳

عنوانات	صفحہ
• ماں کا دودھ بڑھانے کے لئے وظیفہ	۳۷۵
• بچہ کو ماں کے دودھ کی طرف راغب کرنے کے لئے وظیفہ	۳۷۶
باب نہم: ذہنی و نفسیاتی پریشانیوں سے نجات کے وظائف	۳۷۷
• عزت و ناموس کی حفاظت کے لئے وظیفہ	۳۷۹
• دشمنوں کے شر سے حفاظت کا وظیفہ	۳۷۹
• حزن و ملال اور جھوٹے پراپیگنڈہ میں صبر کیلئے وظیفہ	۳۸۰
• ذہنی خوف و ہراس سے نجات کے لئے وظائف	۳۸۱
• دھوکے بازوں کے مکروفریب سے بچنے کے لئے وظیفہ	۳۸۲
• وظیفہ سبع کاف	۳۸۳
• وظیفہ برائے نصرت و اعانت وحفاظتِ الٰہی	۳۸۴
• وظائف دفع الوساوس	۳۸۵
• تعلیمی ترقی و کامیابی کے لئے وظائف	۳۹۲
۱۔ وظیفہ برائے تعلیمی رغبت	۳۹۲
۲۔ وظیفہ برائے انشراحِ صدر	۳۹۳
۳۔ وظیفہ برائے تعلیمی کامیابی	۳۹۴
۴۔ وظیفہ برائے اضافہ وترقیٔ علم	۳۹۵
۵۔ علمی رغبت و کامرانی کے لئے وظیفہ	۳۹۷

عنوانات	صفحہ
۶۔ وظیفہ برائے حصولِ علم وحکمت	۳۹۷
۷۔ وظیفہ برائے افزائشِ حافظہ	۳۹۸
باب دہم: جادو، آسیب اور شرّ جنّات سے نجات کے وظائف	۳۹۹
فصل اوّل: وظائفِ حصار و برکت ونجات از شرّ سحر وجنّات	۴۰۱
فصل دوم: جادوٹونہ کے اثرات کا مرحلہ وار علاج	۴۰۹
• پہلے مرحلے کا علاج	۴۱۱
• دوسرے مرحلے کا علاج	۴۲۱
• تیسرے مرحلے کا علاج	۴۲۵
حصہ چہارم: روحانی توجہات کے حصول اور حلِ مشکلات کے اوراد و قصائد	۴۲۹
باب یازدہم: الأوارِدُ الرُّوحِیة (روحانی بالیدگی اور قربِ الٰہی وقربِ مصطفیٰ ﷺ کے حصول کے اوراد)	۴۳۳
۱۔ الأوراد المحمدیة	۴۳۵
۲۔ الورد العلوی	۴۶۵
۳۔ الورد الحسینی	۴۷۶

www.MinhajBooks.com

عنوانات	صفحہ
۴۔ الأوراد الغوثية	۴۸۴
۵۔ الورد الشاذلی	۵۲۳
۶۔ ورد شیخ الأکبر	۵۳۴
باب دواز دہم: القصائِد (روحانی بالیدگی اور قربِ الٰہی و قربِ مصطفیٰ ﷺ کے حصول کے قصائِد)	۵۴۳
۱۔ قصیدہ غوثیہ شریف	۵۴۵
۲۔ قصیدہ بُردہ شریف (منتخب اشعار)	۵۵۳

www.MinhajBooks.com

پیش لفظ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دورِ حاضر کی عظیم علمی، فکری، تعلیمی، تحقیقی، فلاحی، اجتہادی، تجدیدی، روحانی اور اِحیائی تحریک، **تحریک منہاج القرآن** اپنے آغاز کے دن سے ہی امتِ مسلمہ کی ہمہ گیر رہنمائی کا فریضہ سرانجام دے رہی ہے۔ اس کے بانی قائد **ڈاکٹر محمد طاہرالقادری** مدظلہ العالی قدیم و جدید علوم سے متصف ہونے کے ساتھ ساتھ ایک عظیم اسلامی مفکر اور روحانی مصلح بھی ہیں، وہ نہ صرف وابستگانِ تحریک کی رہنمائی کر رہے ہیں بلکہ جملہ مسلمانانِ عالم کے لئے خیر خواہی، نفع بخشی اور فیض رسانی کے عمل مسنون میں رات دن مصروف رہتے ہیں۔

اللہ رب العزت کا شکر ہے کہ انہوں نے اپنی گوناگوں مصروفیات میں سے وقت نکال کر رفقاء و وابستگان تحریک اور عامۃ المسلمین کے لئے یہ گراں قدر کتاب ''**الفیوضات المحمدیۃ** ﷺ'' مرتب کرکے ان کی دیرینہ خواہش پوری کر دی ہے۔ اس کتاب میں نفوسِ سبعہ کے تزکیہ و ترقی، روحانی ملکات اور نسبتوں کی پہچان، تحقق اور فروغ بالخصوص نسبتِ محمدی ﷺ کے حصول اور زیارتِ نبوی ﷺ کے لئے خاص وظائف و اذکار کے ساتھ ساتھ روزمرہ کی جسمانی، ذہنی اور نفسیاتی بیماریوں سے شفایابی اور سحر و شر جنات سے نجات کے عام فہم قرآنی وظائف بھی شامل ہیں جو محض اللہ رب العزت اور اس کے محبوب حضور نبی اکرم ﷺ کی طرف سے ڈاکٹر صاحب پر خصوصی عطا ہے۔

www.MinhajBooks.com

یہ چیزیں روحانی وظائف کی تاریخ میں اگرچہ نئی نہیں لیکن اس ترتیب اور نظم کے ساتھ پہلی بار منظر عام پر آ رہی ہیں۔ ان وظائف میں خاص بات یہ ہے کہ قبلہ ڈاکٹر صاحب نے عملیات کی بجائے فیوضات کا انداز اپنایا ہے یہ تمام وظائف محض قرآنی آیات، سورتوں اسماء الٰہیہ، درود شریف کے مختلف صیغوں اور احادیث نبوی ﷺ پر مشتمل ہیں۔

اس سلسلے میں خود قائد محترم کے اپنے کیا معمولات ہیں؟ یہ جاننے کے لئے ہم نے دوران ترتیب ان سے ذاتی نوعیت کے بعض سوالات کئے اور انہوں نے نہایت شفقت فرماتے ہوئے بڑے ایمان افروز جوابات دیئے۔ قارئین کی دلچسپی کے لئے ایسے تین سوالات اور ان کے جوابات ذیل میں دیئے جا رہے ہیں:

(۱) ”الفیوضات المحمدیة ﷺ“ کے حصہ دوم و حصہ سوم کے وظائف کی ترتیب کے دوران ہم نے قبلہ قائد محترم سے پوچھا کہ ایسے دنیوی معاملات اور پریشانیوں میں ان وظائف میں سے کچھ آپ کا معمول بھی ہے؟ انہوں نے اس موقع پر بڑی ایمان افروز بات کی جو اس طبقہ کے افراد کا شیوہ ہے۔ فرمایا:

”میرا ہر عمل لِلّٰہ، بِاللّٰہ، فِی اللّٰہ، عَلَی اللّٰہ، إِلَی اللّٰہ اور مَعَ اللّٰہ ہے۔“

(یعنی میرا ہر عمل فقط اللہ کے لئے ہے، اللہ کی مدد و اعانت کے ساتھ ہے، اللہ کی رضا اور اس کے دھیان میں ہے، اللہ کے توکل پر ہے، اللہ کی طرف تفویض اور سپردگی میں ہے اور اللہ ہی کے تصوّرِ معیّت میں ہے)۔

اس بات پر مزید روشنی ڈالتے ہوئے انہوں نے فرمایا:

”اس سے مراد ان الفاظ کا ورد کرنا نہیں بلکہ یہ باطنی عمل اور حال ہے۔“

جملہ معاملات اور حلِ مشکلات کے لئے یہی میرا وظیفہ ہے، حقیقت یہ ہے کہ دنیا کی کسی چیز کے لئے کوئی وظیفہ نہ کرنا ہی میرا وظیفہ ہے۔‘‘

(۲) ہم نے پھر سوال کیا کہ اگر آپ کا اپنا یہ معمول ہے تو آپ نے ان وظائف کو کتاب کا حصہ کیوں بنایا؟ اس پر انہوں نے فرمایا:

’’چونکہ حضور نبی اکرم ﷺ نے امت کے لئے وظائف عطا فرمائے اور بعد میں عرفاء وصلحاء نے بھی عامۃ الناس کے لئے تجویز فرمائے، سو اِسی سنت کی بنا پر میں نے انہیں رفقاء، وابستگان، محبان اور عامۃ المسلمین کے لئے مرتب کر دیا ہے۔ حقیر سی کوشش کرتا ہوں کہ اپنا طریقہ، وظیفہ اور معمول حضور نبی اکرم ﷺ کی سنت مبارکہ اور اولیاء وصلحاء کے معمولات و عادات کے مطابق رہے۔ جہاں تک میرے ذاتی عمل کا تعلق ہے۔

ع چہ نسبت خاک را بہ عالم پاک

مگر اللہ سے توفیق طلب کرتے ہوئے ان معمولات کی خیرات پر گزارا کرنے کی کوشش کرتا رہتا ہوں۔‘‘

(۳) اسی طرح کسی نے قائدِ محترم سے یہ پوچھا: سنا ہے آپ کے پاس تسخیرِ قلوب کے لئے **اسمِ اعظم** ہے جس کی بناء پر مخلوق آپ کی طرف کشاں کشاں چلی آتی ہے۔ یہ عام مشاہدہ ہے کہ جہاں بھی آپ کا خطاب ہوتا ہے ہزاروں لوگ بڑے شوق اور رغبت کے ساتھ گرمی، سردی کی پرواہ کئے بغیر گھنٹوں گھنٹوں بیٹھے رہتے ہیں بلکہ گرمی سردی میں ساری ساری رات بھی آپ کا خطاب سنتے گزار دیتے ہیں، لگتا ہے یہ تسخیرِ قلوب کسی خاص وظیفہ یا اسم اعظم کی وجہ سے ہے؟ آپ نے اس

سوال کا جواب دیا:

’’میرا وظیفہ صرف یہ ہے کہ میں کوئی وظیفہ بھی دنیا اور مخلوق کے لئے نہیں کرتا جو کچھ کرتا ہوں صرف اور صرف اللہ کے لئے کرتا ہوں۔ میرے معمولات میں جتنے بھی وظائف ہیں وہ صرف حضورِ اُلُوہیت اور حضورِ محمدیت ﷺ کے لئے معمولی سا نذرانہ ہیں۔ اللہ عزوجل کی بندگی اور حضور ﷺ کی غلامی میں کسی دنیوی نیت کو شامل نہیں کرتا۔ ہر عمل، عبادت، محنت اور ریاضت کو خالصۃً لوجہ اللہ رکھتا ہوں اور کوشش کرتا ہوں کہ نیت کو گدلا نہ کروں۔ نہ دنیا کا سوداگر بنوں، نہ جنت کا حریص صرف طالبِ مولیٰ رہوں۔ یہ کوشش بھی توفیقِ الٰہی اور عطائے محمدی ﷺ سے ہوتی ہے، یہی میرا وظیفہ اور یہی میرا اسمِ اعظم ہے۔

اتنا حقیر گنہگار اور بیکار ہوں کہ اپنی ذات کے لئے مخصوص وظائف کا سہارا لینا بھی جسارت سمجھتا ہوں کہ کہیں ’’وہ‘‘ خفا نہ ہو جائیں کہ خواہش و طلب کا رخ ہماری طرف اور وظیفہ کا رخ دوسری طرف۔ ’’أُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ‘‘ کے تحت یہ وظیفہ اپنا لیا ہوا ہے یعنی کارسازِ ما بہ فکرِ کارِ ما

اللہ تعالیٰ اس کے لائق کر دے۔ (آمین) سو دوسرے پریشان حال لوگوں کے لئے یہی کچھ مطابقِ سنت پڑھ کر دعا یا دم کرتا ہوں۔‘‘

اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ وہ ہمیں فیوضات محمدی ﷺ سے حصہ وافر عطا فرمائے۔ آمین بجاہ سید المرسلین ﷺ

محمد تاج الدین کالامی
حافظ فرحان ثنائی

www.MinhajBooks.com

شرائطِ اجازت

تحریکِ منہاج القرآن کے رفقاء و اراکین اور جملہ وابستگان و محبین کے لئے خصوصی وظائف دیئے جارہے ہیں۔ انہیں اس امر کی اجازت ہے کہ وہ اپنے سلاسل کے مطابق اپنے مشائخ کے دیئے ہوئے وظائف کو جاری رکھتے ہوئے ان وظائف کو اپنا یومیہ معمول بنائیں ان کے ذریعے سب کو انشاء اللہ نسبتِ عبدیت اور نسبتِ محمدیہ ﷺ، ظاہری و باطنی فیوض و برکات اور روحانی مَلکات کی شکل میں نصیب ہوں گی دنیا و آخرت کی کثیر نعمتوں، برکتوں اور سعادتوں سے بہرہ یاب ہوں گے۔

میں سید الکونین و الثقلین حضور نبی اکرم ﷺ، حضور غوث الاعظم سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ، سیدی و سندی قدوۃ الاولیاء سیدنا طاہر علاؤالدین الگیلانی البغدادی رضی اللہ عنہ کی طرف سے جملہ سلاسل طریقت کے ضوابط اور آگے درج شدہ شرائط کے مطابق اُن کو اجازت دیتا ہوں۔

جن سلاسل میں ان کی پہلی نسبت و ارادات ہے وہ بھی برقرار رہے گی یہ ان کے لئے تحریکِ منہاج القرآن سے قلبی و روحانی وابستگی اور مشن کی تنظیمی و تحریکی خدمات کی بنا پر نسبتِ عبدیت اور نسبتِ محمدی ﷺ کا اضافی فیض ہے۔

الفُیوضَاتُ المُحَمَّدِیَّة ﷺ کے جملہ وظائف و اذکار اور معمولات کے لئے شرائط درج ذیل ہیں:

جو لوگ ان دس شرائط کی ممکنہ حد تک پابندی کر سکیں انہیں ان وظائف کی اجازت ہے۔

۱۔ اللہ تعالیٰ کے لئے اخلاص فی التوحید اور محبت و اطاعت، حضور نبی اکرم ﷺ کی محبت و اتباع، ادب و تعظیم اور خدمت و نصرت، انبیاء کرام علیہم السلام، اہلِ بیت اطہار، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور اولیاء و صالحین رحمہم اللہ کی محبت، تکریم اور توسّل کے عقیدہ پر کار بند رہیں۔

۲۔ تحریک منہاج القرآن سے باقاعدہ وابستہ ہوں۔

۳۔ ہمہ وقت باطہارت اور باوضو رہیں۔

۴۔ نماز پنجگانہ اور ممکنہ حد تک دیگر نفلی عبادات کے پابند ہوں۔

۵۔ زبان کو گالی گلوچ، غیبت، چغلی، کذب، تہمت، طعن و تشنیع اور لغویات سے محفوظ رکھیں۔

۶۔ کثرت سے صدقہ و خیرات کریں۔

۷۔ اللہ کی مخلوق کے ساتھ اپنے معاملات کو درست رکھیں۔

۸۔ زندگی میں تقویٰ، پرہیزگاری، امانت و دیانت اور حسن اخلاق جیسی خوبیوں کو اپنے کردار کی زینت بنائیں اور اقامتِ دین، احیاء اسلام اور مصطفوی انقلاب کے مشن کی حتی المقدور وقت، جان اور مال سے خدمت کریں اور ہمیشہ تنازعات سے گریز کریں۔

۹۔ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کا ذکر، توبہ و استغفار اور حضور نبی اکرم ﷺ پر درود و سلام کا معمول جاری رکھیں۔

۱۰۔ تحریک منہاج القرآن کی طرف سے دیئے گئے اخلاقی، تنظیمی، تحریکی، دعوتی اور

تربیتی ہدایات پر حتی المقدور عمل کرتے رہیں اور اس مشن کے فروغ میں کوئی کمی نہ آنے دیں۔

۱۱۔ اس کتاب کے باب چہارم میں **نسبتِ محمدی ﷺ کی پختگی اور زیارتِ نبوی ﷺ** کے لئے وظائف دیئے جا رہے ہیں جو کہ ۲۰ منزلوں پر مشتمل ہیں ہر منزل کی ابتداء کا طریقہ اور معمول لکھ دیا ہے۔ حسبِ اجازت اپنا وظیفہ جاری رکھیں، اگلی منزل کی اجازت انشاء اللہ تعالیٰ ہر سال رمضان المبارک کے آخری عشرہ اعتکاف کے دوران ملا کرے گی۔

یہ دس روزہ اعتکاف پچھلی منزل کی تکمیل، اگلی منزل کی ابتداء اور اجازت کے لئے خلوت کا درجہ رکھتا ہے۔ اس موقع پر نسبتِ محمدی ﷺ کی پختگی کی ریاضت خصوصی نگرانی میں کروائی جاتی ہے۔ جب بھی پچھلی منزل کی تکمیل ہو گی تو اگلی منزل کی اجازت دی جائے گی جس کے بعد پچھلی منزل کے وظائف کو دہرانے کی ضرورت نہیں رہے گی۔

الراجی رحمۃَ ربّہِ العلیٰ

و الفقیر الیٰ حضرۃ النّبی المصطفیٰ

ڈاکٹر محمد طاہر القادری

۲۳ نومبر ۲۰۰۳ء

ڈاکٹر محمد طاہر القادری

بمطابق ۲۷ رمضان المبارک ۱۴۲۴ھ



حصہ اوّل

روحانی ترقی و کمالات کے وظائف و اذکار

www.MinhajBooks.com

باب اوّل

وظائف الصَّلَوَات

- فرض نمازوں کے بعد کے وظائف
- نفلی نمازوں کے فضائل و برکات

www.MinhajBooks.com

﴿فرض نمازوں کے بعد کے وظائف﴾

نمازِ فجر کے وظائف

دُعا سے پہلے کے وظائف

درج ذیل وظائف نماز فرض کے بعد دعا سے پہلے پڑھنے کے لئے ہیں:

۱۔ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْکَ لَهٗ لَهُ الْمُلْکُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِیْ وَ يُمِيْتُ وَ هُوَ حَیٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ○

برکات: حضور ﷺ نے فرمایا: اس وظیفہ کے کرنے والے کے گناہ اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہی کیوں نہ ہوں بخش دیئے جاتے ہیں۔

(صحیح بخاری، ۵: ۲۳۵۲، رقم: ۶۰۴۲ ۔ صحیح مسلم، ۱: ۴۱۸، رقم: ۵۹۷)

۲۔ اس کے بعد سورۃ توبہ کی آیات ۱۲۸، ۱۲۹ کی تلاوت کریں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ أَنْفُسِکُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْکُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ○ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ ط عَلَيْهِ تَوَکَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ○

۳۔ بعد ازاں یہ تسبیح کریں:

سُبْحَانَ اللّٰهِ ۳۳ بار

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۳۳ بار

اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۳۴ بار

۴۔ درج ذیل تسبیح تین بار پڑھیں:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ، سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ۔

پھر دعا کریں۔

۵۔ دعا کے اِختتام پر یہ آیات پڑھیں:

سُبْحَانَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ○ وَ سَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ○ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ○

(الصّٰفّٰت، ۳۷: ۱۸۰۔۱۸۲)

دُعا کے بعد کے وظائف

دعا کے بعد درج ذیل وظائف حسبِ فرصت و سہولت جاری رکھیں:

۶۔ سورۃ الفاتحہ ایک بار

۷۔ آیت الکرسی ایک بار

۸۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کم از کم سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھیں۔

ایک سو چھیاسٹھ (۱۶۶) مرتبہ پڑھنا افضل ہے اور آخر میں ''مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ'' پڑھیں۔

اس وظیفہ سے صفائے قلب، قبولیت اور قربِ الٰہی نصیب ہوگا۔

۹۔ استغفار تین بار

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَيُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَيْهِ○

حضور ﷺ خود یہ استغفار روزانہ سو (۱۰۰) مرتبہ فرماتے تھے۔

یہ وظیفہ گناہوں کی بخشش، بلندی درجات، رزق میں وسعت، عطائے الٰہی میں اضافہ حصولِ برکات اور تنگی و مشکلات کے حل کا باعث ہے۔

۱۰۔ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْل

طریقہ: تعوذ (اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ) اور تسمیہ (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ) پڑھنے کے بعد سورہ آلِ عمران کی درج ذیل دو آیات (۱۷۳، ۱۷۴) کی تلاوت کریں:

اَلَّذِيْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا وَّ قَالُوْا

"حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ○"

یہاں پہنچ کر ان کلمات کو سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھیں۔

یہ تسبیح پوری کرنے کے بعد آگے یہ آیت ایک بار پڑھیں اور وظیفہ مکمل کر لیں:

فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَ فَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ

وَّاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰہِ ط وَاللّٰہُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِیْمٍ ○

برکات: اس وظیفہ کو مستقل جاری رکھنے سے حفظ نعمت، اللہ کے فضل و احسان میں اضافہ، دشمن سے امان، خوف وخطر سے نجات، ہدایت الٰہی، مدد ونصرت، اللہ تعالیٰ کی رحمت اور خصوصاً رضائے الٰہی نصیب ہوتی ہے۔ یہ اکثر اولیاء وصالحین کا وظیفہ ہے۔ خاص مشکل کے اوقات میں بھی اسے کثرت کے ساتھ پڑھا جائے۔ ان شاء اللہ پریشانی دور ہو گی اور نصرت الٰہی نصیب ہو گی۔ یہ وظیفہ مجھے میرے والد گرامی (حضرت علامہ ڈاکٹر فرید الدین قادریؒ) نے عطا فرمایا اور انہیں دمشق کی جامع مسجد اُموی میں مقام زکریا علیہ السلام پر غیب سے ظاہر ہونے والے ایک ابدال نے عطا کیا تھا۔ سیدنا امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سمیت بہت سے مشائخ واولیاء سے بھی یہ منقول ہے۔

۱۱۔ **درج ذیل درود شریف سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھیں:**

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ وَ بَارِکْ وَسَلِّمْ

دیگر کلمات اور صیغوں پر مبنی درود شریف بھی پڑھ سکتے ہیں۔

۱۲۔ **تلاوت قرآن مجید:** ان وظائف کے بعد وقت کی وسعت کے مطابق تلاوتِ قرآن مجید کریں۔

۱۳۔ **دلائل الخیرات:** کا یومیہ ورد کر سکتا ہے۔

۱۴۔ **قصیدہ بُردہ:** حسب توفیق پڑھ سکتا ہے۔

۱۵۔ **قصیدہ غوثیہ:** پڑھ سکتا ہے۔

اگر صبح وقت میسر نہ ہو تو دلائل الخیرات، قصیدہ بُردہ اور قصیدہ غوثیہ کے لئے بعد نمازِ مغرب یا بعد نمازِ عشاء بھی اچھا وقت ہے۔ سہولت کے مطابق آپ وقت کا تعین کر سکتے ہیں۔

نمازِ ظہر و عصر کے وظائف

ظہر اور عصر کی نمازوں میں مندرجہ ذیل وظائف اور اذکار میں سے جس قدر چاہیں مقرر کر لیں:

دُعا سے پہلے کے وظائف

درج ذیل وظائف نماز فرض کے بعد دعا سے پہلے پڑھنے کے لئے ہیں:

۱۔ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْکَ لَهٗ لَهُ الْمُلْکُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَ يُمِيْتُ وَ هُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ○

۲۔ اس کے بعد سورۃ توبہ کی آیات ۱۲۸، ۱۲۹ کی تلاوت کریں۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ أَنْفُسِکُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْکُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ○ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللهُ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ ط عَلَيْهِ تَوَکَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ

الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ○

۳۔ بعد ازاں یہ تسبیح کریں:

سُبْحَانَ اللّٰهِ ۳۳ بار

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۳۳ بار

اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۳۴ بار

۴۔ درج ذیل تسبیح تین بار پڑھیں:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ، سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ۔

پھر دعا کریں۔

۵۔ دعا کے اِختتام پر یہ آیات پڑھیں:

سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ○ وَ سَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ○ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ○

(الصّٰفّٰت، ۳۷: ۱۸۰۔۱۸۲)

دُعا کے بعد کے وظائف

دعا کے بعد درج ذیل وظائف حسبِ فرصت وسہولت جاری رکھیں:

۶۔ سورۃ الفاتحہ ایک بار

۷۔ آیۃ الکرسی ایک بار

۸۔ استغفار تین بار

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَىُّ الْقَيُّوْمُ

www.MinhajBooks.com

وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ○

۹۔ درود شریف تین بار

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ وَ بَارِکْ وَسَلِّمْ۔

نمازِ مغرب کے وظائف

دُعا سے پہلے کے وظائف

درج ذیل وظائف نمازِ فرض کے بعد دعا سے پہلے پڑھنے کے لئے ہیں:

۱۔ لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَ یُمِیْتُ وَ ھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ○

۲۔ اس کے بعد سورۃ توبہ کی آیات ۱۲۸، ۱۲۹ کی تلاوت کریں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ○

لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ أَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْہِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ○ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ ط عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ

الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ○

۳۔ بعد ازاں یہ تسبیح کریں:

سُبْحَانَ اللهِ ۳۳ بار

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۳۳ بار

اَللهُ اَكْبَرُ ۳۴ بار

۴۔ درج ذیل تسبیح تین بار پڑھیں:

سُبْحَانَ اللهِ وَ بِحَمْدِهٖ، سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ۔

پھر دعا کریں۔

۵۔ دعا کے اِختتام پر یہ آیات پڑھیں:

سُبْحَانَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ○ وَ سَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ○ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ○

(الصّٰفّٰت، ۳۷: ۱۸۰۔۱۸۲)

دُعا کے بعد کے وظائف

دعا کے بعد درج ذیل وظائف حسبِ فرصت وسہولت جاری رکھیں:

۶۔ سورۃ الفاتحہ ایک بار

۷۔ آیۃ الکرسی ایک بار

۸۔ اِستغفار تین یا سات بار

www.MinhajBooks.com

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَيُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَيْهِ○

۹۔ درود شریف تین یا سات بار

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَ بَارِکْ وَسَلِّمْ۔

۱۰۔ کلمہ شہادت تین یا سات بار

أَشْهَدُ أَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِيْن وَ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَادِقُ الْوَعْدِ الْاَمِيْن۔

۱۱۔ دو رکعت نمازِ نفل بطور خاص حضور نبی اکرم ﷺ کی طرف سے ادا کریں۔ پہلی رکعت میں **سورۃ الکافرون** اور دوسری رکعت میں **سورۃ الاخلاص** پڑھیں۔ اس کا ثواب بارگاہِ نبوی ﷺ میں نذر کریں۔ ہدیہ ثواب میں حضور ﷺ کے توسط سے آپ ﷺ کے ساتھ اہلِ بیت اطہار رضی اللہ عنہم، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، سیدنا غوثِ اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ، آپ کے اپنے سلسلہ کے مشائخ عظام رضی اللہ عنہم اور اپنے والدین کو بھی شریک کریں۔

۱۲۔ دلائلِ خیرات یومیہ ورد

۱۳۔ قصیدہ بُردہ حسبِ توفیق

۱۴۔ قصیدہ غوثیہ مکمل

اپنی چاہت، طبعی رغبت اور فرصت کے مطابق درج بالا تینوں وظائف جس قدر پڑھنا چاہیں اجازت ہے۔

نمازِ عشاء کے وظائف

دُعا سے پہلے کے وظائف

درج ذیل وظائف نمازِ فرض کے بعد دعا سے پہلے پڑھنے کے لئے ہیں:

۱۔ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْکَ لَهٗ لَهُ الْمُلْکُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِیْ وَ يُمِيْتُ وَ هُوَ حَیٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ○

۲۔ اس کے بعد سورۃ توبہ کی آیات ۱۲۸، ۱۲۹ کی تلاوت کریں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ أَنْفُسِکُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْکُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ○ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ ط عَلَيْهِ تَوَکَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ○

۳۔ بعد ازاں یہ تسبیح کریں:

سُبْحَانَ اللّٰهِ ۳۳ بار

www.MinhajBooks.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۳۳ بار

اَللّٰهُ اَكْبَرُ ۳۴ بار

۴۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ (ایک مرتبہ)

پھر دعا کریں۔

۵۔ دعا کے اِختتام پر یہ آیات پڑھیں:

سُبْحَانَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ○ وَ سَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ○ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ○

(الصّٰفّٰت، ۳۷: ۱۸۰۔۱۸۲)

دُعا کے بعد کے وظائف

دعا کے بعد درج ذیل وظائف حسبِ فرصت وسہولت جاری رکھیں:

۶۔ سورۃ الفاتحہ ایک بار

۷۔ آیۃ الکرسی ایک بار

۸۔ استغفار تین یا سات بار

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ الَّذِیْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَيُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَيْهِ○

۹۔ درود شریف تین یا سات بار

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَ

بَارِکْ وَسَلِّمْ۔

۱۰۔ کلمہ شہادت تین یا سات بار

أَشْهَدُ أَنْ لَّا اِلٰـهَ اِلَّا اللهُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِيْن وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ خَاتَمُ الْاَنْبِيَآءِ وَ الْمُرْسَلِيْنَ صَادِقُ الْوَعْدِ الْاَمِيْنُ○

۱۱۔ درج ذیل کلمات تین یا سات بار پڑھیں:

سُبْحَانَ اللهِ وَ بِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْم ○ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اَنْتَ عَلَيْکَ تَوَکَّلْتُ وَ اَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْم بِسْمِ اللهِ وَ بِاللهِ وَ مَا شَآءَ اللهُ وَ اللهُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ○

برکات: حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس وظیفہ سے انسان سوائے موت کے ہر آفت سے محفوظ رہے گا اور اس کے اہل وعیال اور مال و اولاد میں ہر طرح کی نعمت و برکت نصیب ہو گی۔ مزید یہ کہ خود اس کو، اس کے گھر والوں کو اور اس کے مال و اسباب کو کوئی نقصان نہیں پہنچے گا۔

۱۲۔ سورۃ الفاتحہ (گیارہ مرتبہ) سورۃ الاخلاص (گیارہ مرتبہ)

اس کا ثواب بارگاہِ نبوی ﷺ میں نذر کریں۔ ہدیہ ثواب میں حضور ﷺ کے توسط سے آپ ﷺ کے ساتھ ارواحِ انبیاء علیہم السلام، اہلِ بیت اطہار رضی اللہ عنہم، صحابہ

کرام ﷺ، سیدنا غوثِ اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی ﷺ اور آپ کے سلسلہ کے مشائخ عظام ﷺ، بزرگان، والدین، صالحین و صالحات اور امت محمدیہ کے جمیع مسلمین و مسلمات کو بھی شریک کریں۔

۱۲۔ سورۃ الملک: اگر فرصت ہو تو نمازِ عشاء کے بعد سورۃ الملک کی تلاوت کا معمول بنائیں۔

برکات: یہ سورۃ قبر کو روشن کرے گی اور مرنے کے بعد قبر میں ہر معاملے میں حفاظت، حمایت اور کفالت کرے گی۔

۱۳۔ سورۃ یٰس: اگر فرصت ہو تو نمازِ عشاء کے بعد سورۃ یٰس کی تلاوت کا معمول بنائیں۔

۱۴۔ نسبتِ محمدی ﷺ کے وظائف:

حسبِ ہدایت وطریقہ نسبتِ محمدی ﷺ کا وظیفہ جاری رکھیں۔

www.MinhajBooks.com

﴿نفلی نمازوں کے فضائل و برکات﴾

۱۔ نمازِ تہجد

- اسکی کم از کم دو(۲) رکعتیں ہیں۔ مسنون رکعات آٹھ(۸) ہیں اور مشائخ کے ہاں بارہ (۱۲) رکعات کا معمول بھی ہے۔
- بعد نمازِ عشاء سو کر جس وقت بھی اٹھ جائیں پڑھ سکتے ہیں۔
- بہتر وقت دو (۲) ہیں: نصف شب یا آخر شب
- تہجد کے لئے اٹھنے کا یقین ہو تو وتر رات کو چھوڑ سکتے ہیں۔ اس صورت میں وتر کو نمازِ تہجد کے ساتھ آخر میں پڑھیں یوں کل گیارہ (۱۱) رکعات بن جائیں گی ورنہ وتر بھی نمازِ عشاء کے ساتھ پڑھ لینا بہتر ہے۔

❁ یہ نماز تنہائی میں اللہ تعالیٰ سے مناجات اور ملاقات کا دروازہ ہے اور انوار و تجلیات کا خاص وقت ہے۔ احادیثِ نبوی ﷺ میں اس کی بہت زیادہ فضیلت بیان ہوئی ہے:

۱۔ صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کو تمام (نفل) نمازوں میں سب سے زیادہ محبوب نماز صلاۃِ داؤد علیہ السلام ہے، وہ آدھی رات سوتے، (پھر اٹھ کر) تہائی رات عبادت کرتے اور پھر چھٹے حصے میں سو جاتے۔

۲۔ صحیح مسلم، سنن ترمذی، صحیح ابن حبان، مسند احمد، سنن دارمی،

سنن بیہقی، مسند ابویعلیٰ اور شعب الایمان میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: فرض نمازوں کے بعد سب سے افضل نماز، نمازِ تہجد ہے۔

۳۔ طبرانی نے اسنادِ حسن کے ساتھ مرفوعاً روایت کیا ہے کہ مومن کا شرف نمازِ تہجد اور افتخار لوگوں سے استغناء ہے۔

۴۔ صحیح بخاری و صحیح مسلم میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ رات جب پچھلی تہائی باقی رہتی ہے تو اللہ رب العزت آسمان دنیا پر تجلی فرما کر ارشاد فرماتا ہے: ہے کوئی دعا کرنے والا کہ اس کی دعا قبول کروں؟ ہے کوئی مانگنے والا کہ اسے عطا کروں؟ ہے کوئی مغفرت چاہنے والا کہ اس کی بخشش کروں۔

۵۔ سنن ترمذی و سنن ابن ماجہ اور حاکم میں بہ شرط شیخین حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! سلام (کرنا) عام کرو، لوگوں کو کھانا کھلاؤ، رشتہ داروں سے نیک سلوک کرو اور رات کو اس وقت نماز پڑھو جب لوگ سوتے ہوں، تم سلامتی کے ساتھ جنت میں داخل ہو جاؤ گے۔

۶۔ بیہقی نے حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کیا ہے کہ قیامت کے دن لوگ ایک میدان میں جمع کئے جائیں گے اور اس وقت پکارنے والا پکارے گا: کہاں ہیں وہ لوگ جن کی کروٹیں خوابگاہوں سے جدا ہوتی تھیں؟ ایسے لوگ کھڑے ہوں گے جو تھوڑے ہوں گے اور بغیر حساب و کتاب کے جنت میں

داخل ہوں گے، اس کے بعد دوسرے لوگوں کے لئے حساب کا حکم ہو گا۔

۷۔ ترمذی نے حضرت ابو امامہ باہلی رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: قیام اللیل (نمازِ تہجد) کو اپنے اوپر لازم کرلو کہ یہ گزشتہ نیک لوگوں کا طریقہ، تمہارے رب کی قربت کا ذریعہ، برائیوں کا کفارہ اور گناہوں سے رکاوٹ ہے۔

۲۔ نمازِ اشراق

- اس کا وقت طلوعِ آفتاب سے ۲۰ منٹ بعد شروع ہوتا ہے۔
- اسے نمازِ فجر اور صبح کے وظائف پڑھ کر اُٹھنے سے پہلے اسی مقام پر ادا کریں۔
- اس کی رکعات کم از کم دو (۲) اور زیادہ سے زیادہ چھ (۶) ہیں۔

❁ اس نماز سے باطن کو نور ملتا ہے اور قلب کو سکون و اطمینان کی دولت نصیب ہوتی ہے۔

۱۔ ترمذی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص نمازِ فجر باجماعت ادا کرنے کے بعد طلوع آفتاب تک ذکرِ الٰہی میں مشغول رہا پھر دو رکعت نماز ادا کی تو اسے پورے حج اور عمرے کا ثواب ملے گا۔

۲۔ ترمذی اور ابوداؤد حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ اور حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے (حدیث قدسی) روایت کرتے ہیں حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے اے ابن آدم! تو میرے لئے شروع دن میں چار رکعتیں پڑھ میں اس دن کے اختتام تک تیری کفایت فرماؤں گا۔

www.MinhajBooks.com

۳۔ نمازِ چاشت

- اس نماز کا وقت آفتاب کے خوب طلوع ہو جانے پر ہوتا ہے ۔ جب طلوعِ آفتاب اورآغازِ ظہر کے درمیان کل وقت کا آدھا حصہ گزر جائے تو یہ چاشت کے لئے افضل وقت ہے۔
- اس کی کم از کم چار (۴) اور زیادہ سے زیادہ بارہ (۱۲) رکعات ہیں۔کم از کم دو (۲) اورزیادہ سے زیادہ آٹھ (۸) رکعات بھی بیان کئی گئی ہیں۔
- دیگر فرائض اورزندگی کی ذمہ داریوں سے فراغت ہوتو نمازِ اشراق سے چاشت تک اسی جگہ پرعبادت اور وظائف و اذکار جاری رکھے جائیں۔مصروفیات کی صورت میں اشراق کے ساتھ بھی نوافلِ چاشت ادا کرنے کی اجازت ہے۔

احادیثِ نبوی ﷺ میں اس نماز کے بہت فضائل بیان ہوئے ہیں:

۱۔ ترمذی اور ابن ماجہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جس نے چاشت کی بارہ رکعتیں پڑھیں اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں سونے کا محل بنائے گا۔

۲۔ طبرانی نے حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جس نے چاشت کی دو رکعتیں پڑھیں وہ غافلین میں نہیں لکھا جائے گا، اور جو چار پڑھے عابدین میں لکھا جائے گا، اور جو چھ پڑھے اس دن اس کی کفایت کی گئی، اور جو آٹھ پڑھے اللہ تعالیٰ اسے قانتین میں لکھے گا اور جو بارہ پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں ایک محل بنائے گا۔

۳۔ مسند احمد و سنن ترمذی اور سنن ابن ماجہ میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو چاشت کی دو رکعتوں کی پابندی کرے اس کے تمام گناہ بخش دیئے جائیں گے اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہی کیوں نہ ہوں۔

۴۔ نمازِ اوّابین

- یہ مغرب اور عشاء کے درمیان کی نماز ہے۔ جو کم از کم دو (۲) طویل رکعات یا چھ (۶) مختصر رکعات سے لے کر زیادہ سے زیادہ بیس (۲۰) رکعات پر مشتمل ہے۔
- یہ اجر میں بارہ سال کی عبادت کے برابر بیان کی گئی ہے۔ اس کی فضیلت اور انوار و برکات بھی نمازِ تہجد جیسی ہیں۔

❁ اس کا معمول پختگی سے اپنایا جائے خواہ کم سے کم رکعات ہی کیوں نہ ہوں۔ یہ خاص قبولیت، قرب، تجلیات اور انعامات کا وقت ہے۔ اس کے اسرار بے شمار ہیں:

۱۔ ترمذی اور ابن ماجہ میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص مغرب کے بعد چھ رکعات نفل اس طرح (مسلسل) پڑھے کہ ان کے درمیان کوئی بری بات نہ کرے تو اس کے لئے یہ نوافل بارہ برس کی عبادت کے برابر شمار ہوں گے۔

۲۔ طبرانی نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے، حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص مغرب کے بعد چھ رکعتیں پڑھے اس کے گناہ بخش دیئے جائیں گے اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہی کیوں نہ ہوں۔

۳۔ ترمذی نے حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت کیا ہے کہ جو شخص مغرب کے بعد بیس رکعتیں پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں ایک مکان بنائے گا۔

۵۔ نمازِ توبہ

۱۔ مکروہ اوقات کے علاوہ کسی بھی وقت دو رکعت نفل نمازِ توبہ ادا کی جاسکتی ہے۔ خصوصاً گناہ سرزد ہونے کے بعد اس نماز کے پڑھنے سے گناہ معاف کردیئے جاتے ہیں۔

۲۔ ابوداؤد، ترمذی، ابن ماجہ اور ابن حبان نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب کسی سے گناہ سرزد ہوجائے وہ وضو کر کے نماز پڑھے، پھر استغفار کرے تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہ بخش دیتا ہے۔ پھر یہ آیت مبارکہ تلاوت فرمائی:

وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ قف وَ مَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ قف وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلٰى مَا فَعَلُوْا وَ هُمْ يَعْلَمُوْنَ ○ (ال عمران، ۳:۱۳۵)

’’اور (یہ) ایسے لوگ ہیں کہ جب کوئی برائی کر بیٹھتے ہیں یا اپنی جانوں پر ظلم کر بیٹھتے ہیں تو اللہ کا ذکر کرتے ہیں، پھر اپنے گناہوں کی معافی مانگتے ہیں، اور اللہ کے سوا گناہوں کی بخشش کون کرتا ہے اور پھر جو گناہ وہ کر بیٹھے تھے ان پر جان بوجھ کر اِصرار بھی نہیں کرتے○‘‘

www.MinhajBooks.com

۶۔ نمازِ تسبیح

● اس نماز کی چار رکعات ہیں، مکروہ اوقات کے علاوہ ان کو جب چاہیں ادا کیا جا سکتا ہے۔

● اس کا طریقہ یہ ہے کہ تکبیرِ تحریمہ کے بعد ثنا (سُبْحٰنَکَ اللّٰھُمَّ وَ بِحَمْدِکَ آخر تک) پڑھیں۔

ثنا کے بعد ۱۵ بار درج ذیل تسبیح پڑھیں:

سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَکْبَرُ

پھر اَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ O بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O سورۃ الفاتحہ اور کوئی سورت پڑھ کر ۱۰ بار یہی تسبیح پڑھیں، پھر رکوع میں سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمُ کے بعد ۱۰ بار، پھر رکوع سے اٹھ کر سَمِعَ اللهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ رَبَّنَا وَلَکَ الْحَمْدُ کے بعد ۱۰ بار، پھر سجدے میں سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی کے بعد ۱۰ بار، پھر سجدے سے اٹھ کر جلسہ میں ۱۰ بار، پھر دوسرے سجدے میں سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی کے بعد ۱۰ بار پڑھیں۔

پھر دوسری رکعت میں کھڑے ہو جائیں اور بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O سے پہلے ۱۵ بار اسی تسبیح کو پڑھیں اور بعد ازاں سورت فاتحہ، پھر اسی طریقے سے چاروں رکعات مکمل کریں۔ ہر رکعت میں ۷۵ بار اور چاروں رکعات میں ۳۰۰ بار یہ تسبیح پڑھی جائے گی۔

● احادیث نبوی ﷺ سے ثابت ہوتا ہے کہ نمازِ تسبیح کو یومِ جمعہ یا مہینہ میں ایک بار یا سال میں ایک بار یا کم از کم عمر بھر میں ایک بار پڑھا جائے۔

ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ اور بیہقی سمیت اہل علم کی ایک جماعت نے اپنی اپنی کتب میں بیان کیا ہے حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے چچا جان! کیا میں آپ سے صلہ رحمی نہ کروں؟ کیا میں آپ کو عطیہ نہ دوں؟ کیا میں آپ کو نفع نہ پہنچاؤں؟ کیا آپ کو دس خصلتوں والا نہ بنا دوں؟ کہ جب تک آپ ان پر عمل پیرا رہیں تو اللہ تعالیٰ آپ کے پہلے، بعد کے، پرانے، نئے، غلطی سے یا جان بوجھ کر، چھوٹے، بڑے، پوشیدہ اور ظاہر ہونے والے تمام گناہ معاف فرما دے گا۔ (اس کے بعد حضور نبی اکرم ﷺ نے انہیں نمازِ تسبیح کا طریقہ سکھایا) پھر فرمایا: اگر روزانہ ایک مرتبہ پڑھ سکو تو پڑھو، اگر یہ نہ ہو سکے تو ہر جمعہ کو، اگر اس طرح بھی نہ کر سکو تو مہینہ میں ایک بار، اگر ہر مہینے نہ پڑھ سکو تو سال میں ایک بار اور اگر ایسا بھی نہ ہو سکے تو عمر بھر میں ایک بار پڑھ لو۔

۷۔ نمازِ حاجت

- جب کسی کو کوئی حاجت پیش آئے تو وہ اللہ کی تائید و نصرت کیلئے کم از کم دو رکعت نفل بطور حاجت پڑھے۔
- ان دونوں رکعتوں میں سورۃ الفاتحہ کے بعد ۱۱، ۱۱ مرتبہ **سورۃ الاخلاص** پڑھنا باعث برکت ہے۔
- چار رکعات بھی ادا کر سکتا ہے۔
- مکروہ اوقات کے علاوہ کسی بھی وقت یہ نماز ادا کی جاسکتی ہے۔ اس نماز کی برکت سے اللہ تعالیٰ حاجت پوری فرما دیتا ہے۔

طریقہ:

حضور نبی اکرم ﷺ کے معمولات مبارکہ میں اس کے دو طریقے ملتے ہیں:

۱۔ ترمذی، ابن ماجہ، حاکم، بزار اور طبرانی نے حضرت عبداللہ بن اوفی رضی اللہ عنہ روایت کیا ہے حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جس شخص کو اللہ تعالیٰ یا کسی انسان کی طرف کوئی حاجت ہو تو اسے چاہئے کہ اچھی طرح وضو کر کے دو رکعت نفل پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا اور بارگاہ رسالت میں تحفۂ درود پیش کر کے یہ دعا مانگے:

لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ، سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔ أَسْأَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ، وَ عَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ إِثْمٍ۔ لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ، وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ، وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا، يَا أَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔

۲۔ ترمذی، ابن ماجہ، احمد بن حنبل، حاکم، ابن خزیمہ، بیہقی اور طبرانی نے بروایت حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ بیان کیا ہے: حضور نبی اکرم ﷺ سے نے ایک نابینا صحابی کو اس کی حاجت برآری کے لئے دو رکعت نماز کے بعد درج ذیل الفاظ کے ساتھ دُعا کی تلقین فرمائی جس کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے اس کی بینائی لوٹا دی۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بھی حضور نبی اکرم ﷺ کی اتباع میں اپنی حاجت برآری کے

لئے اسی طریقے سے دو رکعت نماز کے بعد دعا کرتے تھے :

اَللّٰهُمَّ! إِنِّی أَسأَلُکَ وَ أَتَوَجَّهُ إِلَيْکَ بِنَبِيِّکَ مُحَمَّدٍ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ، يَا مُحَمَّدُ! إِنِّی قَدْ تَوَجَّهْتُ بِکَ إِلٰی رَبِّی فِی حَاجَتِی هٰذِهٖ لِتُقْضٰی، اَللّٰهُمَّ! فَشَفِّعْهُ فِیَّ۔ (ترمذی، ابواب الدعوات)

۸۔ نمازِ استخارہ

ا۔ اگر کوئی شخص کسی جائز کام کے کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ کرنا چاہتا ہو تو دو رکعت نمازِ استخارہ پڑھے۔ ان دو رکعات میں سے پہلی رکعت میں سورۃ الکافرون اور دوسری رکعت میں سورۃ الاخلاص پڑھے پھر درج ذیل دعا پڑھے:

’’اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسْتَخِيْرُکَ بِعِلْمِکَ وَ أَسْتَقْدِرُکَ بِقُدْرَتِکَ وَأَسْأَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ الْعَظِيْمِ فَاِنَّکَ تَقْدِرُ وَلَا أَقْدِرُ وَ تَعْلَمُ وَلَا أَعْلَمُ وَ أَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ۔ اَللّٰهُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ هٰذَا الْأَمْرَ (یہاں اپنی حاجت کا ذکر کرے) خَيْرٌ لِیْ فِیْ دِيْنِیْ وَ مَعَاشِیْ وَ مَعَادِیْ وَ عَاقِبَةِ أَمْرِیْ، فَاقْدُرْهُ وَيَسِّرْهُ لِیْ، ثُمَّ بَارِکْ لِیْ فِيْهِ۔ وَاِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ هٰذَا الْأَمْرَ (یہاں اپنی حاجت کا ذکر کرے) شَرٌّ لِّیْ، فِیْ دِيْنِیْ وَ مَعَاشِیْ وَ مَعَادِیْ وَ عَاقِبَةِ أَمْرِیْ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ

وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَ اقْدُرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ کَانَ ثُمَّ أَرْضِنِیْ بِهٖ۔ (صحیح البخاری، ابواب التطوع)

۲۔ صحیح مسلم میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ ہم کو تمام معاملات میں استخارہ کی اس طرح تعلیم فرماتے تھے جیسے قرآن کی سورت تعلیم فرماتے تھے۔

۳۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ جب تو کسی کام کا ارادہ کرے تو اپنے رب سے اس میں ۷ بار استخارہ کر پھر جس کی طرف تمہارا دل مائل ہو تو اس کام کے کرنے میں تمہارے لیے خیر ہے۔

❁ بہتر ہے کہ استخارہ پیر کی رات سے شروع کریں اور سات دن تک جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ خواب میں علامات نظر آئیں گی جن سے مثبت یا منفی اشارہ مل جائے گا۔

۹۔ نماز تحیّۃ الوضوء

● وضو کے فوراً بعد دو رکعت نفل پڑھنا مستحب اور باعث خیر و برکت ہے۔

۱۔ صحیح مسلم، سنن ابی داؤد، سنن نسائی، سنن ابن ماجہ اور صحیح ابن خزیمہ میں حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے اچھی طرح وضو کرنے کے بعد ظاہر و باطن کی کامل توجہ کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھی تو اس کے لئے جنت واجب ہوگئی۔

۲۔ ابوداؤد، بخاری، مسلم اور احمد بن حنبل نے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص اچھی طرح وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھے تو اس کے پچھلے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔

۱۰۔ نماز تحیّۃ المسجد

یہ مکروہ اوقات کے علاوہ مسجد میں داخل ہونے پر پڑھی جاتی ہے جو دو رکعت پر مشتمل ہے۔ یہ حضور نبی اکرم ﷺ کی سنتِ مبارکہ سے ثابت ہے۔ احادیث مبارکہ میں اس نماز کی بڑی فضیلت بیان ہوئی ہے۔

بخاری نے کتاب الصلوۃ، کتاب التہجد اور مسلم نے کتاب صلوۃ المسافرین میں حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص مسجد میں داخل ہو تو اسے چاہئے کہ بیٹھنے سے پہلے دو رکعت نماز پڑھ لے۔

www.MinhajBooks.com

باب دُوم



وظائفُ النُّفُوس

(نفسِ امّارہ سے نفسِ کاملہ وصافیہ کے مقام تک ترقی کے وظائف)

www.MinhajBooks.com

اللہ تعالیٰ نے انسانی جسم میں عقل، قلب اور روح کی طرح ''نفس'' کو بھی ایک مستقل جوہر کے طور پر پیدا فرمایا ہے۔ اس کی سات اقسام ہیں، ہر قسم کے نفس کے الگ خواص و صفات اور اثرات ہیں، جو انسانی طبیعت و مزاج، عادات و خصائل اور اخلاق و اعمال سے معلوم ہوتے ہیں۔ مزید برآں نفس خود بھی مذکورہ بالا احوال و اخلاق کی تشکیل پر اثر انداز ہوتا ہے۔ اس لئے انسان کی روحانی ترقی کیلئے تمام تر ریاضت ''تزکیہ نفس'' کی صورت میں مطلوب ہوتی ہے، یہی وجہ ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے اسی نفس کی اصلاح و تطہیر کے عمل اور تزکیہ کی محنت کو ''جہاد اکبر'' سے تعبیر فرمایا ہے۔

ضروری ہدایت

اس باب میں سات نفسوں (نفسِ امّارہ سے نفسِ کاملہ و صافیہ کے مقام تک ترقی) کے وظائف دیئے جا رہے ہیں، سالک کو چاہئے کہ ایک نفس سے دوسرے نفس میں ترقی کے لئے وظائف کو ترتیب وار شروع کر دے جب ساتوں نفوس کے وظائف مکمل کر لے تو دوسرے دائرے کے وظائف شروع کرے اور چار دائرے مکمل کرے، پھر ابتداء سے انہی وظائف کا دوسرا دور اسی

ترتیب سے شروع کرے حتی کہ اسی طرح یکے بعد دیگرے ان وظائف کے سات دور مکمل کرے، اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے حق کی تمام راہیں کھول دے گا۔

نوٹ: ساتوں نفوس کی پہچان، خواص، خواب میں ان کی مثالی صورتوں اور تعبیرات پر تفصیلات ہماری کتاب ''سلوک و تصوف کا عملی دستور'' میں ملاحظہ کریں۔

www.MinhajBooks.com

پہلا دائرہ

ساتوں نفوس کے لئے پہلے دائرے کے اذکار

(۱) پہلا نفس ..... نفسِ امّارہ

پہلا وظیفہ ..... لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ

نفسِ امّارہ سے خلاصی پانے کیلئے مؤثر ذکر

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اس کے لئے موثر ذکر لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ہے۔ اس کا عدد پانچ لاکھ ہے۔ یہ ذکر درج ذیل طریق پر کیا جائے:

لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ

اس ذکر میں توجہ کے فروغ کے لئے درج ذیل اذکار مفید ہیں:

۱۔ پہلے ایک لاکھ مرتبہ ''لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ'' کے ذکر کے دوران ذہنی اور قلبی توجہ ''لَا مَعْبُوْدَ اِلَّا اللّٰهُ (اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں) کے مفہوم اور تصور پر مرکوز کی جائے۔ ذاکر دوران ذکر جب اللہ کے سوا ہر ''الٰہ'' کی نفی کر رہا ہو تو ذہن میں ''الٰہ'' کے مفہوم اور مراد کو ''معبود'' کے طور پر رکھے اور ہر بار اپنے دل و دماغ سے ''اللہ'' کے سوا ہر ''معبود'' کی نفی کرے۔

۲۔ دوسرے لاکھ کے دوران ''لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ'' کا ذکر کرتے ہوئے ذہنی اور قلبی توجہ ''لَا مَطْلُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ'' کے تصور پر رکھے، اور اللہ کے سوا اپنے دل و دماغ سے ہر مطلوب کی نفی کرتا رہے۔ یوں غیر از خدا ہر ''مطلوب'' کی نفی سے اس کے دل و دماغ غیر کی ہر طلب اور خواہش سے پاک ہوتے جائیں گے۔

۳۔ تیسرے لاکھ کے دوران ''لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ'' کا ذکر کرتے ہوئے ذہنی اور قلبی توجہ ''لَا مَحْبُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ'' کے مفہوم اور تصور پر مرکوز کی جائے۔ ذاکر دورانِ ذکر ہر بار اللہ کے سوا ہر محبوب کی نفی اپنے دل و دماغ سے کرے اور یوں اللہ کے سوا ہر محبوب کی نفی رفتہ رفتہ اس کے دل سے ہر غیر کی محبت کی بھی نفی کر دے گی۔

۴۔ چوتھے لاکھ کے دوران ''لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ'' کا ذکر کرتے ہوئے ذہنی اور قلبی توجہ ''لَا مَقْصُوْدَ اِلَّا اللّٰهُ'' کے تصور پر رکھے اور اللہ کے سوا اپنے دل و دماغ سے ہر مقصود کی نفی کرتا رہے۔ یوں غیر از خدا ہر مقصود کی نفی سے غیر کا ہر قصد اور نیت ٹوٹتی چلی جائے گی۔

۵۔ پانچویں لاکھ کے دوران ''لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ'' کا ذکر کرتے ہوئے ذہنی اور قلبی توجہ ''لَا مَوْجُوْدَ اِلَّا اللّٰهُ'' کے تصور پر رکھے اور اللہ کے سوا اپنے دل و دماغ سے ہر موجود کی نفی کرتا رہے یوں غیر از خدا ہر ''موجود'' کی نفی سے وہ شئے جس کا شمار غیر اللہ میں ہوتا ہے، اس کے دل و دماغ کی تختی سے محو ہونے لگے گی۔

اس ذکر کو مطابق اجازت پوری پابندی کے ساتھ پانچ لاکھ مرتبہ مکمل کیا

جائے، اس کے ساتھ جملہ فرائض و واجبات کی پابندی احکام شریعت کی مکمل پاسداری اور ممکنہ نفلی عبادات، توبہ و استغفار اور صدقہ و خیرات کے معمولات جاری رکھے جائیں۔ اس طرح جوہرِ توحید خوب چمکے گا اور اس کے انوار سے نفس کا تزکیہ ہونے لگے گا۔

❁ ان توجہات کی پختگی اور ان انوار و برکات کے حصول کے لئے ساتھ ساتھ مذکورہ بالا پانچ توجہ کے کلمات کا ذکر درج ذیل طریقہ سے کیا جائے:

- پہلے ایک لاکھ مرتبہ ''لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ'' کے ذکر کے دوران **پانچ سو (۵۰۰)** عدد پورا ہونے پر چھٹی تسبیح ''لَا مَعْبُوْدَ اِلَّا اللّٰهُ'' کی کریں۔
- دوسرے لاکھ کے دوران ہر **پانچ سو (۵۰۰)** عدد پورا ہونے پر چھٹی تسبیح ''لَا مَطْلُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ'' کی کریں۔
- تیسرے لاکھ کے دوران ہر **پانچ سو (۵۰۰)** عدد پورا ہونے پر چھٹی تسبیح ''لَا مَحْبُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ'' کی کریں۔
- چوتھے لاکھ کے دوران ہر **پانچ سو (۵۰۰)** عدد پورا ہونے پر چھٹی تسبیح ''لَا مَقْصُوْدَ اِلَّا اللّٰهُ'' کی کریں۔
- پانچویں لاکھ کے دوران ہر **پانچ سو (۵۰۰)** عدد پورا ہونے پر چھٹی تسبیح ''لَا مَوْجُوْدَ اِلَّا اللّٰهُ'' کی کریں۔

❁ سالک ان توجہات کی تسبیحات جتنی کثرت سے کرے گا اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ اس طرح نفس **دائرۂ امّارہ** سے خلاصی پاکر اگلے نفس کی طرف منتقل ہوتا ہے۔

نوٹ: باقی نفوس کے اذکار کی توجہات کو بھی اسی طرح ذکر کے پورے عدد پر تقسیم

کر کے حسبِ طریقہ تسبیحات مکمل کریں۔ اگر دو توجہات ہوں تو پہلے اڑھائی لاکھ میں پہلی توجہ اور دوسرے اڑھائی لاکھ میں دوسری توجہ کی چھٹی تسبیح ہر **پانچ سو (۵۰۰)** عدد پورا ہونے پر کریں۔ اگر تین توجہات ہیں تو پورے عدد کو تین پر تقسیم کر کے حسبِ طریقہ اپنی تسبیحات مکمل کریں۔

عددِ ذکر بصورت خلوت

اگر نفسِ امّارہ اور اس کی صفات سے خلاصی پانے کے لئے سالک عام معمولات زندگی کو چھوڑ کر ''خلوت'' اختیار کرنا چاہے یا اعتکاف میں بیٹھے تو اس صورت میں اس کا عدد فقط **ستر ہزار (۷۰،۰۰۰)** اور ذکر کا اسم فقط **''لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ''** رہے گا۔

اس صورت میں ہر **چودہ ہزار (۱۴،۰۰۰)** کے بعد اگلی توجہ کی تسبیح حسبِ ہدایت کریں مثلاً پہلے **۱۴،۰۰۰** مرتبہ **''لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ''** کے ذکر کے دوران ہر **پانچ سو (۵۰۰)** عدد پورا ہونے پر چھٹی تسبیح **''لَا مَعْبُوْدَ اِلَّا اللّٰهُ''** کی کریں اسی طرح حسبِ ترتیب بقیہ توجہات کی تسبیحات جاری رکھیں۔

(۲) دوسرا نفس ..... نفسِ لوّامہ

دوسرا وظیفہ ..... اَللّٰه

نفسِ لوّامہ سے آگے ترقی کرنے کیلئے مؤثر ذکر ..... اَللّٰه

اس کے لئے موثر ذکر اللہ ہے۔ اس کا عدد بھی **پانچ لاکھ** ہے۔ یہ ذکر درج

ذیل طریق پر کیا جائے:

یَا اَللّٰہُ

اس ذکر میں توجہ کے فروغ کے لئے درج ذیل اذکار مفید ہیں:

۱۔ یَا نُوْرُ یَا اَللّٰہُ

۲۔ یَا ھَادِیُ یَا اَللّٰہُ

۳۔ اسم ذات ''اللہ'' اصل اسم ہے جس کا ورد کرنا مقصود ہے۔ اسے اگر مذکورہ بالا طریق سے مکمل کیا جائے اور دیگر شرائط اور شرعی پابندیوں کا لحاظ برقرار رہے تو سالک اس نفس سے ترقی پا کر اگلے دائرہ کی طرف منتقل ہو جاتا ہے۔

عددِ ذکر بصورتِ خلوت

اگر سالک اس ریاضت ذکر کے لئے ''خلوت'' اختیار کرنا چاہے تو بصورت خلوت ذکر ''اللہ'' کا مطلوبہ عدد فقط **ساٹھ ہزار (۶۰،۰۰۰)** ہوگا۔

(۳) تیسرا نفس ..... نفسِ مُلھمہ

تیسرا وظیفہ ..... ھُوْ

نفسِ مُلھمہ سے آگے ترقی کرنے کیلئے مؤثر ذکر..... ھُوْ

اس کے لئے موثر ذکر ھُوْ ہے۔ اس کا عدد بھی **پانچ لاکھ** ہے۔ یہ ذکر درج ذیل طریق پر کیا جائے:

یَا هُوُ اَنْتَ هُوُ

اس ذکر میں توجہ کے فروغ کے لئے درج ذیل ذکر مفید ہے:

یَا مَنْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا هُ

عددِ ذکر بصورتِ خلوت

اگر سالک ریاضت ذکر کے لئے ''خلوت'' اختیار کرے تو بصورت خلوت مطلوبہ عدد فقط **پچاس ہزار (۵۰،۰۰۰)** ہوگا۔

(۴) چوتھا نفس ..... نفسِ مُطمئنّہ

چوتھا وظیفہ ..... حَقٌّ

نفسِ مُطمئنّہ کے مقام پر مؤثر ذکر ..... حَقٌّ

اس کے لئے موثر ذکر حق ہے۔ اس کا عدد بھی **پانچ لاکھ** ہے۔ یہ ذکر درج ذیل طریق پر کیا جائے:

یَا حَقُّ اَنْتَ الْحَقُّ

اس ذکر میں توجہ کے فروغ کے لئے درج ذیل اذکار مفید ہیں:

۱۔ یَا مُجِیْبُ اَنْتَ الْحَقُّ

۲۔ یَا مُغِیْثُ اَنْتَ الْحَقُّ

www.MinhajBooks.com

عددِ ذکر بصورتِ خلوت

اگر سالک ریاضتِ ذکر کے لئے ''خلوت'' اختیار کرنا چاہے تو اس صورت میں عدد فقط **چالیس ہزار (۴۰،۰۰۰)** ہے۔

پانچواں نفس ..... نفسِ راضیہ

پانچواں وظیفہ ..... حَیُّ

نفس راضیہ کے مقام پر مؤثر ذکر..... حَیُّ

اس کے لئے موثر ذکر ''حَیّ'' ہے۔اس کا عدد بھی **پانچ لاکھ** ہے۔ یہ ذکر درج ذیل طریق پر کیا جائے:

یَا حَیُّ اَنْتَ الْحَیُّ

اس ذکر میں توجہ کے فروغ کے لئے درج ذیل اذکار مفید ہیں:

۱۔ **یَا جَمِیْلُ اَنْتَ الْحَیُّ**

۲۔ **یَا عَظِیْمُ اَنْتَ الْحَیُّ**

۳۔ **یَا عَلِیُّ اَنْتَ الْحَیُّ**

عددِ ذکر بصورتِ خلوت

اگر سالک ریاضتِ ذکر کے لئے ''خلوت'' اختیار کرنا چاہے تو اس صورت

میں ذکر کا عدد تیس ہزار (۳۰،۰۰۰) ہے۔

نفس راضیہ کے فروغ اور تحقق سے ''فنا فی اللہ'' کا مقام نصیب ہوتا ہے۔

(۶) چھٹا نفس ..... نفسِ مَرضیہ

چھٹا وظیفہ ..... قَیُّوْمٌ

نفس مرضیہ کے مقام پر مؤثر ذکر..... قَیُّوْمٌ

اس کے لئے موثر ذکر ''قَیُّوْم'' ہے۔ اس کا عدد بھی پانچ لاکھ ہے۔ یہ ذکر درج ذیل طریق پر کیا جائے:

یَا قَیُّوْمُ

اس ذکر میں توجہ کے فروغ کے لئے درج ذیل اذکار مفید ہیں:

۱۔ یَا قَیُّوْمُ یَا کَافِیُ

۲۔ یَا قَیُّوْمُ یَا مُغْنِیُ

۳۔ یَا قَیُّوْمُ یَا قَادِرُ

عددِ ذکر بصورتِ خلوت

اگر سالک ریاضت ذکر کے لئے ''خلوت'' اختیار کرنا چاہے تو اس صورت میں ذکر کا عدد فقط بیس ہزار (۲۰،۰۰۰) ہوگا۔

(۷) ساتواں نفس ..... نفسِ کاملہ وصافیہ

ساتواں وظیفہ ..... قَھَّارُ

یہ ساتواں نفس ہے اور یہ اکملیت کا آخری مقام ہے۔

نفس کاملہ وصافیہ کے لئے مؤثر ذکر ..... قَھَّارُ

اس کے لئے موثر ذکر قَھَّار ہے۔ اس کا عدد بھی **پانچ لاکھ** ہے۔ یہ ذکر درج ذیل طریق پر کیا جائے:

یَا قَھَّارُ

اس ذکر میں توجہ کے فروغ کے لئے درج ذیل اذکار مفید ہیں:

۱۔ یَا قَیُّوْمُ یَا قَھَّارُ

۲۔ یَا جَبَّارُ یَا قَھَّارُ

۳۔ یَا وَدُوْدُ یَا قَھَّارُ

عددِ ذکر بصورت خلوت

اگر سالک ریاضت ذکر کے لئے ''خلوت'' اختیار کرے تو بصورت خلوت مطلوبہ عدد ذکر فقط **دس ہزار (۱۰،۰۰۰)** ہے۔

www.MinhajBooks.com

دوسرا دائرہ

ساتوں نفوس کے لئے دوسرے دائرے کے اذکار

دوسرے دائرے میں سالک درج ذیل اسماء مبارکہ کا ذکر اس طرح کرے:

۱۔ ذکر اسمِ اوّل ..... لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ

عدد: ایک لاکھ

وِرد: لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ، لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ، لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ

۲۔ ذکر اسمِ ثانی ..... اَللّٰه

عدد: ایک لاکھ

وِرد: یَا اَللّٰه، یَا اَللّٰه ، یَا اَللّٰه

۳۔ ذکر اسمِ ثالث ..... حَیٌّ

عدد: ایک لاکھ

وِرد: یَا حَیُّ، یَا حَیُّ ، یَا حَیُّ

۴۔ ذکر اسمِ رابع ..... وَاحِدٌ

عدد: ایک لاکھ

وِرد: یَا وَاحِدُ، یَا وَاحِدُ ، یَا وَاحِدُ

www.MinhajBooks.com

۵۔ ذکر اسمِ خامس ..... عَزِیْزُ

عدد: ایک لاکھ

وِرد: یَا عَزِیْزُ، یَا عَزِیْزُ، یَا عَزِیْزُ

۶۔ ذکر اسمِ سادِس ..... وَھَّابُ

عدد: ایک لاکھ

وِرد: یَا وَھَّابُ، یَا وَھَّابُ، یَا وَھَّابُ

۷۔ ذکر اسمِ سابع ..... وَدُوْدُ

عدد: ایک لاکھ

وِرد: یَا وَدُوْدُ، یَا وَدُوْدُ، یَا وَدُوْدُ

www.MinhajBooks.com

تیسرا دائرہ

ساتوں نفوس کے لئے تیسرے دائرے کے اذکار

تیسرے دائرے میں سالک درج ذیل اسماء مبارکہ کا ذکر اس طرح کرے:

۱۔ ذکر اسمِ اوّل ..... هُوَ

عدد: ایک لاکھ

وِرد: یَا اَللّٰهُ یَا هُوَ، یَا اَللّٰهُ یَا هُوَ، یَا اَللّٰهُ یَا هُوَ

۲۔ ذکر اسمِ ثانی ..... حَقٌّ

عدد: ایک لاکھ

وِرد: یَا حَقُّ، یَا حَقُّ، یَا حَقُّ

۳۔ ذکر اسمِ ثالث ..... قَهَّارٌ

عدد: ایک لاکھ

وِرد: یَا قَهَّارُ، یَا قَهَّارُ، یَا قَهَّارُ

۴۔ ذکر اسمِ رابع ..... قَيُّوْمٌ

عدد: ایک لاکھ

وِرد: یَا قَيُّوْمُ، یَا قَيُّوْمُ، یَا قَيُّوْمُ

www.MinhajBooks.com

۵۔ ذکر اسمِ خامس ..... وَهَّابٌ

عدد: ایک لاکھ

وِرد: یَا وَهَّابُ، یَا وَهَّابُ، یَا وَهَّابُ

۶۔ ذکر اسمِ سادِس ..... مُهَيْمِنٌ

عدد: ایک لاکھ

وِرد: یَا مُهَيْمِنُ، یَا مُهَيْمِنُ، یَا مُهَيْمِنُ

۷۔ ذکر اسمِ سابع ..... بَاسِطٌ

عدد: ایک لاکھ

وِرد: یَا بَاسِطُ، یَا بَاسِطُ، یَا بَاسِطُ

www.MinhajBooks.com

چوتھا دائرہ

ساتوں نفوس کے لئے چوتھے دائرے کے اذکار

چوتھے دائرے میں سالک درج ذیل اسماء مبارکہ کا ذکر اس طرح کرے:

۱۔ ذکر اسمِ اوّل ..... حَیٌّ قَیُّوْمٌ

عدد: ایک لاکھ

وِرد: یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ، یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ، یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

۲۔ ذکر اسمِ ثانی ..... سَرِیْعٌ مُبِیْنٌ

عدد: ایک لاکھ

وِرد: یَا سَرِیْعُ یَا مُبِیْنُ، یَا سَرِیْعُ یَا مُبِیْنُ، یَا سَرِیْعُ یَا مُبِیْنُ،

۳۔ ذکر اسمِ ثالث ..... کَبِیْرٌ مُتَعَالٌ

عدد: ایک لاکھ

وِرد: یَا کَبِیْرُ یَا مُتَعَالُ، یَا کَبِیْرُ یَا مُتَعَالُ، یَا کَبِیْرُ یَا مُتَعَالُ

www.MinhajBooks.com

۴۔ ذکر اسمِ رابع ..... فَتَّاحٌ عَلِيْمٌ

عدد: ایک لاکھ

وِرد: يَا فَتَّاحُ يَا عَلِيْمُ، يَا فَتَّاحُ يَا عَلِيْمُ، يَا فَتَّاحُ يَا عَلِيْمُ

۵۔ ذکر اسمِ خامس ..... عَزِيْزٌ قَدِيْرٌ

عدد: ایک لاکھ

وِرد: يَا عَزِيْزُ يَا قَدِيْرُ، يَا عَزِيْزُ يَا قَدِيْرُ، يَا عَزِيْزُ يَا قَدِيْرُ

۶۔ ذکر اسمِ سادِس ..... مَلِکٌ قُدُّوْسٌ

عدد: ایک لاکھ

وِرد: يَا مَلِکُ يَا قُدُّوْسُ، يَا مَلِکُ يَا قُدُّوْسُ، يَا مَلِکُ يَا قُدُّوْسُ

۷۔ ذکر اسمِ سابع ..... هَادِیٌ خَبِيْرٌ

عدد: ایک لاکھ


وِرد: يَا هَادِیُ يَا خَبِيْرُ، يَا هَادِیُ يَا خَبِيْرُ، يَا هَادِیُ يَا خَبِيْرُ

باب سوم

وظائفُ النِّسُبَات

(راہِ سلوک میں روحانی نسبتوں کے حصول کے وظائف)

www.MinhajBooks.com



www.MinhajBooks.com

اس باب میں اُن سات نسبتوں کا بیان ہے جو سالک کو راہِ سلوک میں حسبِ حال نصیب ہوتی ہیں۔ کسی شخص میں ایک، کسی میں دو اور بعضوں میں ساتوں نسبتوں کا اجتماع بھی ہوجاتا ہے۔

ان نسبتوں کی طرف میلان کا اندازہ کسی بھی شخص کو اس کے اپنے روحانی مزاج، قلبی، باطنی اور طبعی رغبت اور کیفیت کے جائزہ سے بآسانی ہوسکتا ہے۔ لہٰذا جو شخص جس نسبت کا ملکہ اپنی طبیعت میں محسوس کرے وہ اس نسبت کا وظیفہ شروع کرے۔ اگر کسی کے اندر ایک سے زائد نسبتوں کا مَلکہ پایا جائے تو ان میں سے جس نسبت کی طرف رغبت زیادہ ہو اس کا وظیفہ شروع کرے اور اگر دو نسبتوں کی طرف برابر میلان ہو تو دونوں وظیفوں کا معمول اپنائیں۔

علمی اور فنی حوالے سے ان نسبتوں کا بیان انشاء اللہ آئندہ کسی ایڈیشن میں شامل کیا جائے گا۔ وہ سات نسبتیں یہ ہیں:

۱۔ نسبتِ طہارت

۲۔ نسبتِ طاعت

۳۔ نسبتِ اویسیہ

www.MinhajBooks.com

۴۔ نسبتِ یادداشت

۵۔ نسبتِ توحید

۶۔ نسبتِ عشق

۷۔ نسبتِ وجد

جبکہ پہلے زمانوں میں ان نسبتوں کے علاوہ بھی اولیاء کرام کو کئی نسبتیں حاصل تھیں:

۱۔ بعض اولیاء وصلحاء کو ''**نسبتِ احسان**'' حاصل تھی۔

۲۔ بعض نے ''**نسبت تجرد**'' پائی تھی۔

۳۔ بعض نے ''**نسبتِ جذب**'' کے ذریعے کمال پایا تھا۔ اور

۴۔ بعض میں دو یا دو سے زیادہ نسبتوں کا اجتماع بھی ہوتا ہے۔

یہی وجہ ہے کہ سب اولیاء وصلحاء کے احوال یکساں نہیں ہوتے۔

اب مذکورہ بالا سات نسبتوں کی تفصیل بیان کی جاتی ہے:

www.MinhajBooks.com

پہلی نسبت

نسبتِ طہارت

نسبتِ طہارت کے حصول کے وظائف

نسبتِ طہارت کے حصول کے لئے دلجمعی اور قلبی شوق و محبت کے ساتھ درج ذیل اسماء اور آیات کا بطور وظیفہ کثرت سے پڑھنا مفید ہے۔

۱۔ یَا نُوْرُ یَا مُنَوِّرُ

۲۔ یَا طَاهِرُ یَا مُطَهِّرُ

۳۔ آیۃ النور کا کثرت سے وِرد

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ط اَلْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَةٍ ط اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّیٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِیْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ط نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ط يَهْدِی اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ط وَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ط وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمٌ○ (النور، ۲۴:۳۵)

’’اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے اس کے نور کی مثال (جو نورِ محمدی ﷺ کی شکل میں دنیا میں روشن ہوا) اس طاق (نما سینۂ اقدس) جیسی ہے جس میں چراغ (نبوت روشن) ہے (وہ) چراغ فانوس (قلبِ محمدی) میں رکھا ہے (یہ) فانوس (نورِ الٰہی کے پرتو سے اس قدر منور ہے) گویا ایک درخشندہ ستارہ ہے (یہ چراغ نبوت) جو زیتون کے مبارک درخت سے روشن ہوا ہے نہ (فقط) شرقی ہے اور نہ غربی (بلکہ اپنے فیض نور کی وسعت میں عالمگیر ہے اس چراغ نبوت کی مثال یوں ہے جیسے) اس کا تیل چمک رہا ہو اگرچہ ابھی اسے (روحی ربانی اور معجزات آسمانی کی) آگ نے چھوا بھی نہ ہو (تو وہ) نور کے اوپر ایک نور ہے اللہ جسے چاہتا ہے اپنے نور (کی معرفت) تک پہنچا دیتا ہے اور اللہ لوگوں (کی ہدایت) کے لئے مثالیں بیان فرماتا ہے اور اللہ ہر چیز سے خوب آگاہ ہےo‘‘

۴۔ دعائے نور جو حضور ﷺ کے خصوصی اوراد سے ہے

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِيْ نُوْرًا فِيْ قَلْبِيْ، وَ نُوْرًا فِيْ قَبْرِيْ، وَ نُوْرًا مِنْ بَيْنَ يَدَيَّ، وَ نُوْرًا مِنْ خَلْفِيْ، وَ نُوْرًا عَنْ يَمِيْنِيْ، وَ نُوْرًا عَنْ شِمَالِيْ، وَ نُوْرًا مِنْ فَوْقِيْ، وَ نُوْرًا مِنْ تَحْتِيْ، وَ نُوْرًا فِيْ سَمْعِيْ، وَ نُوْرًا فِيْ بَصَرِيْ، وَ نُوْرًا فِيْ شَعْرِيْ، وَ نُوْرًا فِيْ بَشَرِيْ، وَ نُوْرًا فِيْ لَحْمِيْ، وَ نُوْرًا فِيْ دَمِيْ، وَ نُوْرًا فِيْ عِظَامِيْ۔ اَللّٰهُمَّ! أَعْظِمْ لِيْ نُوْرًا، وَ أَعْطِنِيْ نُوْرًا، وَ اجْعَلْ لِّيْ

نُوْرًا۔

۱۔ ترمذی، الجامع الصحیح، ۵: ۴۸۲، ابواب الداعوات، رقم: ۳۴۱۹
۲۔ بخاری، الصحیح، ۵: ۲۳۲۷، کتاب الدعوات، رقم: ۵۹۵۷
۳۔ مسلم، الصحیح، ۱: ۵۲۶، کتاب صلاۃ المسافرین، رقم: ۷۶۳

''اے اللہ! میرے دل میں نور بھردے، میری قبر میں نور بھر دے، میرے آگے نور کردے، میرے پیچھے نور کر دے، میرے دائیں نور کر دے، میرے بائیں نور کر دے، میرے اوپر نور کر دے، میرے نیچے نور کردے، میری سماعت میں نور کر دے، میری بصارت میں نور کر دے، میرے بالوں میں نور کر دے، میری جلد میں نور بھر دے، میرے گوشت میں نور بھر دے، میرے خون میں نور بھر دے اور میری ہڈیوں میں نور بھر دے۔ اے اللہ! میرے لئے نور کو بڑھا دے، مجھے نور عطا فرما اور مجھے نور ہی نور بنا دے۔''

۵۔ سورۃ البقرۃ

إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَ يُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ○ (البقرۃ، ۲: ۲۲۲)

''بیشک اللہ بہت توبہ کرنے والوں سے محبت فرماتا ہے اور خوب پاکیزگی اختیار کرنے والوں سے محبت فرماتا ہے○''

۶۔ سورۃ المائدۃ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَ اَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَ امْسَحُوْا بِرُؤُوْسِكُمْ وَ اَرْجُلَكُمْ

إِلَى الْكَعْبَيْنِ ط۔ (المائدہ، ۵:۶)

’’اے ایمان والو! جب (تمہارا) نماز کے لیے کھڑے (ہونے کا ارادہ) ہو تو (وضو کے لیے) اپنے چہروں کو اور اپنے ہاتھوں کو کہنیوں سمیت دھو لو اور اپنے سروں کا مسح کرو اور اپنے پاؤں (بھی) ٹخنوں سمیت (دھو لو)o‘‘

قَدْ جَآءَ كُمْ مِّنَ اللهِ نُوْرٌ وَّ كِتَابٌ مُّبِيْنٌ○ (المائدۃ، ۵:۱۵)

’’بیشک تمہارے پاس اللہ کی طرف سے ایک نور (یعنی حضرت محمد ﷺ) آ گیا ہے اور ایک روشن کتاب (یعنی قرآن مجید)o

۷۔ سورۃ الأنعام

فَمَنْ يُّرِدِ اللهُ أَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ صَدْرَهٗ لِلْإِسْلَامِ○ (الانعام، ۶:۱۲۵)

’’پس اللہ جس کسی کو (فضلاً) ہدایت دینے کا ارادہ فرماتا ہے (تو) اس کا سینہ اسلام کے لیے کشادہ فرما دیتا ہےo‘‘

۸۔ سورۃ الأعراف

فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَ عَزَّرُوْهُ وَ نَصَرُوْهُ وَ اتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِيْٓ أُنْزِلَ مَعَهٗٓ أُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ○ (الاعراف، ۷:۱۵۷)

’’پس جو لوگ (برگزیدہ رسول ﷺ) پر ایمان لائیں گے اور ان کی تعظیم و توقیر کریں گے اور ان (کے دین) کی مدد و نصرت کریں گے اور اس نور کی پیروی کریں گے جو ان کے ساتھ اتارا گیا ہے وہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔‘‘

۹۔ سورۃ التوبۃ

يُرِيْدُوْنَ أَنْ يُّطْفِئُوْا نُوْرَ اللهِ بِأَفْوَاهِهِمْ وَيَأْبَى اللهُ اِلَّآ أَنْ يُّتِمَّ نُوْرَهٗ وَ لَوْ كَرِهَ الْكَافِرُوْنَ○ (التوبہ، ۹:۳۲)

’’وہ چاہتے ہیں کہ اللہ کا نور اپنی پھونکوں سے بجھا دیں اور اللہ (یہ بات) قبول نہیں فرماتا مگر یہ (چاہتا ہے) کہ وہ اپنے نور کو کمال تک پہنچادے اگرچہ کفار (اسے) ناپسند ہی کریں۔‘‘

لَا تَقُمْ فِيْهِ أَبَدًا ط لَمَسْجِدٌ أُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ أَحَقُّ أَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ ط فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ أَنْ يَّتَطَهَّرُوْا وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ○ (التوبہ، ۹: ۱۰۸)

’’(اے حبیب!) آپ اس (مسجد کے نام پر بنائی گئی عمارت) میں کبھی بھی کھڑے نہ ہوں۔ البتہ وہ مسجد جس کی بنیاد پہلے ہی دن سے تقویٰ پر رکھی گئی ہے حقدار ہے کہ آپ اس میں قیام فرما ہوں۔ اس میں ایسے لوگ ہیں جو (ظاہراً و باطناً) پاک رہنے کو پسند کرتے ہیں اور اللہ طہارت شعار لوگوں سے محبت فرماتا ہے○‘‘

۱۰۔ سورۃ القصص

فَلَمَّا قَضٰى مُوْسَى الْأَجَلَ وَ سَارَ بِأَهْلِهٖٓ اٰنَسَ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ نَارًا ج قَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّيْٓ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّيْٓ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا

بِخَبَرٍ أَوْ جَذْوَةٍ مِّنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ○ فَلَمَّآ أَتٰهَا نُوْدِيَ مِنْ شَاطِئِ الْوَادِ الْاَيْمَنِ فِي الْبُقْعَةِ الْمُبٰرَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ أَنْ يّٰمُوْسٰٓى إِنِّيْٓ اَنَا اللّٰهُ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ○ (القصص، ۲۸: ۲۹۔۳۰)

’’پھر جب موسیٰ نے مقررہ مدت پوری کرلی اور اپنے گھر والوں کو لے کر چلے تو کوہِ طور کی طرف سے ایک آگ دیکھی (وہ مانوس سا شعلہ محبت جو کسی اور کو نظر نہ آیا اور) اپنے گھر والوں سے کہا: ذرا ٹھہرو، میں نے ایک آگ دیکھی ہے۔ شاید میں تمہارے پاس وہاں سے کوئی خبر لاؤں (کہ ہم کہاں ہیں اور کدھر جا رہے ہیں) یا آگ کا ایک انگارہ ہی لے آؤں تاکہ تم (اس سردی کی رات میں ہاتھ) سینکو○ پھر جب اس (روشنی) کے قریب پہنچے تو (پہلی قربت کی علامت یہ تھی کہ) میدان کے داہنی جانب ایک مبارک مقام میں ایک درخت سے یہ آواز آئی کہ اے موسیٰ میں ہی اللہ ہوں سب جہانوں کا پالنے والا○‘‘

۱۱۔ سورۃ الأحزاب

إِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَ يُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا○ (الاحزاب، ۳۳: ۳۳)

’’اے (نبی کے) گھر والو اللہ چاہتا ہے کہ تم سے (ہر طرح کی) آلودگی دور کر دے اور تم کو خوب پاک و صاف کر دے۔○‘‘

هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَ مَلَآئِكَتُهُ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمَاتِ

اِلَى النُّوْرِ ط وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا○ (الاحزاب،۳۳:۴۳)

’’وہی تو ہے جو تم پر اپنی رحمت بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے بھی (دعائے مغفرت کرتے ہیں) تاکہ اللہ تعالیٰ تم کو تاریکیوں سے نور کی طرف لے آئے (ایمان کے بعد عالم انوار میں تم کو رواں دواں لے جائے تاکہ کسی ایک مقام میں ٹھہر جانے سے بھی ظلمت نہ آئے) اور اللہ مؤمنوں پر (آخرت میں بھی) بہت رحم فرمانے والا ہے (وہ ان کے گناہ بخشے گا انہیں بلند سے بلند تر مقام عطا فرمائے گا)o‘‘

۱۲۔ سورۃ الزمر

أَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْإِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ط فَوَيْلٌ لِّلْقَاسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ط أُولٰـئِکَ فِيْ ضَلَالٍ مُّبِيْنٍ○

(الزمر، ۳۹:۲۲)

’’بھلا جس کا سینہ اللہ نے اسلام کے لیے کشادہ کردیا ہو وہ تو اپنے رب کی طرف سے نور پر ہے (سرتا پا ہدایت بن جاتا ہے، سراپا نور ہوجاتا ہے، اس کا اس کافر سے کیا مقابلہ جو مبتلائے کفر ہے)، پس خرابی ہے ان کے لیے جن کے دل اللہ کی یاد کی طرف سے سخت ہوگئے ہیں، یہی لوگ صریح گمراہی میں ہیںo‘‘

۱۳۔ سورۃ الشوریٰ

وَ كَذٰلِکَ أَوْحَيْنَآ إِلَيْکَ رُوْحًا مِّنْ أَمْرِنَا ط مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتَابُ وَلَا الْإِيْمَانُ وَلٰـكِنْ جَعَلْنَاهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ

نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ط وَ إِنَّکَ لَتَهْدِیْٓ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ○
(الشوریٰ، ۴۲:۵۲)

’’اور اسی طرح (اے حبیب!) ہم نے آپ کی طرف ایک جاں فزا حقیقت (یعنی قرآن) کو اپنے حکم سے بھیجا، (وہ کتاب جو تمام کتب سماویہ کا نچوڑ ہے) اور آپ (تو جمال الٰہی کے شیدائی تھے، آپ) نہ یہ جانتے تھے کہ کتاب (اللہ) کیا ہے اور نہ آپ کو یہ خبر تھی کہ (کمالِ) ایمان کیا ہے (تفصیلات میں اس کے انوار کی لذت کیا ہے) لیکن (اے حبیب) ہم نے اس (کتاب) کو نور (و انوار کا خزینہ) بنا دیا ہے اور اس کے ذریعہ ہم اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتے ہیں ہدایت دیتے ہیں (آپ جسے چاہیں نور و نورانیت میں لا کر راہ ہدایت دکھا سکتے ہیں) اور اس میں کچھ شبہ نہیں کہ آپ راہِ حق کی ہدایت کر رہے ہیںo‘‘

۱۴۔ سورۃ الحدید

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ○

یَوْمَ تَرَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ یَسْعٰی نُوْرُهُمْ بَیْنَ أَیْدِیْهِمْ وَ بِأَیْمَانِهِمْ بُشْرَاکُمُ الْیَوْمَ جَنّٰتٌ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ خَالِدِیْنَ فِیْهَا ط ذٰلِکَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ○ یَوْمَ یَقُوْلُ الْمُنَافِقُوْنَ وَالْمُنَافِقَاتُ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوا انْظُرُوْنَا نَقْتَبِسْ مِنْ نُّوْرِکُمْ ج قِیْلَ ارْجِعُوْا وَرَآءَکُمْ فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا ط فَضُرِبَ

بَيْنَهُمْ بِسُوْرٍ لَّهٗ بَابٌ ط بَاطِنُهٗ فِيْهِ الرَّحْمَةُ وَ ظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ الْعَذَابُ ط (الحدید، ۵۷:۱۲،۱۳)

’’جس دن آپ (اپنے) مؤمن مردوں اور مؤمن عورتوں کو دیکھیں گے کہ ان کے آگے (آگے) اور ان کے داہنے جانب ان کا نور دوڑتا ہوا چلا جا رہا ہو گا (جو ان کے ماحول کو روشن کیے ہو گا یہ ان کے ایمان اور عمل صالح کا نور ہوگا۔ ان سے کہا جائے گا: لو) آج تم کو بشارت ہے ایسے باغوں کی جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں جہاں تم ہمیشہ رہو گے (اور اس جنت کا مل جانا اور پا جانا) یہی بڑی کامیابی ہےo (اس روز منافق اس روشنی کی تمنا کریں گے جس سے آج یہ منہ پھیر رہے ہیں۔) اس روز منافق مرد اور منافق عورتیں اہل ایمان سے کہیں گے کہ ذرا ٹھہرو تو (کیسی تیزی سے جا رہے ہو ذرا ہم کو بھی ساتھ لے لو) کہ ہم بھی تمہارے نور سے کچھ روشنی حاصل کر لیں، ان سے کہا جائے گا: (حصولِ نور کی جگہ، دنیا تھی، ہو سکے تو) تم پیچھے لوٹ جاؤ پھر (وہاں) روشنی تلاش کرو پھر ان کے (اور اہل ایمان کے) درمیان ایک دیوار کھڑی کر دی جائے گی جس میں ایک دروازہ ہو گا، اس کے اندر کی جانب رحمت ہو گی اور اس کے سامنے باہر کی طرف (جدھر منافق، کافر ہوں گے) عذاب ہو گاo‘‘

۱۵۔ سورۃ التحریم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِo

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ط عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّكَفِّرَ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَ يُدْخِلَكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا

يَوْمَ لَا يُخْزِى اللّٰهُ النَّبِىَّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۚ نُوْرُهُمْ يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَ بِاَيْمَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَ اغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ○ (التحریم، ۶۶:۸)

''اے ایمان والو! اللہ کے آگے سچے دل سے توبہ کرلو (یعنی گناہ کا خیال بھی نہ آئے اس میں کوئی لذت ہی باقی نہ رہے) امید ہے کہ تمہارا رب (معاف فرما کر) تمہارے گناہ تم سے دور کردے گا اور تم کو جنتوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی (یہ وہ دن ہوگا) جس دن اللہ اپنے نبی کو اور ان لوگوں کو جو آپ کے ساتھ ایمان لائے رسوا نہ کرے گا (اس روز) ان کا نورِ (ایمان) ان کے آگے اور ان کے داہنی طرف دوڑتا چلا جاتا ہوگا، وہ دعا کرتے ہوں گے: اے ہمارے رب! ہمارا نور ہمارے لیے مکمل فرما دے (عرش سے فرش تک منور ہوجائے سب نظر آئے) اور ہم کو بخش دے، بیشک تو ہر بات پر قادر ہےo''

۱۶۔ سورۃ المدثر

يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ○ قُمْ فَاَنْذِرْ○ وَ رَبَّكَ فَكَبِّرْ○ وَ ثِيَابَكَ فَطَهِّرْ○ (المدثر، ۷۴:۱۔۴)

''اے کپڑے میں لپٹنے والے (محبوب ﷺ!)o اٹھیے (اور پھر) لوگوں کو خدا کا خوف دلائیے (تاکہ وہ اپنے اعمالِ بد کے نتائج سے ڈریں)o اور اپنے پروردگار کی بڑائی (اور عظمت) بیان فرمائیےo اور اپنا لباس پاک رکھیےo''

دوسری نسبت

﴿نسبتِ طاعت﴾

اسے نسبتِ سکینہ بھی کہتے ہیں۔

نسبتِ طاعت کے حصول کے وظائف

نسبتِ طاعت کے تین شعبہ جات ہیں:

۱۔ حلاوتِ مناجات

۲۔ شمولِ رحمت

۳۔ انوارِ اسمائے الٰہیہ

۱۔ حلاوتِ مناجات

اس کیلئے درج ذیل وظائف کا کثرت سے کرنا نہایت مفید ہے۔

۱۔ کثرتِ نماز و عبادت

۲۔ کثرتِ اذکار و تسبیحات

۳۔ کثرتِ دعا اور کثرتِ توبہ و استغفار

۴۔ کثرتِ مناجات

۵۔ کثرتِ تعوذات

نوٹ: مناجات پر مشتمل بعض مجرب اَوراد اِسی کتاب کے حصہ چہارُم میں دیئے جا رہے ہیں۔

www.MinhajBooks.com

۲۔ شمولِ رحمت

کثرت سے امور خیر اور اعمالِ صالحہ کی انجام دہی اور اخلاق حسنہ سے اس نسبت کا حصول بآسانی ممکن ہو جاتا ہے:

مثلاً i۔ مجالس ذکر میں کثرت سے شرکت کرنا

ii۔ مجالس وعظ وعلم میں کثرت سے شرکت کرنا

iii۔ صدقہ وخیرات کثرت سے کرنا

iv۔ قربانی، سخاوت، ایثار کثرت سے کرنا

v۔ عیادت مریض، نماز جنازہ کا معمول رکھنا

vi۔ غرباء ومساکین کی امداد اور دلجوئی کرنا

vii۔ کعبۃ اللہ کی زیارت اور طواف وغیرہ کے اعمال کا ادا کرنا

۳۔ انوارِ اسمائے الٰہی

اس کے حصول کے لئے دلجمعی اور قلبی شوق ومحبت کے ساتھ درج ذیل اسماء اور آیات کا بطورِ وظیفہ کثرت سے پڑھنا مفید ہے:

۱۔ سب سے زیادہ مؤثر ذکر **اللہ** کا ہے۔

تازہ وضو کر کے اسم **اللہ** کا ذکر ایک نشست میں **ایک ہزار (۱۰۰۰)** مرتبہ کیا جائے۔ درمیانی ''لام'' کی شد (ّ) پر زور دینا لازمی ہے۔ آخر میں درود شریف

حسبِ توفیق پڑھا جائے۔

۲۔ اَلْقُدُّوْسُ الرَّءُوْفُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ الْغَفَّارُ الْوَدُوْدُ الْهَادِیُ الرَّزَّاقُ الْوَهَّابُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ الْبَاقِیُ الْاَوَّلُ الْاٰخِرُ الظَّاهِرُ الْبَاطِنُ التَّوَّابُ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الْحَقُّ السَّلَامُ وغیرھا کی طرح تمام اسمائے صفات کا کثرت سے ورد کرنا اس نسبت کا حصول اور تحقق آسان کر دیتا ہے۔

۳۔ آیۃ الکرسی کی بکثرت تلاوت

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ○

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّ لَا نَوْمٌ ط لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ط مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ط یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَ مَا خَلْفَهُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ کُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَ هُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ○ (البقرۃ، ۲: ۲۵۵)

’’اللہ اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے، (سارے عالم کو اپنی تدبیر سے) قائم رکھنے والا ہے نہ اس کو اونگھ آتی ہے اور نہ نیند، جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے سب اسی کا ہے، کون ایسا شخص ہے جو اس کے حضور

اس کے اذن کے بغیر سفارش کر سکے، جو کچھ مخلوقات کے سامنے (ہو رہا ہے یا ہو چکا) اور جو کچھ ان کے بعد (ہونے والا) ہے (وہ) سب جانتا ہے اور وہ اس کی معلومات میں سے کسی چیز کا بھی احاطہ نہیں کر سکتے مگر جو وہ چاہے اور اس کی کرسی (سلطنت و قدرت) تمام آسمانوں اور زمین کو محیط ہے اور اس پر ان دونوں (یعنی زمین و آسمان) کی حفاظت ہرگز دشوار نہیں وہی سب سے بلند رتبہ بڑی عظمت والا ہےo‘‘

۴۔ سورۃ ص

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُo

(ص، ۳۸:۶۶)

’’(وہی) آسمانوں اور زمین کا اور جو اس کے درمیان ہے سب کا پروردگار ہے بڑا زبردست، بڑا بخشنے والا ہےo‘‘

۵۔ سورۃ الزمر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِo

أَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ اٰنَآءَ الَّيْلِ سَاجِدًا وَّ قَآئِمًا يَّحْذَرُ الْاٰخِرَةَ وَ يَرْجُوْا رَحْمَةَ رَبِّهٖ ط قُلْ هَلْ يَسْتَوِى الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ط إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُولُو الْأَلْبَابِo قُلْ يَا عِبَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ط لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِىْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ط وَ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ ط اِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ أَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍo قُلْ

إِنِّيٓ أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ اللهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ○ وَ اُمِرْتُ لِاَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ الْمُسْلِمِيْنَ○ (الزمر، ۳۹: ۹۔۱۲)

’’بھلا جو شخص بندگی میں لگا ہوا ہے رات کی گھڑیوں میں (بارگاہِ رب العزت میں) مصروف سجدہ اور قیام ہے۔ خوفِ آخرت رکھتا ہے۔ اپنے رب کی رحمت کا امید وار ہے (بھلا اس بندہ مومن کا اور کافر کا کیا مقابلہ) آپ فرما دیجئے کہ سمجھ والے اور بے سمجھ کہیں برابر ہوتے ہیں (لیکن یہ بات تو) وہی سوچتے ہیں (اور سمجھتے ہیں) جو صاحب عقل ہیں (وہی حصول علم میں کوشاں اور معرفت الٰہی کے جویا ہیں)o آپ (میری طرف سے) فرما دیجئے کہ اے میرے بندو جو ایمان لے آئے ہو اپنے رب سے ڈرتے رہو۔ (یاد رکھو کہ) جن لوگوں نے اس دنیا میں نیک کام کئے ان کے لئے (آخرکار) بھلائی ہے اور اللہ کی زمین (ان کے لئے) کشادہ ہے (وہ صبر سے حالات کا مقابلہ کریں یا ہجرت کریں بہر صورت) بلاشبہ صبر کرنے والوں ہی کو ان کے صبر کا پورا (اور) بے شمار اجر ملے گا۔ (اس دنیا میں تھوڑے صبر کا بڑا اجر ہے۔ اللہ خود صبر کرنے والوں کے ساتھ ہوتا ہے)o آپ فرما دیجئے کہ مجھے تو حکم ملا ہے کہ میں خلوص کے ساتھ اللہ کی عبادت محض اس کے لئے کروںo اور یہ بھی حکم ملا ہے کہ سب سے پہلے مسلمان میں ہوںo‘‘

قُلْ يَا عِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللهِ ط إِنَّ اللهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ط إِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ

الرَّحِيْمُ○ (الزمر، ۳۹: ۵۳)

’’آپ فرما دیجئے (میری طرف سے لوگوں سے کہہ دیجئے) اے میرے بندو جنہوں نے (کچھ الٹے سیدھے کام کرکے) اپنے آپ پر زیادتیاں کی ہیں (حد سے گزرے ہیں) اللہ کی رحمت سے نا امید مت ہو۔ بیشک اللہ سب گناہ بخش دے گا بیشک وہ بڑا بخشنے (اور) بڑا رحم فرمانے والا ہےo‘‘

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

وَ سِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ اِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ط حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا وَ فُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَ قَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ○ وَ قَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَ اَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَآءُ ط فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ○ وَ تَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ حَآفِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَ قُضِىَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَ قِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ○ (الزمر، ۳۹: ۷۳۔۷۵)

’’اور جو لوگ اللہ سے ڈرتے رہے وہ جنت کی طرف (ذوق و شوق سے) گروہ در گروہ لے جائے جائیں گے۔ یہاں تک کہ جب وہ اس کے پاس پہنچیں گے اور اس کے دروازے کھول دیئے جائیں گے (تو ان کا خیر مقدم کیا جائے گا) اور اس کے محافظ (فرشتے) کہیں گے تم پر سلام ہو تم پاکیزہ لوگ ہو پس اس میں ہمیشہ رہنے

کے لیے داخل ہو جاؤo اور وہ کہیں گے اللہ کا شکر ہے جس نے ہم سے اپنا وعدہ سچا کیا اور ہم کو اس زمین کا وارث بنایا کہ ہم جنت میں جہاں چاہیں رہیں (جنت میں بھی خاکساری پیشِ نظر رہی ارض کا ذکر کیا) پس (دنیا میں نیک) عمل کرنے والوں کا کیا خوب بدلہ ہےo اور آپ (اس دن) فرشتوں کو دیکھیں گے کہ عرش کے گرد حلقہ باندھے ہوئے اپنے پروردگار کی حمد و ثنا کی ساتھ پاکی بیان کرتے ہوں گے اور (اس دن) لوگوں کے درمیان انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جائے گا اور (ہر طرف سے یہی صدا آئے گی، یہی) کہا جائے گا کہ تمام تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جو سارے جہانوں کا پروردگار ہےo‘‘

۶۔ سورۃ حم السجدۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

إِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلَآئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَ اَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِیْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ○ نَحْنُ أَوْلِيَآؤُكُمْ فِی الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَ فِی الْاٰخِرَةِ ۚ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَشْتَهِیْٓ أَنْفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَدَّعُوْنَ○ نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ○ (حم السجدہ، ۴۱: ۳۰۔۳۲)

’’بیشک جن لوگوں نے اقرار کیا کہ ہمارا پروردگار اللہ ہے پھر (اس پر) قائم رہے ان پر فرشتے اترتے ہیں (جو ان سے کہتے ہیں:) تم مت ڈرو، اور غم نہ کھاؤ اور تم جنت

کی خوشخبری سنو جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھاo اور ہم تمہارے دنیا میں رفیق ہیں اور آخرت میں اور تمہارے لیے وہاں وہ سب موجود ہے جو تمہارا جی چاہے اور تمہارے لیے وہ سب بھی جو تم مانگو موجود ہےo یہ مہمانی ہے بخشنے والے، رحم فرمانے والے (پروردگار) کی طرف سےo"

۷۔ سورۃ الذاریات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِo

اٰخِذِيْنَ مَآ اٰتٰهُمْ رَبُّهُمْ ط اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُحْسِنِيْنَo كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَo وَ بِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَo وَ فِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِo وَ فِي الْاَرْضِ اٰيٰتٌ لِّلْمُوْقِنِيْنَo وَ فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ط اَفَلَا تُبْصِرُوْنَo

(الذاریات، ۵۱:۱۶۔۲۱)

"اپنے پروردگار کی عطاؤں سے سرفراز ہوں گے، بیشک یہ لوگ اس سے قبل نیکوکار تھےo وہ رات کو بہت کم سویا کرتے تھےo اور صبح کے وقتوں میں (اپنے رب سے) بخشش طلب کیا کرتے تھےo اور ان کے مال میں ہر مانگنے والے اور نہ مانگنے والے کا حق ہوتا تھاo اور (یوں تو) یقین رکھنے والوں کے لیے زمین میں (بے شمار) نشانیاں ہیںo اور (اے لوگو!) خود تمہارے نفسوں میں بھی (اللہ کی قدرت کی نشانیاں ہیں) پھر کیا تم غور نہیں کرتےo"

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ○ (الذاریات، ۵۱:۵۸)

’’یقیناً اللہ ہی روزی دینے والا بڑا زور آور (قادر اور) توانا ہے○‘‘

۸۔ سورۃ الحدید

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ○ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يُحْيٖ وَ يُمِيْتُ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ○ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَ الظَّاهِرُ وَ الْبَاطِنُ وَ هُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمٌ○ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ط يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِی الْاَرْضِ وَ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَ مَا يَعْرُجُ فِيْهَا ط وَ هُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ ط وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ○ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط وَ اِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ○ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِی النَّهَارِ وَ يُوْلِجُ النَّهَارَ فِی الَّيْلِ ط وَ هُوَ عَلِيْمٌ م بِذَاتِ الصُّدُوْرِ○ (الحدید، ۵۷:۱۔۶)

’’اللہ ہی کی تسبیح کرتے ہیں جو بھی آسمانوں اور زمین میں ہیں اور وہی زبردست (اور) حکمت والا ہے (یہ بھی اس کی قدرت کاملہ کا نتیجہ ہے کہ اس نے اپنی مخلوق کو

تسبیح و حمد و ثنا کے آداب ان کے حال و مقام کے مطابق سکھا دیئے)o اسی کے لئے آسمانوں اور زمین کی حکومت ہے (سب اسی کے قبضہ قدرت و اختیار میں ہیں) وہی جلاتا اور مارتا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہےo وہ (سب سے) پہلا اور (سب سے) آخر اور (اپنی قدرت کے اعتبار سے) ظاہر اور (اپنی ذات کے اعتبار سے) پوشیدہ ہے اور (اس سے اول و آخر، ظاہر و باطن کی کوئی بات پوشیدہ نہیں) وہ سب کچھ خوب جانتا ہےo وہی تو ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں (بتدریج مختلف منازل میں یا چھ ادوار میں) پیدا کیا پھر اپنے تخت (قدرت و حکمت) پر قیام فرمایا (تمام کائنات کو ایک مقصد کے تحت ایک نظام میں منظّم فرمایا) وہ جانتا ہے جو کچھ زمین میں داخل ہوتا ہے اور جو کچھ اس سے نکلتا ہے اور جو کچھ آسمان سے اترتا ہے اور جو کچھ اس کی طرف چڑھتا ہے (غرض زمین و آسمان کی کوئی شے اس کے اندر ہو یا باہر ہو اوپر ہو یا نیچے ایسی نہیں جو اس کے احاطہ علمی میں نہ ہو) اور (حقیقت تو یہ ہے کہ) وہ تمہارے ساتھ ہے جہاں بھی تم ہو (اس کی معیت، علم و قدرت سے عموماً اور فضل و رحمت سے خصوصاً اپنے بندے کے ساتھ ہے) اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اسے دیکھ رہا ہےo اور آسمانوں اور زمین کی حکومت اسی کی ہے اور اسی کی طرف سب امور رجوع ہوتے ہیں (آخر کار سب کام اسی کی طرف لوٹ جائیں گے اور قیامت کے دن کا فیصلہ وہیں سے ہوگا)o (وہی) رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور جو کچھ سینوں میں (پوشیدہ) ہے وہ اس سے بھی باخبر ہےo‘‘

۹۔ سورۃ الحشر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج عٰلِمُ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ○ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ط سُبْحَانَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ○ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ط يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ○ (سورۃ الحشر، ۵۹:۲۲۔۲۴)

”اللہ وہی تو ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں (وہی) چھپے اور کھلے کا جاننے والا ہے وہ بے حد مہربان نہایت رحم والا ہےo اللہ وہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ (سب کا) بادشاہ ہے پاک ہے (ہر عیب و نقص سے، خود سلامت اور عالم کو) سلامتی دینے والا ہے امن دینے والا، نگہبانی کرنے والا، زبردست (اور شکستہ قلوب کو) جوڑنے والا صاحب عظمت ہے (اس کی ذات، صفات، افعال میں شرکت کا کیا سوال) اللہ لوگوں کے شرک سے پاک ہےo وہی اللہ (تمام مخلوقات کا) پیدا کرنے والا (بے نمونہ کے عالم کو) بنانے والا (ہر مخلوق کو مناسب) صورت عطا کرنے والا ہے، اچھے اچھے نام اسی کے ہیں (اور) جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے سب اسی کی تسبیح کرتے ہیں اور وہی زبردست حکمت والا ہے (یہ کارخانہ خدا کی اسی

قدرت وحکمت کاملہ سے چل رہا ہے اور اس کے حکم اور اذن کے بموجب یہ قافلہ ہستی رواں دواں ہے)o‘‘

۱۰۔ سورۃ البروج

إِنَّهُ هُوَ يُبْدِئُ وَ يُعِيْدُo وَ هُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُo ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُo فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُo (البروج، ۸۵: ۱۳۔۱۶)

’’بیشک وہی پہلی بار پیدا فرماتا ہے اور وہی دوبارہ پیدا فرمائے گاo اور وہ بڑا بخشنے والا بہت محبت فرمانے والا ہے o مالک عرش بڑی شان والا ہےo وہ جو بھی ارادہ فرماتا ہے (اسے) خوب کر دینے والا ہےo‘‘

۱۱۔ سورۃ الیل

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِo

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰىo وَ النَّهَارِ إِذَا تَجَلّٰىo وَ مَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَ الْأُنْثٰىo إِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰىo فَأَمَّا مَنْ أَعْطٰى وَ اتَّقٰىo وَ صَدَّقَ بِالْحُسْنٰىo فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰىo وَ أَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَ اسْتَغْنٰىo وَ كَذَّبَ بِالْحُسْنٰىo فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰىo وَ مَا يُغْنِيْ عَنْهُ مَالُهٗ إِذَا تَرَدّٰىo إِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰىo وَ إِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰىo فَأَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰىo (الیل، ۹۲: ۱۔۲۱)

’’رات کی قسم جب وہ چھا جائے (اور ہر چیز کو اپنی تاریکی میں چھپا لے)o اور دن کی قسم جب وہ چمک اٹھےo اور اس ذات کی (قسم) جس نے (ہر چیز میں) نر اور مادہ کو پیدا فرمایاo بیشک تمہاری کوشش مختلف (اور جداگانہ) ہےo پس جس نے (اپنا مال اللہ کی راہ میں) دیا اور پرہیزگاری اختیار کیo اور اس نے (انفاق وتقویٰ کے ذریعے) اچھائی (یعنی دین حق اور آخرت) کی تصدیق کیo تو ہم عنقریب اسے آسانی (یعنی رضائے الٰہی) کے لئے سہولت فراہم کر دیں گےo اور جس نے بخل کیا اور بے پرواہ رہاo اور اس نے (یوں) اچھائی (یعنی دین حق اور آخرت) کو جھٹلایاo تو ہم عنقریب اسے سختی (یعنی عذاب کی طرف بڑھنے) کے لئے سہولت فراہم کر دیں گےo اور اس کا مال اس کے کسی کام نہیں آئے گا جب وہ ہلاکت (کے گڑھے) میں گرے گاo بیشک راہ (حق) کو دکھانا ہمارے ذمہ ہےo اور بیشک ہم ہی آخرت اور دنیا کے مالک ہیںo سو میں نے تمہیں (دوزخ کی) آگ سے ڈرا دیا ہے جو بھڑک رہی ہےo‘‘

۱۲۔ سورۃ البیّنۃ

وَ مَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ حُنَفَآءَ وَ يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ يُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَ ذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ○

(البینۃ، ۵:۹۸)

’’اور انہیں فقط یہی حکم دیا گیا تھا کہ صرف اسی کے لیے اپنے دین کو خالص کرتے ہوئے اللہ کی عبادت کریں (ہر باطل سے جدا ہو کر) حق کی طرف یکسوئی پیدا کریں اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ دیا کریں اور یہی سیدھا اور مضبوط دین ہےo‘‘

۱۳۔ سورۃ الاخلاص

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ○ لَمْ يَلِدْ ۙ وَ لَمْ يُوْلَدْ○ وَ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ○ (الاخلاص، ۱۔۴)

’’ (اے نبی مکرم) آپ فرما دیجئے وہ اللہ ہےo جو یکتا ہے اللہ سب سے بے نیاز، سب کی پناہ اور سب پر فائق ہےo نہ اس سے کوئی پیدا ہوا ہے اور نہ ہی وہ پیدا کیا گیا ہےo اور نہ ہی اس کا کوئی ہمسر ہےo‘‘

تیسری نسبت

﴿نسبتِ اویسیہ﴾

نسبتِ اویسیہ کے حصول کے وظائف

اس کے حصول اور پختگی کے لئے اولیاءِ کاملین اور مشائخِ صالحین کے ساتھ محبت، ان میں سے کسی کی طرف **غیر معمولی رغبت، روحانی توجہ** اور ان کے **’’روحانی تصور کا مراقبہ‘‘** کرنا نہایت مفید وظیفہ ہے۔ **مثلاً**

۱۔ حضور نبی اکرم ﷺ کی صورتِ مثالیہ یا آپ ﷺ کی قبر انور کا تصور اور مراقبہ

۲۔ امام الاولیاء سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ کی طرف روحانی توجہ اور مراقبہ

۳۔ سیدنا غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کی طرف روحانی توجہ اور مراقبہ۔

مذکورہ بالا تینوں ذواتِ مقدسہ کی ارواح مبارکہ حسبِ ترتیب توجہ اور فیض رسانی میں جمیع ارواح میں سب سے زیادہ قوی الاثر ہیں۔

۴۔ دیگر اکابر اولیاء کرام جو بانیانِ سلاسل اور پیشوایانِ طرق ہیں ان کی طرف روحانی توجہ مثلاً

حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری ﷺ

بطورِ خاص سلسلہ چشتیہ کے مریدین کے لئے

حضرت شہاب الدین عمر سہروردی ﷺ

بطورِ خاص سلسلہ سہروردیہ کے مریدین کے لئے

حضرت خواجہ بہاء الدین شاہِ نقشبند ﷺ

بطورِ خاص سلسلہ نقشبندیہ کے مریدین کے لئے

حضرت شیخ ابو الحسن شاذلی ﷺ

بطورِ خاص سلسلہ شاذلیہ کے مریدین کے لئے

حضرت شیخ سید احمد رفاعی ﷺ

بطورِ خاص سلسلہ رفاعیہ کے مریدین کے لئے

علاوہ ازیں پاک و ہند میں

حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری ﷺ

حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی ﷺ

حضرت بابا فرید الدین گنج شکر ﷺ

حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی ﷺ

ایسے دیگر مشائخ عظام کے مزارات کی زیارت، مراقبہ اور ان کی ارواح کے ساتھ روحانی توجہ بھی نسبتِ اویسیہ کے حصول کے لئے مدد و معاون ہے۔

الغرض اپنے سلسلہ طریقت میں بھی جن مشائخ کاملین سے زیادہ قلبی رغبت اور روحانی محبت ہو ان کی طرف **"توجہ"** کے ذریعے بھی نسبت پیدا کرنا مفید ہو سکتا ہے۔

وظیفہ: اس نسبت کے حصول کے لئے جس بھی روح کی طرف روحانی توجہ مرکوز کی جائے اور اس کا مراقبہ کیا جائے اس دوران **سورۃ القدر** کا ورد کثرت سے کرنا نہایت مفید ہے۔

❁ اس وظیفہ کا عدد ۱۲ مرتبہ یا ۴۰ مرتبہ بوقتِ مراقبہ ہے۔

سورۃ القدر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ○ وَ مَآ اَدْرٰکَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ○ لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ○ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِکَةُ وَ الرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِّنْ کُلِّ اَمْرٍ○ سَلٰمٌ ق هِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ○

(القدر، ۹۷:۱-۵)

"بیشک ہم نے اس (قرآن) کو شبِ قدر میں اتارا ہےo اور آپ کیا سمجھتے ہیں (کہ) شبِ قدر کیا ہے؟o شبِ قدر (فضیلت و برکت اور اجر و ثواب میں) ہزار مہینوں سے بہتر ہےo اس (رات) میں فرشتے اور روح الامین (جبرئیل) اپنے رب کے حکم سے (خیر و برکت کے) ہر امر کے ساتھ اترتے ہیںo یہ (رات) طلوعِ فجر تک (سراسر) سلامتی ہےo"

چوتھی نسبت

﴿نسبتِ یادداشت﴾

نسبتِ یادداشت کے حصول کے وظائف

اس نسبت کے حصول و تحقق کیلئے ''**دوام مراقبہ**'' نہایت مفید ہے جس کا وظیفہ درج ذیل ہے۔

لَا مَطْلُوْبَ اِلَّا اللّٰہُ

لَا مَحْبُوْبَ اِلَّا اللّٰہُ

لَا مَقْصُوْدَ اِلَّا اللّٰہُ

لَا مَوْجُوْدَ اِلَّا اللّٰہُ

ان مراقبات کے ذریعے دل کو ''**مقامِ بے نشانی**'' کی طرف مائل کرنا ہی اس وظیفہ کا مقصد ہے۔

پانچویں نسبت

﴿نسبتِ توحید﴾

نسبتِ توحید کے حصول کے وظائف

اس نسبت کے حصول کیلئے ''**ذکر اللہ اور تفکر فی خلق اللہ**'' خاص وظائف ہیں۔

اس مقصد کے حصول کے لئے کثرت سے دلجمعی اور قلبی شوق و محبت کے ساتھ درج ذیل اسماء اور آیات کا بطورِ وظیفہ پڑھنا مفید ہے:

وظیفۂ ذکر کے لئے اسماء اور آیات

۱۔ یَا اَحَدُ یَا وَاحِدُ

۲۔ یَا صَمَدُ یَا حَقُّ

۳۔ یَا مُحْیِی یَا مُمِیْتُ

۴۔ یَا اوَّلُ یَا آخِرُ

۵۔ یَا اَللّٰہُ یَا خَالِقُ

۶۔ یَا بَارِئُ یَا مُصَوِّرُ

۷۔ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ

۸۔ سورۃ اٰل عمران

إِنَّ اللّٰهَ رَبِّیْ وَ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ط هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ○

(آل عمران، ۳:۵۱)

’’بیشک اللہ میرا رب ہے اور تمہارا بھی (وہی) رب ہے پس اسی کی عبادت کرو، یہی سیدھا راستہ ہے○‘‘

۹۔ سورۃ الأنفال

وَ إِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمُوْٓا أَنَّ اللّٰهَ مَوْلَاكُمْ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَ نِعْمَ

النَّصِيْرُ○ (الانفال، ۸: ۴۰)

’’اور اگر انہوں نے (اطاعتِ حق سے) روگردانی کی، تو جان لو کہ بیشک اللہ ہی تمہارا مولیٰ (یعنی حمایتی) ہے (وہی) بہتر حمایتی اور بہتر مددگار ہےo‘‘

۱۰۔ سورۃ التوبۃ

قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ إِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا هُوَ مَوْلٰنَا وَ عَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ○ (التوبہ، ۹:۵۱)

’’(اے حبیب ﷺ) آپ فرما دیجئے کہ ہمیں ہرگز (کچھ) نہیں پہنچے گا مگر وہی کچھ جو اللہ نے ہمارے لئے لکھ دیا ہے وہی ہمارا کارساز ہے اور اللہ ہی پر ایمان والوں کو بھروسہ کرنا چاہئےo‘‘

۱۱۔ سورۃ یونس

وَ إِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ إِلَّا هُوَ وَ إِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ط يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ط وَ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ○ (یونس، ۱۰:۱۰۷)

’’ اور اگر اللہ تمہیں کوئی تکلیف پہنچائے تو اس کے سوا کوئی اسے دور کرنے والا نہیں اور اگر وہ تمہارے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرمائے تو کوئی اس کے فضل کو رد کرنے والا نہیں وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے اپنا فضل پہنچاتا ہے اور وہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo‘‘

۱۲۔ سورۃ ھود

مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهَا ؕ اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ○ (ھود، ۱۱:۵۶)

’’اور کوئی چلنے والا (جاندار) ایسا نہیں مگر وہ اسے اس کی چوٹی سے پکڑے ہوئے ہے (یعنی مکمل طور پر اس کے قبضہ قدرت میں ہے) بیشک میرا رب (حق و عدل میں) سیدھی راہ پر (چلنے سے ملتا) ہےo‘‘

۱۳۔ سورۃ الأسراء

وَ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِی الْمُلْكِ وَ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَ كَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا○

(بنی اسرائیل، ۱۷:۱۱۱)

’’اور فرمایئے کہ سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے نہ تو (اپنے لئے) کوئی بیٹا بنایا اور نہ ہی (اس کی) سلطنت و فرمانروائی میں کوئی شریک ہے اور نہ کمزوری کے باعث اس کا کوئی مددگار ہے (اے حبیب) آپ اسی کو بزرگ تر جان کر اس کی خوب بڑائی (بیان) کرتے رہیےo‘‘

۱۴۔ سورۃ مریم

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ مَا بَيْنَهُمَا فَاعْبُدْهُ وَ اصْطَبِرْ

لِعِبَادَتِهٖ ط هَلْ تَعْلَمُ لَهٗ سَمِيًّا○ (مریم، ۱۹: ۶۵)

’’ (وہ) آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ اس کے درمیان ہے (سب) کا رب ہے پس اس کی عبادت کیجئے اور اس کی عبادت میں ثابت قدم رہیئے کیا آپ اس کا کوئی ہم نام جانتے ہیں؟ o‘‘

۱۵۔ سورۃ طٰہٰ

إِنَّمَآ إِلٰـهُكُمُ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ إِلٰـهَ إِلَّا هُوَ ط وَسِعَ كُلَّ شَىْءٍ عِلْمًا○ (طٰہٰ، ۲۰: ۹۸)

’’ (لوگو!) تمہارا معبود صرف (وہی) اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ ہر چیز کو (اپنے) علم کے احاطہ میں لئے ہوئے ہے o‘‘

۱۶۔ سورۃ الأنبیاء

لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ إِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا فَسُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ○ (الانبیاء، ۲۱: ۲۲)

’’ اور اگر ان دونوں (زمین و آسمان) میں اللہ کے سوا اور (بھی) معبود ہوتے تو یہ دونوں تباہ ہو جاتے پس اللہ جو عرش کا مالک ہے ان (باتوں) سے پاک ہے جو یہ (مشرک) بیان کرتے ہیں o‘‘

۱۷۔ سورۃ القصص

وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰـهًا اٰخَرَ ۘ لَآ إِلٰـهَ إِلَّا هُوَ كُلُّ شَىْءٍ هَالِكٌ

إِلَّا وَجْهَهُ ط لَهُ الْحُكْمُ وَ إِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ○ (القصص، ۲۸: ۸۸)

’’اور تم اللہ کے ساتھ کسی دوسرے (خود ساختہ) معبود کو نہ پکارو، اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، اس کی ذات کے سوا ہر چیز فانی ہے حکم اسی کا ہے اور تم (سب) اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گےo‘‘

۱۸۔ سورۃ فاطر

يَآ أَيُّهَا النَّاسُ أَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ إِلَى اللهِ وَاللهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ○

(فاطر، ۳۵: ۱۵)

’’اے لوگو (اللہ تمہاری عبادت کا محتاج نہیں) تم ہی اللہ کے محتاج ہو، اور اللہ ہی بے نیاز اور سزاوار حمد (وثنا) ہےo‘‘

۱۹۔ سورۃ الزمر

اَللهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَّ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ○

(الزمر، ۳۹: ۶۲)

’’(جنت و دوزخ، آسمان و زمین، یہ کائنات اللہ کی تخلیق ہے) اللہ ہی ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے اور وہی ہر شے کا نگہبان ہےo‘‘

۲۰۔ سورۃ الجاثیۃ

فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَ رَبِّ الْأَرْضِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ○ وَلَهُ الْكِبْرِيَآءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ

الْحَكِيْمُ○ (الجاثیۃ، ۴۵:۳۶، ۳۷)

’’پس تمام خوبیاں اللہ ہی کے لئے ہیں جو آسمانوں کا رب ہے اور زمین کا رب ہے (اور وہی) سب جہانوں کا پروردگار ہے○ اور اسی کے لئے بڑائی ہے آسمانوں میں اور زمین میں اور وہی زبردست حکمت والا ہے○‘‘

۲۱۔ سورۃ الرحمٰن

كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ○ وَّ يَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ○ (الرحمٰن، ۵۵:۲۶، ۲۷)

’’جو کچھ بھی زمین پر ہے سب فنا ہو جانے والا ہے○ اور صرف آپ کے پروردگار کی ذات باقی رہ جائے گی جو نہایت بزرگی اور عظمت والی ہے○‘‘

۲۲۔ سورۃ الملک

أَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ط وَ هُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ○ (الملک، ۶۷:۱۴)

’’بھلا جس نے پیدا کیا، کیا وہ نہ جانے گا (اس کو تو اپنے بندوں کی ہر بات کی خبر ہے) اور وہ تو بڑا باریک بیں (خوش تدبیر، باطن سے آگاہ اور ظاہر و باطن سے) بڑا باخبر ہے○‘‘

۲۳۔ سورۃ المزمل

وَ اذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَ تَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيْلًا○ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا○ (المزمل، ۷۳:۸، ۹)

’’اور آپ اپنے رب کے نام کا ذکر کرتے رہیے اور سب کو چھوڑ کر (سب سے الگ ہوکر) اسی کے ہو جایئےo (وہی آپ کا رب) مشرق ومغرب کا مالک ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں تو (پھر) اسی کو آپ اپنا کارساز بنائے رکھئےo‘‘

۲۴۔ سورۃ الدھر

وَمَا تَشَآؤُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ط اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًاo

(الدھر، ۷۶: ۳۰)

’’اور (لوگو) تم کچھ بھی نہیں چاہ سکتے بجز اس کے جو خدا ہی کو منظور ہو، بیشک اللہ (سب کچھ) جاننے والا، بڑا حکمت والا ہےo‘‘

وظیفۂ مراقبہ کے لئے آیات

نسبتِ توحید کے حصول کے لئے درج ذیل آیات کی تلاوت اور ان کے معنی ومعارف میں مراقبات نہایت مفید ہیں۔

۲۵۔ سورۃ ال عمران

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِo

اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيَاتٍ لِّاُولِي الْاَلْبَابِo الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيَامًا وَّ قُعُوْدًا وَّ عَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَ يَتَفَكَّرُوْنَ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبَّنَا

مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبْحَانَکَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ○

(ال عمران، ۳: ۱۹۰۔۱۹۱)

’’بیشک آسمانوں اور زمین کی تخلیق میں اور شب و روز کی گردش میں عقل سلیم والوں کے لئے (اللہ کی قدرت کی) نشانیاں ہیں○ یہ وہ لوگ ہیں جو (سراپا نیاز بن کر) کھڑے اور (سراپا ادب بن کر) بیٹھے اور (ہجر میں تڑپتے ہوئے) اپنی کروٹوں پر (بھی) اللہ کو یاد کرتے رہتے ہیں اور آسمانوں اور زمین کی تخلیق (میں کارفرما اس کی عظمت اور حسن کے جلوؤں) میں فکر کرتے رہتے ہیں (پھر اسکی معرفت سے لذت آشنا ہو کر پکار اٹھتے ہیں) اے ہمارے رب! تو نے یہ (سب کچھ) بے حکمت اور بے تدبیر نہیں بنایا تو (سب کوتاہیوں اور مجبوریوں سے) پاک ہے، ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالے○‘‘

۲۶۔ سورۃ حم السجدۃ

سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا فِی الْاٰفَاقِ وَ فِیْٓ اَنْفُسِهِمْ حَتّٰی يَتَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُ الْحَقُّ○ (حم السجدہ، ۴۱: ۵۳)

’’عنقریب ہم انہیں اپنی (قدرت کی) نشانیاں دکھائیں گے (عالم کے) اطراف میں اور ان کے نفسوں میں یہاں تک کہ ان پر ظاہر ہو جائے کہ یقیناً وہی (قرآن) حق ہے۔‘‘

۲۷۔ سورۃ الدھر

هَلْ اَتٰی عَلَی الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْئًا

مَّذْكُوْرًا○ (الدہر، ۷۶:۱)

’’یقیناً انسان پر زمانے میں ایک ایسا وقت بھی آ چکا ہے جس میں وہ قابل ذکر چیز نہ تھا۔‘‘

۲۸۔ سورۃ المرسلات

أَلَمْ نَخْلُقْكُّم مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ○ فَجَعَلْنَاهُ فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ○ إِلٰى قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ○ فَقَدَرْنَا فَنِعْمَ الْقَادِرُوْنَ○ (المرسلات، ۷۷: ۲۰۔۲۳)

’’کیا ہم نے تمہیں ایک بے قدر پانی سے پیدا نہیں فرمایاo پھر ہم نے اسے ایک محفوظ جگہ (رحم مادر) میں رکھاo ایک معلوم و معین انداز سے (مدت) تکo پھر ہم نے (اگلے ہر ہر مرحلے کے لئے) اندازہ فرمایا۔ پس ہم کیا ہی اچھے قادر ہیںo‘‘

۲۹۔ سورۃ الإنفطار

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

يٰٓأَيُّهَا الْإِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ○ الَّذِيْ خَلَقَكَ فَسَوّٰكَ فَعَدَلَكَ○ فِيْ أَيِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ○

(الانفطار، ۸۲: ۶۔۸)

’’اے انسان تجھے اپنے بزرگی والے رب سے کس چیز نے سرکش کر دیاo جس نے تجھے تخلیق کیا پھر تیرا تسویہ کیا (یعنی تجھے بالکل ٹھیک حالت پر لایا) پھر اس نے تیری تعدیل کی (یعنی تجھے جسمانی اعضاء کے تناسب کے ذریعے ہموار کیا)o پھر جس صورت میں چاہا تجھے ترکیب دیاo‘‘

۳۰۔ سورۃ الأعلیٰ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّکَ الْأَعْلَی ○ الَّذِیْ خَلَقَ فَسَوّٰی ○ وَالَّذِیْ قَدَّرَ فَهَدٰی ○ وَالَّذِیْٓ أَخْرَجَ الْمَرْعٰی ○ فَجَعَلَهٗ غُثَآءً أَحْوٰی ○ (الاعلیٰ، ۸۷:۱۔۵)

’’اپنے رب کے نام کی تسبیح کریں جو سب سے بلند ہےo جس نے (کائنات کی ہر چیز کو) پیدا کیا پھر اسے (جملہ تقاضوں کی تکمیل کے ساتھ) درست توازن دیاo اور جس نے (ہر ہر چیز کیلئے) قانون مقرر کیا پھر (اسے اپنے اپنے نظام کے مطابق رہنے اور چلنے کا) راستہ بتایاo اور جس نے (زمین سے) چارہ نکالاo پھر اسے سیاہی مائل خشک کر دیاo‘‘

چھٹی نسبت

نسبتِ عشق

نسبتِ عشق کے حصول کے وظائف

اس نسبت کے حصول کے لئے دلجمعی اور قلبی شوق و محبت کے ساتھ درج ذیل آیات بطور وظیفہ کثرت سے پڑھنا مفید ہے:

ا۔ سورۃ البقرۃ

وَ لِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ فَأَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ط إِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ○ (البقرۃ، ۲: ۱۱۵)

’’اور مشرق و مغرب (سب) اللہ ہی کا ہے، پس تم جدھر بھی رخ کرو ادھر ہی اللہ کی توجہ ہے (یعنی ہر سمت ہی اللہ کی ذات جلوہ گر ہے) بیشک اللہ بڑی وسعت والا سب کچھ جاننے والا ہے○‘‘

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ أَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ط وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا أَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ط وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا إِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ أَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا وَّ أَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ○ (البقرۃ، ۲: ۱۶۵)

’’اور لوگوں میں بعض ایسے بھی ہیں جو اللہ کے غیروں کو اللہ کا شریک ٹھہراتے ہیں اور ان سے ’’اللہ سے محبت‘‘ جیسی محبت کرتے ہیں، اور جو لوگ ایمان والے ہیں وہ (ہر ایک سے بڑھ کر) اللہ سے بہت ہی زیادہ محبت کرتے ہیں، اور اگر یہ ظالم (وہ وقت دنیا ہی میں دیکھ لیتے) کہ جب (اخروی) عذاب ان کی آنکھوں کے سامنے ہوگا (تو جان لیتے) کہ ساری قوتوں کا مالک اللہ ہے (تو کبھی شرک نہ کرتے) اور بیشک اللہ سخت عذاب دینے والا ہے○‘‘

۲۔ سورۃ المائدۃ

وَ إِذَا سَمِعُوْا مَآ أُنْزِلَ إِلَى الرَّسُوْلِ تَرٰٓى أَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِيْنَ ○ (المائدہ، ۵:۸۳)

’’اور (یہی وجہ ہے کہ ان میں سے بعض سچے عیسائی) جب اس (قرآن) کو سنتے ہیں جو رسول کی طرف اتارا گیا ہے تو آپ ان کی آنکھوں کو اشک ریز دیکھتے ہیں (یہ آنسوؤں کا چھلکنا) اس حق کے باعث (ہے) جس کی انہیں معرفت (نصیب) ہوگئی ہے (ساتھ یہ عرض کرتے ہیں:) اے ہمارے رب! ہم (تیرے بھیجے ہوئے حق پر) ایمان لے آئے ہیں سو تو ہمیں (بھی حق کی) گواہی دینے والوں کے ساتھ لکھ لے○‘‘

۳۔ سورۃ الأعراف

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

وَلَمَّا جَآءَ مُوْسٰى لِمِيْقَاتِنَا وَ كَلَّمَهٗ رَبُّهٗ قَالَ رَبِّ أَرِنِيْٓ أَنْظُرْ إِلَيْكَ ط قَالَ لَنْ تَرَانِيْ وَلٰكِنِ انْظُرْ إِلَى الْجَبَلِ فَإِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوْفَ تَرَانِيْ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّ خَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا ج فَلَمَّآ أَفَاقَ قَالَ سُبْحَانَكَ تُبْتُ إِلَيْكَ وَ أَنَا أَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ ○ (الاعراف، ۷: ۱۴۳)

’’اور جب موسیٰ ہمارے (مقرر کردہ) وقت پر حاضر ہوا اور اس کے رب نے اس سے کلام فرمایا تو (کلام ربانی کی لذت پا کر دیدار کا آرزومند ہوا اور) عرض کرنے لگا اے رب! مجھے (اپنا جلوہ) دکھا کہ میں تیرا دیدار کر لوں ارشاد ہوا تم مجھے (براہ راست) ہرگز دیکھ نہ سکو گے مگر پہاڑ کی طرف نگاہ کرو پس اگر وہ اپنی جگہ ٹھہرا رہا تو عنقریب تم میرا جلوہ کر لو گے پھر جب اس کے رب نے پہاڑ پر (اپنے حسن کا) جلوہ فرمایا تو (شدت انوار سے) اسے ریزہ ریزہ کر دیا اور موسیٰ بے ہوش ہو کر گر پڑا پھر جب اسے افاقہ ہوا تو عرض کیا تیری ذات پاک ہے میں تیری بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں اور میں سب سے پہلا ایمان لانے والا ہوں ۔o‘‘

۴۔ سورۃ الأنفال

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ إِذَا ذُكِرَ اللهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَ إِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ إِيْمَانًا وَّ عَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ○

(الانفال، ۸:۲)

’’ایمان والے (تو) صرف وہی لوگ ہیں کہ جب (ان کے سامنے) اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے (تو) ان کے دل (اس کی عظمت و جلال کے تصور سے) خوفزدہ ہو جاتے ہیں اور جب ان پر اسکی آیات تلاوت کی جاتی ہیں تو وہ (کلام محبوب کی لذت انگیز اور حلاوت آفریں باتیں) ان کے ایمان میں زیادتی کر دیتی ہیں اور وہ (ہر حال میں) اپنے رب پر توکل (قائم) رکھتے ہیں (اور کسی غیر کی طرف نہیں تکتے)o‘‘

۵۔ سورۃ بنی اسرائیل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

قُلْ اٰمِنُوْا بِهٖٓ اَوْلَا تُؤْمِنُوْا ط اِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖٓ اِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا○ وَّ يَقُوْلُوْنَ سُبْحَانَ رَبِّنَآ اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا○ وَ يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ يَبْكُوْنَ وَ يَزِيْدُهُمْ خُشُوْعًا○ (بنی اسرائیل، ۱۷: ۱۰۷۔۱۰۹)

’’فرما دیجئے تم اس پر ایمان لاؤ یا ایمان نہ لاؤ بیشک جن لوگوں کو اس سے قبل علم (کتاب) عطا کیا گیا تھا جب یہ (قرآن) انہیں پڑھ کر سنایا جاتا ہے وہ ٹھوڑیوں کے بل سجدہ میں گر پڑتے ہیں○ اور کہتے ہیں ہمارا رب پاک ہے بیشک ہمارے رب کا وعدہ پورا ہو کر ہی رہنا تھا○ اور ٹھوڑیوں کے بل گرتے ہیں، گریہ و زاری کرتے ہیں اور یہ (قرآن) ان کے خشوع و خضوع میں مزید اضافہ کرتا چلا جاتا ہے○‘‘

۶۔ سورۃ الکھف

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَ اتَّبَعَ هَوَاهُ وَ كَانَ

أَمْرُهٗ فُرُطًا ○ (الکہف، ۱۸: ۲۸)

’’(اے میرے بندے) تو اپنے آپ کو ان لوگوں کی سنگت میں جمائے رکھا کر جو صبح و شام اپنے رب کو یاد کرتے ہیں اس کی رضا کے طلبگار رہتے ہیں تیری (محبت اور توجہ کی) نگاہیں ان سے نہ ہٹیں، کیا تو (ان فقیروں سے دھیان ہٹا کر) دنیوی زندگی کی آرائش چاہتا ہے اور تو اس شخص کی اطاعت (بھی) نہ کر جس کے دل کو ہم نے اپنے ذکر سے غافل کر دیا ہے اور وہ اپنی ہوائے نفس کی پیروی کرتا ہے اور اس کا حال حد سے گزر گیا ہےo‘‘

۷۔ سورۃ الحج

فَاِلٰـهُكُمْ اِلٰـهٌ وَّاحِدٌ فَلَهٗٓ اَسْلِمُوْا ط وَ بَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ○ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ عَلٰى مَآ اَصَابَهُمْ وَالْمُقِيْمِى الصَّلٰوةِ وَ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ○ (الحج،۲۲: ۳۴۔ ۳۵)

’’سو تمہارا معبود ایک (ہی) معبود ہے پس تم اسی کے فرمانبردار بن جاؤ اور (اے حبیب) عاجزی کرنیوالوں کو خوشخبری سنادیںo (یہ) وہ لوگ ہیں کہ جب اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے (تو) ان کے دل ڈرنے لگتے ہیں اور جو مصیبتیں انہیں پہنچتی ہیں ان پر صبر کرتے ہیں اور نماز قائم رکھنے والے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں عطا فرمایا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیںo‘‘

www.MinhajBooks.com

۸۔ سورۃ العنکبوت

مَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰهِ فَإِنَّ أَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ط وَ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ○ (العنکبوت، ۵:۲۹)

’’جو شخص اللہ سے ملاقات کی امید رکھتا ہے تو بیشک اللہ کا مقرر کردہ وقت ضرور آنے والا ہے اور وہی سننے والا جاننے والا ہے○‘‘

۹۔ سورۃ السجدۃ

فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ أُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ جَزَآءً م بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ○ (السجدہ، ۱۷:۳۲)

’’پس کوئی نفس نہیں جانتا کہ ان کے لیے کیسی آنکھوں کی ٹھنڈک چھپا کر رکھی گئی ہے (ہم نے کس کے لیے کیا چھپا کر رکھا ہے یہ وہ چیزیں ہیں جن کا وہ تصور ہی نہیں کر سکتے) یہ ان کے (نیک) اعمال کا صلہ ہے○‘‘

۱۰۔ سورۃ ص

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

وَاذْكُرْ عَبْدَنَآ أَيُّوْبَ م إِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ أَنِّيْ مَسَّنِيَ الشَّيْطَانُ بِنُصْبٍ وَّ عَذَابٍ○ اُرْكُضْ بِرِجْلِكَ هٰذَا مُغْتَسَلٌ م بَارِدٌ وَّ شَرَابٌ○ وَ وَهَبْنَا لَهٗٓ اَهْلَهٗ وَ مِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنَّا وَ ذِكْرٰى لِاُولِي

الْأَلْبَابِ○ وَ خُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِّهٖ وَلَا تَحْنَثْ ط إِنَّا وَجَدْنَاهُ صَابِرًا ط نِعْمَ الْعَبْدُ ط إِنَّهٗٓ أَوَّابٌ○ وَاذْكُرْ عِبَادَنَآ إِبْرَاهِيْمَ وَ إِسْحٰقَ وَ يَعْقُوْبَ اُولِي الْاَيْدِيْ وَالْأَبْصَارِ○ إِنَّآ أَخْلَصْنَاهُمْ بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى الدَّارِ ○ وَ إِنَّهُمْ عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْأَخْيَارِ○ وَاذْكُرْ إِسْمَاعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَذَا الْكِفْلِ ط وَ كُلٌّ مِّنَ الْأَخْيَارِ○ هٰذَا ذِكْرٌ ط وَ إِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ مَاٰبٍ○

(ص، ۳۸: ۴۱۔۴۹)

’’اور ہمارے بندے ایوب (کے واقعہ) کا ذکر کیجئے جب انہوں نے اپنے رب کو پکارا کہ (اے میرے رب) مجھ کو شیطان نے ایذا اور تکلیف پہنچائی ہےo (چنانچہ حکم ہوا) زمین پر ٹھوکر مارو (یہ دیکھو ایک چشمہ پھوٹ نکلا) یہ ٹھنڈا پانی نہانے اور پینے کا ہےo اور (ان کی جملہ تکلیفیں بھی دور کر دی گئیں) ہم نے ان کو ان کا کنبہ (جو چھت سے دب کر مر گیا تھا) عطا کیا اور ان کے ساتھ (گنتی میں) ان کے برابر اور بھی (دیئے) اپنے لطف خاص کے سبب اور عقلمندوں کے واسطے یادگار رہنے کے باعثo اور اپنے ہاتھ میں ایک مٹھا سینکوں کا لے لو پھر اس سے (بی بی کو) مارو اور قسم نہ توڑو۔ بیشک ہم نے ان کو (ہر تکلیف اور ہر حال میں) ثابت قدم پایا (اور) وہ بہت خوب بندہ تھا درحقیقت وہ (ہر حال میں ہماری طرف) رجوع رہنے والا تھاo اور ہمارے بندے ابراہیم و اسحٰق اور یعقوب کا ذکر کیجئے جو ہاتھوں اور آنکھوں (یعنی

قوت عملیہ و قوت نظریہ) کے مالک تھے (اللہ کی بندگی بھی کرتے اور صاحب بصیرت بھی تھے)o ہم نے ان (تمام انبیاء) کو بالخصوص (آخرت کے) گھر کی یاد کے لئے چن لیا تھاo اور وہ (سب) ہماری بارگاہ میں منتخب اور نیک لوگوں میں سے تھےo اور (اسی طرح) اسمٰعیل اور الیسع اور ذوالکفل کا ذکر کیجئے اور یہ سبھی نیک لوگوں میں سے تھےo اور یہ (واقعات جن کا بیان کیا گیا ہے بذات خود) نصیحت ہیں اور (اس بات کی شہادت ہیں کہ) بیشک پرہیزگاروں کے لئے بہت اچھا ٹھکانا ہےo"

۱۱۔ سورۃ الزمر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَللّٰهُ نَزَّلَ أَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتَابًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَ قُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ط ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ط وَ مَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ○ (الزمر، ۳۹: ۲۳)

"اللہ نے اتارا بہترین کلام (ایسی) کتاب جس کی سب باتیں آپس میں ایک جیسی ہیں بار بار دہرائی ہوئی اس سے رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں ان لوگوں کے جسموں پر جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں پھر ان کی کھالیں اور ان کے دل نرم ہوجاتے ہیں اللہ کے ذکر کی طرف، یہ اللہ کی ہدایت ہے جسے چاہے اس کے ذریعے رہنمائی فرماتا ہے اور جسے اللہ گمراہ کردے تو اسے کوئی ہدایت دینے والا نہیں o"

۱۲۔ سورۃ ق

نَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ○ (ق، ۵۰:۱۶)

’’ہم تو اس کی رگِ جان سے بھی زیادہ قریب ہیں○‘‘

۱۳۔ سورۃ الحدید

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

أَلَمْ يَأْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا أَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ وَلَا يَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ أُوْتُوا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْأَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوْبُهُمْ ط وَ كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فَاسِقُوْنَ○

(الحدید، ۵۷:۱۶)

’’کیا وہ وقت نہیں آیا ایمان والوں کیلئے کہ ان کے دل جھک جائیں اللہ کی یاد اور اس حق کے لیے جو نازل ہوا اور ان کی طرح نہ ہوں جنہیں (اس سے) پہلے کتاب دی گئی پھر ان پر ایک طویل زمانہ گزر گیا تو ان کے دل (انتہائی) سخت ہو گئے اور ان میں بہت سے لوگ نافرمان ہیں○‘‘

۱۴۔ سورۃ القیامۃ

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ○ إِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ○ (القیامۃ، ۷۵:۲۲۔۲۳)

’’کتنے چہرے اس روز تر و تازہ ہوں گے اپنے پروردگار کے دیدار میں محو ہوں گے○‘‘

۱۵۔ سورۃ عبس

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ○ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ○ (عبس، ۸۰: ۳۸۔۳۹)

''اس دن بہت سے چہرے چمک رہے ہوں گےo (وہ) مسکراتے ہنستے (اور) خوشیاں مناتے ہوں گےo''

۱۶۔ سورۃ الفجر

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

يٰٓاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ○ ارْجِعِيْٓ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ○ فَادْخُلِيْ فِيْ عِبَادِيْ ○ وَادْخُلِيْ جَنَّتِيْ ○

(الفجر، ۸۹: ۲۷۔۳۰)

''اے اطمینان پا جانے والے نفسo تو اپنے رب کی طرف اس حال میں لوٹ آ کہ تو اس کی رضا کا طالب بھی ہو اور اس کی رضا کا مطلوب بھیo پس تو میرے (کامل) بندوں میں شامل ہو جاo اور میری جنت (قربت و دیدار) میں داخل ہو جاo''

۱۷۔ سورۃ الروم

نمازِ فجر کے بعد روزانہ درج ذیل تین آیات کی تین تین مرتبہ تلاوت کریں۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

فَسُبْحَانَ اللهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَ حِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ○ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ عَشِيًّا وَّ حِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ○ يُخْرِجُ

الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَ يُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَ يُحْيِي الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ط وَ كَذٰلِکَ تُخْرَجُوْنَ ○ (الروم، ۳۰: ۱۷۔۱۹)

''پس (اللہ سے کیوں غافل ہو؟) پاک اللہ کو یاد کیا کرو جب (صبح سے) شام کرو اور جب (شام سے) صبح کرو (یا جب صبح ہوجائے اور جب شام ہوجائے)o اور آسمانوں اور زمین میں سب تعریف اسی کی ہے اور تیسرے پہر اور ظہر کے وقت (تم بھی اللہ کی حمد کیا کرو)o وہ (اللہ ہی ہے جو) زندہ کو مردے سے نکالتا ہے اور (وہی) مردہ کو زندہ سے نکالتا ہے اور (خشک) زمین کو اس کے مردہ ہونے کے بعد زندہ (سرسبز و شاداب) کرتا ہے اور اسی طرح (ایک دن اپنی اپنی جگہوں سے) تم نکالے جاؤ گے (یہ اللہ کا وعدہ ہے جو ہو کر رہے گا)o''

۱۸۔ سورۃ النبا

بعد نمازِ عصر ''سورہ نباء'' کی تلاوت پانچ (۵) مرتبہ روزانہ کریں۔ اس سے نسبتِ عشق نصیب ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ ○ عَنِ النَّبَإِ الْعَظِيْمِ ○ الَّذِیْ هُمْ فِيْهِ مُخْتَلِفُوْنَ ○ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ○ ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ○ أَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِهَادًا ○ وَّالْجِبَالَ أَوْتَادًا ○ وَّ خَلَقْنَاكُمْ أَزْوَاجًا ○ وَّ جَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ○ وَّ جَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا ○ وَّ

جَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا○ وَّ بَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا○ وَّ جَعَلْنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا○ وَّ أَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرَاتِ مَآءً ثَجَّاجًا○ لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّ نَبَاتًا○ وَّ جَنَّاتٍ أَلْفَافًا○ إِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا ○ يَّوْمَ يُنفَخُ فِى الصُّوْرِ فَتَأْتُوْنَ أَفْوَاجًا ○ وَّ فُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ أَبْوَابًا○ وَّ سُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا○ إِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا○ لِّلطَّاغِيْنَ مَابًا○ لَّابِثِيْنَ فِيهَآ أَحْقَابًا○ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا○ إِلَّا حَمِيْمًا وَّ غَسَّاقًا○ جَزَآءً وِّفَاقًا○ إِنَّهُمْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ حِسَابًا○ وَّ كَذَّبُوْا بِاٰيَاتِنَا كِذَّابًا○ وَ كُلَّ شَىْءٍ أَحْصَيْنَاهُ كِتَابًا○ فَذُوْقُوْا فَلَنْ نَّزِيْدَكُمْ إِلَّا عَذَابًا ○ إِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازًا ○ حَدَآئِقَ وَ أَعْنَابًا○ وَّ كَوَاعِبَ أَتْرَابًا○ وَّ كَأْسًا دِهَاقًا○ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا كِذَّابًا○ جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ عَطَآءً حِسَابًا○ رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا○ يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلَآئِكَةُ صَفًّا لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ إِلَّا مَنْ أَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَ قَالَ صَوَابًا○ ذٰلِكَ

الْيَوْمُ الْحَقُّ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا○ إِنَّآ أَنْذَرْنَاكُمْ عَذَابًا قَرِيْبًا يَّوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدَاهُ وَ يَقُوْلُ الْكَافِرُ يَالَيْتَنِىْ كُنْتُ تُرَابًا○ (النباء، ۷۸:۱۔۴۰)

’’یہ لوگ آپس میں کس چیز سے متعلق سوال کرتے ہیں؟o (کیا) اس عظیم خبر سے متعلق (پوچھ گچھ کر رہے ہیں) o جس کے بارے میں وہ اختلاف کرتے ہیںo ہرگز (وہ خبر لائق انکار) نہیں وہ عنقریب (اس حقیقت کو) جان جائیں گےo (ہم) پھر (کہتے ہیں اختلاف وانکار) ہرگز (درست) نہیں وہ عنقریب جان جائیں گےo کیا ہم نے زمین کو (زندگی کے) قیام اور کسب وعمل کی جگہ نہیں بنایا oاور (کیا) پہاڑوں کو (اس میں) ابھار کر کھڑا (نہیں) کیاoاور (غور کرو) ہم نے تمہیں جوڑا جوڑا پیدا فرمایا (ہے)o اور ہم نے تمہاری نیند کو (جسمانی) راحت (کا سبب) بنایا (ہے)o اور ہم نے رات کو (اس کی تاریکی کے باعث) پردہ پوش بنایا (ہے)o اور ہم نے دن کو (کسب) معاش (کا وقت) بنایا (ہے)o اور ہم نے تمہارے اوپر سات مضبوط (طبقات) بنائے oاور ہم نے (سورج کو) روشنی اور حرارت کا (زبردست) منبع بنایاo اور ہم نے بھرے بادلوں سے موسلا دھار پانی برسایاo تاکہ ہم اس (بارش) کے ذریعے (زمین سے) اناج اور سبزہ نکالیںo اور گھنے گھنے باغات (اگائیں)o بیشک فیصلہ کا دن (قیامت بھی) ایک مقررہ وقت ہےo جس دن صور پھونکا جائے گا تو تم گروہ در گروہ (اللہ کے حضور) چلے آؤ گےo اور آسمان (کے طبقات) پھاڑ دیئے جائیں گے تو (پھٹنے کے باعث) (گویا) وہ دروازے ہی

دروازے ہو جائیں گےo اور پہاڑ (غبار بنا کر فضا میں) اڑا دیئے جائیں گے سو وہ سراب کی طرح (کالعدم) ہو جائیں گےo بیشک دوزخ ایک گھات ہےo (وہ) سرکشوں کا ٹھکانا ہےo (وہ) ختم نہ ہونے والی پے در پے مدتیں اسی میں پڑے رہیں گےo نہ وہ اس میں (کسی قسم کی) ٹھنڈک کا مزہ چکھیں گے اور نہ کسی پینے کی چیز کاo سوائے کھولتے ہوئے گرم پانی اور (دوزخیوں کے زخموں سے) بہتے ہوئے پیپ کےo (یہی ان کی سرکشی کے) موافق بدلہ ہےo اس لئے کہ وہ قطعاً حساب (آخرت) کا خوف نہیں رکھتے تھےo اور وہ ہماری آیتوں کو خوب جھٹلایا کرتے تھےo اور ہم نے ہر (چھوٹی بڑی) چیز کو لکھ کر محفوظ کر رکھا ہےo (اے منکرو!) اب تم (اپنے کئے کا) مزہ چکھو اب ہم تم پر عذاب ہی کو بڑھاتے جائیں گےo بے شک پرہیزگاروں کے لئے کامیابی ہےo (ان کے لئے) باغات اور انگور (ہوں گے)o اور جواں سال ہم عمر دوشیزائیں (ہوں گی)o اور (شراب طہور کے) چھلکتے ہوئے جام (ہوں گے)o وہاں یہ (لوگ) نہ کوئی بے ہودہ بات سنیں گے اور نہ (ایک دوسرے کو) جھٹلانا (ہوگا)o یہ آپ کے رب کی طرف سے صلہ ہے جو (اعمال کے حساب سے) کافی (بڑی) عطا ہےo (وہ) آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے (سب) کا پروردگار ہے بڑی ہی رحمت والا ہے اس سے بات کرنے کا (مخلوقات میں سے) کسی کو (بھی) یارا نہ ہوگاo جس دن جبریل (روح الامین) اور (تمام) فرشتے صف بستہ کھڑے ہونگے کوئی لب کشائی نہ کرے گا سوائے اس شخص کے جسے خدائے رحمان نے اذن (شفاعت) دے رکھا تھا اور اس نے (زندگی میں تعلیمات اسلام کے مطابق) بات بھی درست کہی تھیo یہ روزِ

حق ہے پس جو شخص چاہے اپنے رب کے حضور (رحمت و قربت کا) ٹھکانا بنا لےo بلا شبہ ہم نے تمہیں عنقریب آنے والے عذاب سے ڈرا دیا ہے اس دن ہر آدمی ان (اعمال) کو جو اس نے آگے بھیجے، دیکھ لے گا اور (ہر) کافر کہے گا اے کاش میں مٹی ہوتا (اور اس عذاب سے بچ جاتا)o"

ساتویں نسبت

﴿نسبتِ وجد﴾

نسبت وجد کے حصول کے وظائف

اس نسبت کے حصول کیلئے درج ذیل وظائف و معمولات مفید ہیں۔

۱۔ درد و سوز اور مؤثر لحن کے ساتھ بکثرت تلاوت قرآن کرنا، سننا اور اس سے ذوق پیدا کرنا۔

۲۔ محافل میلاد اور مجالس نعت میں نعتیہ اور عارفانہ کلام کا سننا اور اس سے ذوقی کیفیت حاصل کرنا۔

۳۔ آداب کے ساتھ محفل سماع میں شرکت کرنا۔ اور اس سے وجدانی کیفیت حاصل کرنا۔

۴۔ رقت آمیز احادیث، انبیاء، اولیاء اور صالحین کی ایسی حکایات اور تذکروں کا پڑھنا جو دل پر اثر انداز ہوں اور روحانی کیفیت پیدا کریں۔

۵۔ کتب تصوف سے احوال صوفیاء کے جذب انگیز مضامین کا مطالعہ کرنا۔

۶۔ سمندروں، دریاؤں، جھیلوں، پہاڑوں، سرسبز وادیوں اور چشموں وغیرہ کو دیکھنا اور ان خوبصورت مناظر، فطرت کے نظاروں سے قلب و روح میں تازگی، روحانی جوش اور وجد انگیز کیفیات کا پیدا کرنا۔

اس سلسلے میں بطورِ خاص

۷۔ قرآن مجید میں بخشش و رحمت اور انعاماتِ اخروی کے پراثر اور پرکیف مقامات کی تلاوت کرنا نہایت مفید ہے۔

۸۔ جنت و دوزخ کے اثر آفریں مقامات کی تلاوت کرنا اور ان کے معانی و مطالب کی تاثیرات، تصورات اور کیفیات میں کھوجانا۔ اس نسبت کے حصول کے لئے درج ذیل آیات بطور وظیفہ کثرت سے دلجمعی اور قلبی شوق ومحبت کے ساتھ پڑھنا مفید ہے۔

چند آیات درج ذیل ہیں:

۱۔ سورۃ الصافات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

وَمَا تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ○ إِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ○ اُولٰئِکَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ○ فَوَاكِهُ وَ هُمْ مُّكْرَمُوْنَ○ فِيْ جَنَّاتِ النَّعِيْمِ○ عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقَابِلِيْنَ○ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِكَأْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ○ بَيْضَآءَ لَذَّةٍ لِّلشَّارِبِيْنَ○ لَا فِيْهَا

غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ○ وَ عِنْدَهُمْ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ عِيْنٌ○ كَأَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ○ (الصافات، ۳۷:۳۹۔۴۹)

’’اور تم کو بدلہ ویسا ہی ملے گا جیسا کہ تم (دنیا میں) عمل کیا کرتے تھےo مگر جو اللہ کے مخلص بندے ہیں (ان پر اللہ کے انعامات اور نوازشیں ہوں گی)o یہ وہ لوگ ہیں جن کے واسطے (اللہ کے یہاں) روزی مقرر ہےo (ان کے لئے) میوے ہوں گے اور ان کی عزت (کے ساتھ مہمان نوازی) ہوگیo (وہ) نعمت کے باغوں میں (مقیم ہوں گے)o تختوں پر آمنے سامنے (جلوہ افروز ہوں گے)o شراب لطیف کا جام ان کے درمیان گردش میں ہوگاo (یہ) سفید (پرکیف شراب) پینے والوں کے لئے (عجیب) لذت بخشنے والی (ہوگی)o نہ اس کو پی کر سر چکرائے گا اور نہ اس کو پی کر لوگ بہکیں گےo اور ان کے پاس عورتیں ہوں گی نیچی نگاہ والی (اور) بڑی آنکھوں والیo (خوش رنگ) گویا وہ محفوظ انڈوں کی سی ہیں (جن کو اللہ نے خوش رنگ اور دلکش بنایا ہے اور جن کی دل کشی کا محافظ رہا ہے)o‘‘

۲۔ سورۃ ص

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

هٰذَا ذِكْرٌ ط وَ إِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ مَاٰبٍ ○ جَنَّاتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْأَبْوَابُ ○ مُتَّكِئِيْنَ فِيْهَا يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ وَّ شَرَابٍ ○ وَ عِنْدَهُمْ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ أَتْرَابٌ ○ هٰذَا مَا

تُوْعَدُوْنَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ ○ إِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهُ مِنْ نَّفَادٍ ○ هٰذَا وَ إِنَّ لِلطَّاغِيْنَ لَشَرَّ مَاٰبٍ ○ جَهَنَّمَ يَصْلَوْنَهَا فَبِئْسَ الْمِهَادُ ○ هٰذَا فَلْيَذُوْقُوْهُ حَمِيْمٌ وَّ غَسَّاقٌ ○ وَّ اٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖٓ أَزْوَاجٌ ○ (ص، ۳۸:۴۹۔۵۸)

’’اور یہ (واقعات جن کا بیان کیا گیا ہے بذاتِ خود) نصیحت ہیں اور (اس بات کی شہادت ہیں کہ) بیشک پرہیزگاروں کے لئے بہت اچھا ٹھکانہ ہےo (ان کے لئے) ہمیشہ رہنے کے باغات ہیں جن کے دروازے ان کے لئے کھلے ہوں گےo وہ وہاں (اپنی مسندوں پر) تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے اور طرح طرح کے میوے اور مشروبات کا حکم کرتے ہوں گےo اور ان کے پاس نیچی نگاہوں والی (باحیا) کمسن (حوریں) ہوں گیo (اور تم دیکھ لو گے کہ) یہ وہی (نعمت) ہے جس کا تم سے روزِ حساب آنے پر وعدہ کیا گیا تھاo یہ ہمارا دیا ہوا رزق ہے جو (کبھی) ختم ہونے والا نہیںo یہ (تو ہوا متقیوں کا حال) اور بلاشبہ سرکشوں کے لئے برا ٹھکانہ ہےo (یعنی) دوزخ جس میں وہ ڈالے جائیں گے وہ تو بہت ہی بری جگہ ہےo (ان سے کہا جائے گا) یہ ہے (وہ) کھولتا ہوا پانی اور پیپ (جو تمہارے اعمال کا بدلہ ہے) اس کا مزہ چکھوo اور (اسی پر کیا منحصر ہے) دوسری بھی اسی قسم کی طرح طرح کی چیزیں (ان کے لئے دوزخ میں موجود ہوں گی)o‘‘

۳۔ سورۃ الطور

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

إِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنَّاتٍ وَّ نَعِيْمٍ○ فَاكِهِيْنَ بِمَآ اٰتَاهُمْ رَبُّهُمْ وَوَقَاهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ○ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓئًام بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ○ مُتَّكِئِيْنَ عَلٰى سُرُرٍ مَّصْفُوْفَةٍ وَّ زَوَّجْنَاهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ○ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ أَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَآ أَلَتْنَاهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ ط كُلُّ امْرِئٍم بِمَا كَسَبَ رَهِيْنٌ ○ وَ أَمْدَدْنَاهُمْ بِفَاكِهَةٍ وَّلَحْمٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ○ يَتَنَازَعُوْنَ فِيْهَا كَأْسًا لَّا لَغْوٌ فِيْهَا وَلَا تَأْثِيْمٌ○ وَ يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ كَأَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُوْنٌ○ وَ أَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ○ قَالُوْٓا إِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِيْٓ أَهْلِنَا مُشْفِقِيْنَ ○ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَ وَقَانَا عَذَابَ السَّمُوْمِ ○ إِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلُ نَدْعُوْهُ ط إِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيْمُ○ (الطّور، ۵۲: ۱۷۔۲۸)

’’بیشک اللہ سے ڈرنے والے جنتوں اور نعمتوں میں (شاداں) ہوں گےo ان کے پروردگار نے جو انہیں عطا فرمایا اس سے خوش ہوں گے اور (ان کے لیے سب سے زیادہ باعثِ مسرت یہ بات ہوگی کہ) ان کے رب نے ان کو جہنم کے عذاب سے

بچا لیاo (ان سے کہا جائے گا اب جو تمہارا دل چاہے) بڑے مزے سے کھاؤ پیو یہ بدلہ ہے تمہارے ان کاموں کا جو تم کیا کرتے تھےo (اور اہل جنت، جنت میں نہایت عزت و شان کے ساتھ) قطار سے بچھے ہوئے تختوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے اور بڑی (دلکش) آنکھوں والی حوروں کو ہم ان کی بیویاں بنائیں گےo اور وہ لوگ جو ایمان لائے اور ان کی اولاد نے ایمان کے ساتھ ان کی اتباع کی ہم جنت میں ان کی اولاد کو ان سے ملا دیں گے اور ہم ان کے اعمال (کی جزا) میں کچھ کمی نہ کریں گے (لیکن جہاں تک کافر اولاد کا تعلق ہے) ہر شخص اپنے اعمال کی پاداش میں گرفتار ہوگاo اور (جنت میں مہمان نوازیوں کا یہ عالم ہوگا کہ) ہم اہل جنت کو دم بدم میوے گوشت اور جو وہ چاہیں گے دیتے رہیں گےo (شرابِ طہور کے) جام (لطف و محبت کے ساتھ) ایک دوسرے سے بڑھ کر لیتے ہوں گے (وہ پاکیزہ جام) جس میں نہ بکواس ہوگی اور نہ فتورِ عقلo اور ان کے اردگرد خدمت گار لڑکے ہوں گے (جن کی صفائی اور پاکیزگی کا یہ حال ہوگا) گویا وہ موتی ہیں جو غلاف کے اندر رکھے ہیںo (اس خوشگوار اور پرلطف فضا میں اہل جنت ایک دوسرے سے ہم کلام ہوں گے۔) اور ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہوکر پوچھیں گےo کہیں گے اس سے قبل ہم (بھی) اپنے گھر (یعنی دنیا) میں ڈرے (اور سہمے) رہتے تھے (کہ نہ معلوم مرنے کے بعد کیا ہو)o دراصل اللہ نے ہم پر بڑا احسان فرمایا اور ہم کو دوزخ کے عذاب سے بچا لیا (اس کی بھاپ تک نہ لگی)o بیشک ہم اس سے قبل (دنیا میں) اس (اللہ) سے دعائیں مانگا کرتے تھے (اس نے کرم فرمایا کہ ہماری التجا سن لی) بیشک

وہ بڑا احسان کرنے والا مہربان ہے (کہ اس لطف و کرم سے ہمیں رکھا ہے)o‘‘

۴۔ سورۃ الرحمٰن

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتَانِ○ فَبِأَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ○ ذَوَاتَآ أَفْنَانٍ○ فَبِأَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ○ فِيْهِمَا عَيْنَانِ تَجْرِيَانِ ○ فَبِأَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ○ فِيْهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجَانِ○ فَبِأَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ○ مُتَّكِئِيْنَ عَلٰى فُرُشٍ م بَطَآئِنُهَا مِنْ إِسْتَبْرَقٍ ط وَجَنَا الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ○ فَبِأَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ○ فِيْهِنَّ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ○ فَبِأَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ○ كَأَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ ○ فَبِأَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ○ هَلْ جَزَآءُ الْإِحْسَانِ إِلَّا الْإِحْسَانُ○ فَبِأَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ○ وَمِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتَانِ ○ فَبِأَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ○ مُدْهَآمَّتَانِ ○ فَبِأَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ○ فِيْهِمَا عَيْنَانِ

نَضَّاخَتَانِ○ فَبِأَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ○ فِيْهِمَا فَاكِهَةٌ وَّ نَخْلٌ وَّ رُمَّانٌ○ فَبِأَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ○ فِيْهِنَّ خَيْرَاتٌ حِسَانٌ○ فَبِأَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ○ حُوْرٌ مَّقْصُوْرَاتٌ فِي الْخِيَامِ○ فَبِأَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ○ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ○ فَبِأَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ○ مُتَّكِئِيْنَ عَلٰى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّ عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ○ فَبِأَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ○ تَبَارَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ○

(الرحمٰن، ۵۵: ۴۶۔۷۸)

’’اور جو شخص اپنے رب کے حضور (پیشی کے لئے) کھڑا ہونے سے ڈرتا ہے اُس کے لئے دو جنتیں ہیں○ پس تم دونوں اپنے رب کی کِن کِن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے○ جو دونوں (سرسبز و شاداب) گھنی شاخوں والی (جنتیں) ہیں○ پس تم دونوں اپنے رب کی کِن کِن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے○ ان دونوں میں دو چشمے بہہ رہے ہیں○ پس تم دونوں اپنے رب کی کِن کِن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے○ ان دونوں میں ہر پھل (اور میوے) کی دو دو قسمیں ہیں○ پس تم دونوں اپنے رب کی کِن کِن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے○ اہلِ جنت ایسے بستروں پر تکیئے لگائے بیٹھے ہوں گے جن کے استر نفیس اور دبیز ریشم (یعنی اطلس) کے ہوں گے، اور دونوں جنتوں کے پھل (اُن کے) قریب

جھک رہے ہوں گے ○ پس تم دونوں اپنے رب کی کِن کِن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ○ اور اُن میں نیچی نگاہ رکھنے والی (حوریں) ہوں گی جنہیں پہلے نہ کسی انسان نے ہاتھ لگایا اور نہ کسی جِن نے ○ پس تم دونوں اپنے رب کی کِن کِن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ○ گویا وہ (حوریں) یاقوت اور مرجان ہیں ○ پس تم دونوں اپنے رب کی کِن کِن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ○ نیکی کا بدلہ نیکی کے سوا کچھ نہیں ہے ○ پس تم دونوں اپنے رب کی کِن کِن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ○ اور (اُن کے لئے) اِن دو کے سوا دو اور بہشتیں بھی ہیں ○ پس تم دونوں اپنے رب کی کِن کِن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ○ وہ دونوں گہری سبز رنگت میں سیاہی مائل لگتی ہیں ○ پس تم دونوں اپنے رب کی کِن کِن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ○ اُن دونوں میں (بھی) دو چشمے ہیں جو خوب چھلک رہے ہوں گے ○ پس تم دونوں اپنے رب کی کِن کِن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ○ ان دونوں میں (بھی) پھل اور کھجوریں اور انار ہیں ○ پس تم دونوں اپنے رب کی کِن کِن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ○ ان میں (بھی) خوب سیرت و خوب صورت (حوریں) ہیں ○ پس تم دونوں اپنے رب کی کِن کِن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ○ ایسی حوریں جو خیموں میں پردہ نشین ہیں ○ پس تم دونوں اپنے رب کی کِن کِن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ○ انہیں پہلے نہ کسی انسان ہی نے ہاتھ سے چُھوا ہے اور نہ کسی جِن نے ○ پس تم دونوں اپنے رب کی کِن کِن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ○ (اہلِ جنت) سبز قالینوں پر اور نادر و نفیس بچھونوں پر تکیئے لگائے (بیٹھے) ہوں گے ○ پس تم دونوں اپنے رب کی کِن کِن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ○ آپ کے رب کا نام بڑی برکت والا ہے، جو صاحبِ عظمت و جلال اور صاحبِ

اِنعام و اِکرام ہے○‘‘

۵۔ سورۃ الواقعۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

إِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ○ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ○ خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ○ إِذَا رُجَّتِ الْأَرْضُ رَجًّا○ وَّ بُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا○ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْبَثًّا○ وَّ كُنْتُمْ أَزْوَاجًا ثَلٰثَةً○ فَأَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ مَآ أَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ○ وَ أَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ مَآ أَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ ○ وَالسَّابِقُوْنَ السَّابِقُوْنَ ○ اُولٰئِکَ الْمُقَرَّبُوْنَ○ فِیْ جَنَّاتِ النَّعِيْمِ○ ثُلَّةٌ مِّنَ الْأَوَّلِيْنَ○ وَ قَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ○ عَلٰى سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ ○ مُّتَّكِئِيْنَ عَلَيْهَا مُتَقَابِلِيْنَ○ يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ○ بِأَكْوَابٍ وَّ أَبَارِيْقَ وَ كَأْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ○ لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ○ وَ فَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُوْنَ○ وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ○ وَ حُوْرٌ عِيْنٌ○ كَأَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُوْنِ○ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا تَاْثِيْمًا ○ إِلَّا قِيْلًا

سَلَامًا سَلَامًا○ وَ أَصْحَابُ الْيَمِيْنِ مَآ أَصْحَابُ الْيَمِيْنِ○
فِيْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ○ وَّطَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ○ وَّ ظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ○
وَّمَآءٍ مَّسْكُوْبٍ ○ وَّ فَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ ○ لَّا مَقْطُوْعَةٍ وَّلَا
مَمْنُوْعَةٍ ○ وَّ فُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ ○ إِنَّآ أَنْشَأْنَاهُنَّ إِنْشَآءً ○
فَجَعَلْنَاهُنَّ أَبْكَارًا○ عُرُبًا أَتْرَابًا ○ لِّأَصْحَابِ الْيَمِيْنِ○ ثُلَّةٌ
مِّنَ الْأَوَّلِيْنَ○ وَ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ○ وَ أَصْحَابُ الشِّمَالِ مَآ
أَصْحَابُ الشِّمَالِ ○ فِيْ سَمُوْمٍ وَّ حَمِيْمٍ ○ وَّ ظِلٍّ مِّنْ
يَّحْمُوْمٍ ○ لَّا بَارِدٍ وَّلَا كَرِيْمٍ ○ إِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ
مُتْرَفِيْنَ○ وَ كَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيْمِ○ وَ كَانُوْا
يَقُوْلُوْنَ أَئِذَا مِتْنَا وَ كُنَّا تُرَابًا وَّ عِظَامًا أَئِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ○ أَوَ
اٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ○ قُلْ إِنَّ الْأَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ○ لَمَجْمُوْعُوْنَ
اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ○ ثُمَّ إِنَّكُمْ أَيُّهَا الضَّآلُّوْنَ
الْمُكَذِّبُوْنَ○ لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ○ فَمَالِؤُوْنَ مِنْهَا
الْبُطُوْنَ○ فَشَارِبُوْنَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيْمِ○ فَشَارِبُوْنَ شُرْبَ
الْهِيْمِ ○ هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّيْنِ ○ نَحْنُ خَلَقْنَاكُمْ فَلَوْلَا
تُصَدِّقُوْنَ○ أَفَرَأَيْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ○ أَأَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗ أَمْ نَحْنُ

الْخَالِقُوْنَ ○ نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ○ عَلٰٓى أَنْ نُّبَدِّلَ أَمْثَالَكُمْ وَ نُنْشِئَكُمْ فِىْ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ○ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْأَةَ الْأُوْلٰى فَلَوْلَا تَذَكَّرُوْنَ○ أَفَرَأَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ○ أَأَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗٓ أَمْ نَحْنُ الزَّارِعُوْنَ○ لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنَاهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ○ إِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ○ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ○ أَفَرَأَيْتُمُ الْمَآءَ الَّذِىْ تَشْرَبُوْنَ○ أَأَنْتُمْ أَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ أَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ○ لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنَاهُ أُجَاجًا فَلَوْلَا تَشْكُرُوْنَ ○ أَفَرَأَيْتُمُ النَّارَ الَّتِىْ تُوْرُوْنَ○ أَ أَنْتُمْ أَنْشَأْتُمْ شَجَرَتَهَآ أَمْ نَحْنُ الْمُنْشِؤُوْنَ○ نَحْنُ جَعَلْنَاهَا تَذْكِرَةً وَّ مَتَاعًا لِّلْمُقْوِيْنَ ○ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ○ فَلَآ أُقْسِمُ بِمَوَاقِعِ النُّجُوْمِ○ وَ اِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ○ اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ○ فِىْ كِتَابٍ مَّكْنُوْنٍ○ لَّا يَمَسُّهٗٓ إِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ○ تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعَالَمِيْنَ ○ أَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ أَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ○ وَ تَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ أَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ○ فَلَوْلَآ إِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ○ وَ أَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ○ وَ نَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ○

فَلَوْ لَآ إِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ○ تَرْجِعُوْنَهَآ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِيْنَ○ فَأَمَّآ إِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ○ فَرَوْحٌ وَّ رَيْحَانٌ وَّ جَنَّةُ نَعِيْمٍ○ وَ أَمَّآ إِنْ كَانَ مِنْ أَصْحَابِ الْيَمِيْنِ○ فَسَلَامٌ لَّکَ مِنْ أَصْحَابِ الْيَمِيْنِ○ وَ أَمَّآ إِنْ كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ الضَّآلِّيْنَ○ فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيْمٍ ○ وَّ تَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ○ إِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ○ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّکَ الْعَظِيْمِ○

(الواقعۃ، ۵۶: ۱۔۹۶)

’’(یاد رکھو کہ) جب قیامت واقع ہو جائے گیo (کہ) اس کے واقع ہونے میں کچھ بھی جھوٹ نہیں (تم اس کو آنکھوں سے دیکھ لو گے۔ شک و شبہ کی گنجائش نہ رہے گی)o (کسی کو) پست کرنے والی (اور کسی کو) بلند کرنے والی ہوگی (خود پرستوں کو پست کر دے گی خدا پرستوں کو بلند کر دے گی)o جب زمین کپکپا کر لرزنے لگے گی (یعنی زمین جلال الٰہی سے لرز رہی ہو گی)o اور پہاڑ ٹوٹ پھوٹ کر ریزہ ریزہ ہو جائیں گےo پھر غبار ہو کر اڑنے لگیں گےo اور تم لوگ (اس روز) تین قسموں میں بٹ جاؤ گےo یعنی (ایک) داہنے ہاتھ والے کیا کہنا ان داہنے ہاتھ والوں کا (یہ عرشِ عظیم کے داہنے جانب ہوں گے)o اور (دوسرے) بائیں ہاتھ والے (جو عرش عظیم کے بائیں جانب، بائیں ہاتھ میں اپنا نامہ اعمال لئے کھڑے ہوں گے) کیا برا حال ہو گا (ان) بائیں ہاتھ والوں کاo اور (تیسرے) سبقت لے جانے والے (یعنی جو ہر عمل صالح میں سبقت لے گئے۔ ہجرت کے لئے پہلے تیار ہوئے، جہاد

کے لئے پہلے نکل کھڑے ہوئے، اسلام قبول کرنے والوں کی صف اوّل میں رہے۔ ہر کار خیر میں آگے ہی بڑھتے رہے تو قیامت کے دن بھی وہ انعامات الٰہی میں بھی) سبقت ہی لے جانے والے ہوں گے (جنت میں بھی پہلے ہی داخل ہوں گے)o یہی مقرب بارگاہ ہیں (ان کو اللہ کا قرب حاصل ہو گا وہ سرکار دو عالم کے نزدیک ہوں گے)o (وہ) نعمتوں سے معمور جنتوں میں (ہوں گے)o ایک بڑا گروہ اگلوں میں سےo اور کچھ پچھلوں میں سے (ان جنتوں میں ہوں گے)o (یہ مقربین) سونے کے مرصع تختوں پرo ایک دوسرے کے آمنے سامنے تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گےo نوجوان خدمت گار جو ہمیشہ ایک حالت پر رہیں گے ان کے درمیان لئے پھرتے ہوں گےo آبخورے اور آفتابے اور پاکیزہ شراب کے پیالےo جس سے نہ دردِ سر ہو گا اور نہ عقل ہی میں فتور آئے گا (کہ انسان ان کو پی کر فضول بکواس کرنے لگے، یہ تو لذت و سرور کے جام ہوں گے)o اور میوے جو وہ پسند کریںo اور پرندوں کا گوشت جس کی وہ خواہش کریںo اور حوریں کشادہ آنکھوں والیo جیسے (محفوظ) پوشیدہ رکھے ہوئے موتیo یہ اجر ہو گا ان کے (نیک) اعمال کاo اس (جنت) میں نہ وہ فضول بکواس سنیں گے اور نہ وہ گناہ کی باتیں (جو ان کے دل آزاری کا سبب بنیں)o بس ہر طرف سے سلام ہی سلام کی آواز آئے گیo اور داہنے (ہاتھ یا عرش عظیم کے داہنی جانب) والے کیا کہنا ان داہنے (ہاتھ) والوں کا (جن کے نامۂ اعمال ان کے داہنے ہاتھ میں ہوں گے)o بے خار بیریوں میں (جن کی ڈالیاں پھلوں کے بوجھ سے جھک رہی ہوں گی)o اور تہ بہ تہ کیلوں میںo اور لمبے لمبے سایوں میںo اور پانی کے جھرنوں میںo اور کثرت سے میووں کے

باغوں میں ہوں گےo جس کی نہ فصل ختم ہو گی اور نہ (وہاں کوئی) روک ٹوک ہو گیo اور اونچے (دبیز اور پرشکوہ) فرش ہوں گےo اور ان کی ہم جلیس وہ عورتیں ہوں گی کہ ہم نے ان کو خاص طور پر (حسین اور لطیف انداز پر) پیدا کیا ہےo یعنی ہم نے ان کو کنواریاں (ہی) بنایاo پیار دلانے والیاں ہم عمرo اصحاب یمین کے واسطے (کہ اہل جنت ان کو دیکھ کر اور وہ ان کو دیکھ کر خوش ہوں اور ان پر کیفیت فضاؤں میں ان کی مسرتوں میں ان کی شریک ہوں)o (اور ان داہنے ہاتھ والوں کا) ایک بڑا گروہ اگلوں میں سےO اور ایک بڑا گروہ پچھلوں میں سے ہو گاo اور بائیں ہاتھ والے (جن کے نامہ اعمال ان کے بائیں ہاتھ میں ہوں گے) کیسے برے حال میں ہوں گے یہ بائیں جانب والےo گرم ہوا اور کھولتے ہوئے پانی میںo اور سیاہ دھوئیں کے سائے میں ہوں گےo نہ اس میں ٹھنڈک ہو گی اور نہ وہ فرحت بخش (ہو گا)o بیشک وہ (اہل دوزخ) اس سے پہلے بڑے خوش حال لوگ تھے (ان کو طرح طرح کی نعمتیں حاصل تھیں لیکن انہوں نے ان نعمتوں کی قدر نہ کی)o اور وہ گناہ عظیم (یعنی شرک، کفر) پر مصر رہتے تھےo اور (یہی) کہا کرتے تھے کہ کیا جب ہم مرگئے اور مٹی اور ہڈیاں ہو گئے تو کیا ہم پھر زندہ کئے جائیں گےo (اور) کیا ہمارے آباؤ اجداد کو بھی (پھر زندہ کیا جائے گا جو بہت پہلے مر چکے یہ کیسے ہوسکتا ہے)o آپ فرما دیجئے کہ بیشک اگلوں کو بھی اور پچھلوں کو بھیo (یعنی) سب کو جمع کیا جائے گا ایک مقرر دن کے مقرر وقت پرo پھر اے جھٹلانے والے گمراہو تم کوo یقیناً تھوہڑ کے درخت سے کھانا ہو گاo پھر اسی سے پیٹ بھرنا ہو گاo پھر اس پر گرم پانی پینا ہو گاo پھر تم (اسے) ایسے پیو گے جیسے پیاس کا مارا ہوا اونٹ

(جو ایک سانس میں پانی چڑھاتا ہی چلا جاتا ہے)o یہ ہو گی قیامت کے دن ان کی مہمانی (اسی کے وہ مستحق تھے)o (سوچو) ہم ہی نے تم کو پیدا کیا (کیوں اس عذاب میں پڑنا چاہتے ہو) پھر کیوں اس (حیات بعد الممات) کو سچ نہیں سمجھتےo بھلا دیکھو جس نطفہ کو تم ٹپکاتے ہو (اس سے انسان کون بناتا ہے؟)o کیا اس کو تم (انسان) بناتے ہو یا اس کے بنانے والے ہم ہیںo ہم ہی نے تمہارے درمیان موت کو مقرر کیا ہے (جب جس کا وقت آتا ہے وہ اٹھتا جاتا ہے) اور ہم (اب بھی) عاجز نہیںo اس بات سے کہ (تم کو اس دنیا سے اٹھالیں اور) تمہاری طرح کے اور لوگ تمہاری جگہ لے آئیں اور تم کو ایسی حالت (صورت یا ایسے جہان) میں پیدا کریں جس کو تم نہیں جانتےo اور تم کو تو پہلی پیدائش کا علم ہے ہی (اس میں تو شک کی گنجائش نہیں) پھر تم کیوں نہیں سوچتے (آخرت پر یقین کیوں نہیں لاتے اللہ کو کیوں یاد نہیں کرتے)o بھلا دیکھو تو جو تم بوتے ہوo کیا تم اسے اگاتے ہو یا اس کے اگانے والے ہم ہیںo اگر ہم چاہیں تو اس (تمہاری کھیتی) کو چورا چورا کر ڈالیں پھر تم باتیں بناتے رہ جاؤo (یہی کہو کہ) ہم تو تاوان میں پڑ گئے (قرضدار بھی ہوئے اور کچھ نہ ملا)o بلکہ ہم تو محروم (اور بدنصیب) ہی رہےo بھلا (اس) پانی کو تو دیکھو جو تم پیتے ہوo کیا تم نے اس کو بادلوں سے اتارا ہے یا (اس کے) اتارنے والے ہم ہیںo اگر ہم چاہیں تو اسے کھاری بنا دیں پھر تم شکر کیوں ادا نہیں کرتےo بھلا آگ ہی کو دیکھو جس کو تم سلگاتے ہوo کیا اس کا درخت (جس سے تم آگ نکالتے ہو) تم نے پیدا کیا یا (اس کے) پیدا کرنے والے ہم ہیںo ہم ہی نے تو اس (درخت) کو (اپنی قدرت وحکمت کی) یاد دلانے والا اور مسافروں کے لئے نفع

کی چیز بنایاo پس آپ پروردگار کے نام کی پاکی بیان فرمایئے جو بڑی عظمت والا ہےo پس میں قسم کھاتا ہوں ستاروں کے ڈوبنے کی (یا منزلوں کی) o اور بیشک یہ ایک بڑی قسم ہے اگر تم سمجھوo بلا شبہ یہ قرآن کریم ہے (بڑی بزرگی بڑی عزت والا)o لوحِ محفوظ میں (لکھا ہوا ہے) o اسے دل و دماغ کی پاکی ہی سے پایا جا سکتا ہے اس کو وہی چھوتے ہیں (وہی اس کی لذت کو پاتے ہیں) جو پاک (دل، پاک صفات) ہیںo (یہ قرآن) پروردگارِ عالم کی طرف سے نازل کیا گیا ہےo اب کیا اس بات سے تم منکر ہوo اور تم نے (اس کی) تکذیب کو اپنا حصہ (اپنا نصیبہ) بنالیا ہےo پس جب (تمہاری جان) حلق تک آ پہنچتی ہےo اور تم اس وقت (یاس و نا امیدی سے) تکتے رہ جاتے ہو (تم کو اپنی مجبوری کا شدید احساس ہوتا ہے)o اور ہم (اس وقت بھی) تمہاری نسبت اس (مرنے والے) سے زیادہ قریب ہوتے ہیں لیکن تم نہیں دیکھتے (اور نہیں سمجھتے)o پس (سوچو کہ) اگر تم کسی کے اختیار میں نہیں (تو اپنے مرتے ہوئے عزیز کو دیکھ کر)o اس کی روح کو کیوں نہیں لوٹا لیتے، اگر تم (اپنے دعووں میں) سچے ہوo پس اگر وہ (اللہ کے) مقرب بندوں میں سے ہےo تو اس (کی روح) کے لیے روح (یعنی راحت اور وہ کیفیت مسرت ہے جو جملہ مسرتوں کا خلاصہ، تمام ظاہری اور باطنی مسرتوں کا نچوڑ ہے) اور خوشبودار کھانے اور نعمتوں والی جنت ہےo اور اگر وہ اصحابِ یمین (داہنے ہاتھ والوں) میں سے ہے (جن کے اعمال اللہ کے یہاں مقبول ہوگئے جن کی لغزشوں سے درگذر کیا گیا) تو (ان کی طرف سے بھی خاطر جمع رکھو۔ اس مرنے والے سے کہا جائے گا)o تیرے لیے سلامتی اور امن ہے کہ تو داہنے (ہاتھ) والوں میں سے ہےo اگر وہ جھٹلانے

والے گمراہوں میں سے ہےo تو کھولتے پانی سے اس کی مہمانی ہو گیo اور اس کو) دوزخ میں داخل ہونا ہوگاo بیشک یہ (جو کچھ مقربین، مسلمین اور مکذوبین کے لیے بیان کیا گیا) یقیناً حق ہے (اس میں کسی قسم کے شبہ کی گنجائش نہیں) o اے حبیب! پس آپ اپنے رب کی پاکی بیان کرتے رہیے جو بڑی عظمت والا ہےo‘‘

۶۔ سورۃ الحاقۃ

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

فَإِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ○ وَّ حُمِلَتِ الْأَرْضُ وَ الْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً○ فَيَوْمَئِذٍ وَّقَعَتِ الْوَاقِعَةُ○ وَانْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ○ وَالْمَلَكُ عَلٰى أَرْجَآئِهَا ط وَ يَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمَانِيَةٌ○ يَوْمَئِذٍ تُعْرَضُوْنَ لَا تَخْفٰى مِنْكُمْ خَافِيَةٌ○ فَأَمَّا مَنْ أُوْتِيَ كِتَابَهُ بِيَمِيْنِهٖ فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتَابِيَهْ○ إِنِّيْ ظَنَنْتُ أَنِّيْ مُلَاقٍ حِسَابِيَهْ○ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ○ فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ○ قُطُوْفُهَا دَانِيَةٌ ○ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓئًام بِمَآ أَسْلَفْتُمْ فِي الْأَيَّامِ الْخَالِيَةِ○ وَ أَمَّا مَنْ أُوْتِيَ كِتَابَهٗ بِشِمَالِهٖ فَيَقُوْلُ يَا لَيْتَنِيْ لَمْ أُوْتَ كِتَابِيَهْ○ وَلَمْ أَدْرِ مَا حِسَابِيَهْ○ يَا لَيْتَهَا كَانَتِ

الْقَاضِيَةَ ○ مَآ أَغْنٰى عَنِّيْ مَالِيَهْ ○ هَلَكَ عَنِّيْ سُلْطَانِيَهْ ○ خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ○ ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ ○ ثُمَّ فِيْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ ○ إِنَّهٗ كَانَ لَا يُؤْمِنُ بِاللهِ الْعَظِيْمِ ○ وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ○ فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هَاهُنَا حَمِيْمٌ ○ وَّلَا طَعَامٌ إِلَّا مِنْ غِسْلِيْنٍ ○ لَا يَأْكُلُهٗٓ إِلَّا الْخَاطِؤُوْنَ ○ (الحاقۃ، ۶۹: ۱۳۔۳۷)

’’پھر جب صور میں ایک بار پھونک مار دی جائے گی (یعنی پہلی بار جب صور پھونکا جائے گا)o اور زمین اور پہاڑ اٹھائے جائیں گے پھر ایک بارگی (پٹک کر) ریزہ ریزہ کر دیئے جائیں گےo پس اسی وقت وہ جس کا ہونا یقینی ہے واقع ہو جائے گیo اور آسمان پھٹ جائے گا پھر اس دن وہ بالکل بودا (بے حقیقت) ہو جائے گاo اور (جب آسمان پھٹنا شروع ہو گا تو) فرشتے اس کے کناروں پر ہو جائیں گے اور آپ کے رب کے عرش (قدرت) کو اس دن آٹھ (فرشتے) اپنے اوپر اٹھائے ہوں گےo (لوگو) اس دن تم (اللہ کے روبرو) حاضر کئے جاؤ گے تمہاری کوئی پوشیدہ بات چھپی نہ رہے گیo پھر جس کو اس دن اس کا نامۂ اعمال داہنے ہاتھ میں دیا گیا تو وہ (دوسروں سے خوش ہو کر) کہے گا لو میرا نامہ اعمال پڑھو۔ (دیکھو اللہ نے کیسا فضل فرمایا، مجھ کو دنیا میں کیسی ہدایت دی)o مجھے (دنیا ہی میں) یقین تھا کہ ایک دن (میرا حساب و کتاب ہونے والا ہے) میرا نامہ اعمال مجھے ملے گاo پس (آخرت

میں) وہ خاطر خواہ زندگی بسر کرے گاo (یعنی) جنت کے عالی شان باغ میں ہو گاo جس کے میوے (پک کر) جھکے ہوئے ہوں گے (گویا توڑنے کی دعوت دے رہے ہوں گے اور اتنے قریب ہوں گے کہ آسانی سے توڑے جا سکیں)o (ان سے کہا جائے گا کہ اب جنت میں) خوب لطف سے کھاؤ پیو یہ ان اعمال کا صلہ ہے جو تم گزشتہ دنوں میں بھیج چکے ہوo اور جس کو اس کا نامہ اعمال بائیں ہاتھ میں دیا گیا تو وہ کہے گا کاش مجھے میرا نامہ اعمال دیا ہی نہ جاتاo اور مجھے خبر ہی نہ ہوتی کہ میرا حساب کیا ہےo اے کاش (میری) موت (ہمیشہ کے لئے) مجھے ختم کر گئی ہوتی (کہ یہ روز دیکھنا ہی نہ پڑتا)o (افسوس) میرا مال بھی میرے کچھ کام نہ آیاo مجھ سے میری حکومت بھی جاتی رہیo (حکم ہوگا) اس کو پکڑ لو پھر زنجیر میں جکڑ دوo پھر دوزخ (کی آگ) میں اسے جھونک دوo تو پھر (اس دوزخ میں بھی) ایک زنجیر سے جس کا طول ستر گز ہے اس کو جکڑ دوo کیونکہ وہ خدائے بزرگ و برتر پر ایمان نہیں رکھتا تھاo اور نہ محتاجوں کو کھانا کھلانے کی ترغیب دیتا تھا (نہ اس نے اللہ کے حقوق ادا کئے نہ اس کے بندوں سے ہمدردی کی)o پس آج اس کا بھی یہاں کوئی ہمدرد نہیںo اور اس کے لئے کوئی غذا بجز زخموں کے دھوون کے نہیںo جس کو سوائے گنہگاروں کے کوئی نہ کھائے گاo"

۷۔ سورۃ المعارج

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

سَأَلَ سَآئِلٌ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ○ لِّلْكَافِرِيْنَ لَيْسَ لَهٗ دَافِعٌ○ مِّنَ اللّٰهِ

ذِی الْمَعَارِجِ○ تَعْرُجُ الْمَلٰٓئِکَةُ وَ الرُّوْحُ اِلَيْهِ فِیْ يَوْمٍ کَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ أَلْفَ سَنَةٍ○ فَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِيْلًا○ إِنَّهُمْ يَرَوْنَهٗ بَعِيْدًا○ وَّ نَرٰهُ قَرِيْبًا○ يَوْمَ تَکُوْنُ السَّمَآءُ کَالْمُهْلِ○ وَ تَکُوْنُ الْجِبَالُ کَالْعِهْنِ○ وَ لَا يَسْئَلُ حَمِيْمٌ حَمِيْمًا○ يُّبَصَّرُوْنَهُمْ ط يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِیْ مِنْ عَذَابِ يَوْمِئِذٍ م بِبَنِيْهِ○ وَ صَاحِبَتِهٖ وَ أَخِيْهِ○ وَ فَصِيْلَتِهِ الَّتِیْ تُؤْيِهِ○ وَ مَنْ فِی الْاَرْضِ جَمِيْعًا ثُمَّ يُنْجِيْهِ ○ کَلَّا ط إِنَّهَا لَظٰی ○ نَزَّاعَةً لِّلشَّوٰی○ تَدْعُوْا مَنْ أَدْبَرَ وَ تَوَلّٰی○ وَ جَمَعَ فَأَوْعٰی○

(المعارج، ۷۰:۱۔۱۸)

’’ایک طلب کرنے والے نے (سرکارِ دو عالم ﷺ سے ازراہِ انکار) اس عذاب کو طلب کیا جو واقع ہو کر رہے گا○ (اور) جو منکروں کے واسطے ہے جس کو ٹالا نہ جا سکے گا○ (وہ اس) اللہ کی طرف سے ہوگا جو بلندیوں کا مالک ہے○ (یہ وہ وقت ہوگا جب) فرشتے اور جبریل اس کی طرف عروج کریں گے (اور یہ عذاب) اس دن (ہو گا) جس کا اندازہ (دنیا کے) پچاس ہزار سال ہے○ (پس آپ ان کے سوال سے آزردہ خاطر نہ ہوں اور) صبر فرمائیں (وہ) صبرِ جمیل (جو آپ کی ذات کے ساتھ خاص ہے)○ وہ ان لوگوں کی نگاہ میں دور ہے○ اور ہماری نظر میں قریب ہے○ (یہ وہ دن ہوگا) جس دن آسمان پگھلے ہوئے تانبے کی مانند ہوگا○ اور پہاڑ رنگین اون

کے گالے کی طرح ہوں گے (ہلکے اور مختلف رنگ کے)o اور کوئی دوست کسی دوست کا پرسان حال نہ ہوگاo حالانکہ ایک دوسرے کو دیکھتے بھی ہوں گے (مگر کوئی کسی کا ہمدرد نہ ہوگا دوست ہو یا عزیز اور) گنہگار تمنا کرے گا کہ کسی طرح اس روز کے عذاب سے بچنے کے لئے (بدلے میں) اپنے بیٹے دے دےo اور اپنی بیوی اور اپنے بھائی کوبھیo اور اپنے (کل) خاندان کو جن میں وہ (دن رات) رہتا تھاo اور جو لوگ زمین میں ہیں (بس چلے تو) سب کو دے دے، پھر (کسی طرح) اپنے کو (اس عذاب الٰہی سے) بچا لےo (لیکن ایسا) ہرگز نہیں (ہوسکتا عذاب الٰہی سے اسے کوئی چیز نہیں بچا سکتی ان کے لئے) وہ بھڑکتی ہوئی آگ ہےo جو کھال ادھیڑ ڈالنے والی ہے (وہ اس میں جھونکے جائیں گے)o وہ ہر اس شخص کو پکارے گی جس نے (اللہ کے حکم سے دنیا میں) پیٹھ پھیری اور روگردانی کی ہوگیo اور (مال و دولت) جمع کیا اور اس کو سنبھال (سنبھال) کر رکھا ہوگاo‘‘

۸۔ سورۃ الدھر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

إِنَّ الْأَبْرَارَ يَشْرَبُوْنَ مِنْ كَأْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوْرًا○ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللّٰهِ يُفَجِّرُوْنَهَا تَفْجِيْرًا○ يُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ وَ يَخَافُوْنَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا○ وَ يُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّ يَتِيْمًا وَّ أَسِيْرًا○ إِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا

نُرِيْدُ مِنكُمْ جَزَآءً وَّلَا شُكُوْرًا○ إِنَّا نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا يَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا○ فَوَقَاهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَ لَقَّاهُمْ نَضْرَةً وَّ سُرُوْرًا○ وَ جَزَاهُمْ بِمَا صَبَرُوْا جَنَّةً وَّ حَرِيْرًا○ مُّتَّكِئِيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ لَا يَرَوْنَ فِيْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيْرًا○ وَ دَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلَالُهَا وَ ذُلِّلَتْ قُطُوْفُهَا تَذْلِيْلًا○ وَ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِاٰنِيَةٍ مِّنْ فِضَّةٍ وَّ أَكْوَابٍ كَانَتْ قَوَارِيْرَا○ قَوَارِيْرَا مِنْ فِضَّةٍ قَدَّرُوْهَا تَقْدِيْرًا○ وَ يُسْقَوْنَ فِيْهَا كَأْسًا كَانَ مِزَاجُهَا زَنْجَبِيْلًا○ عَيْنًا فِيْهَا تُسَمّٰى سَلْسَبِيْلًا○ وَ يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ۚ إِذَا رَأَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنْثُوْرًا○ وَ إِذَا رَأَيْتَ ثَمَّ رَأَيْتَ نَعِيْمًا وَّ مُلْكًا كَبِيْرًا○ عٰلِيَهُمْ ثِيَابُ سُنْدُسٍ خُضْرٌ وَّ إِسْتَبْرَقٌ وَّ حُلُّوْٓا أَسَاوِرَ مِنْ فِضَّةٍ ۚ وَ سَقَاهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُوْرًا○ إِنَّ هٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَآءً وَّ كَانَ سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا○ (الدھر، ۷۶: ۵۔۲۲)

’’البتہ نیکوکار ایسے جام پئیں گے جس میں کافور کی آمیزش ہو گی (جس کی ٹھنڈک، نورانیت و فرحت اپنی مثال آپ ہو گی، وہ کافور کیا ہے؟)o ایک چشمہ ہے جس سے اللہ کے (خاص) بندے (جو اللہ نے ان کے لئے مقدر فرمایا ہے) پئیں گے (اور

دوسروں کو بھی اس میں سے پلائیں گے اور اپنی نظر التفات سے) جہاں چاہیں گے اسے بہا کر لے جائیں گےo اپنی منتوں کو پورا کرتے ہیں اور اس (قیامت کے) دن سے ڈرتے ہیں جس (دن) کی مصیبت پھیل پڑے گیo اور(یہ وہ لوگ ہیں جو) مسکین، یتیم اور قیدی کو اس کی (یعنی اللہ کی) محبت میں کھانا کھلاتے ہیںo (ان کا کہنا یہ ہوتا ہے کہ) ہم تم کو محض اللہ کی خوشنودی کے لئے کھانا کھلاتے ہیں نہ ہم تم سے کوئی معاوضہ چاہتے ہیں اور نہ شکریہo ہم تو اپنے پروردگار سے اس دن (کے بارے میں) ڈرتے ہیں جو نہایت اداس کرنے والا (اور) سخت ہو گاo پھر اللہ ان کو (ان کے اس خدشہ اور خوف کے باعث) اس دن کے شر سے بچالے گا اور ان کو (یعنی ان کے چہروں کو) شگفتگی اور (دلوں کو) سرور عطا فرمائے گاo اور ان کے صبر کے بدلے ان کو جنت اور ریشمی پوشاک عطا ہو گیo وہ لوگ اس میں تختوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے وہاں نہ تو وہ (گرمی کی) تپش محسوس کریں گے نہ (سردی کی) ٹھٹھرن (ایک خوشگوار موسم ہو گا)o اور اس کے (درختوں کے) سائے ان سے قریب ہوں گے اور میووں کے گچھے جھکے ہوئے لٹک رہے ہوں گے (کہ جس طرح چاہیں وہ ان سے لطف اندوز ہوں)o اور(خدام) ان کے اردگرد چاندی کے ظروف اور شیشے کے (سے صاف ستھرے) گلاس لئے پھرتے ہوں گےo اور شیشے بھی چاندی کے جن کو انہوں نے (خدام نے) ٹھیک انداز سے (اور ہر شخص کی خواہش کے مطابق) بھرا ہو گاo اور ان (جنتیوں) کو وہاں ایسے جام پلائے جائیں گے جن میں زنجبیل کی آمیزش ہو گی (جو اپنی لذت اور فرحت میں اپنی مثال آپ ہو گی اس کا قیاس دنیا کی زنجبیل اور جنجر پر نہ کرنا چاہئے)o (یہ تو جنت کا) ایک چشمہ ہے جس

کا نام سلسبیل ہےo اور ان کے پاس (پیارے پیارے) بچے آئیں جائیں گے جو ہمیشہ ویسے ہی رہیں گے اگر تو ان کو دیکھے تو سمجھے کہ (گویا) موتی ہیں جو بکھر گئے ہیںo اور (اے مخاطب اس کا حال یوں سمجھ کہ) اس میں تو (جدھر نظر اٹھا کر) دیکھے گا تجھے نعمت ہی نعمت اور بڑی بادشاہت نظر آئے گی (جو ہر جنتی کو نصیب ہو گی اور)o ان (جنتیوں) کے جسم پر باریک سبز ریشم اور دبیز ریشم کے کپڑے ہوں گے اور ان کو (بطور اعزاز خاص کے) چاندی کے کنگن پہنائے جائیں گے اور ان کا پروردگار انہیں پاکیزہ شراب پلائے گا (جو قلب کو منور سے منور تر کر دے)o (اور ان سے کہا جائے گا کہ اے اہل جنت) یہ ہے تمہارا صلہ اور تمہاری محنت (جو تم دنیا میں اللہ کو راضی کرنے کے لئے کیا کرتے تھے آج) ٹھکانے لگیo"

۹۔ سورۃ المرسلات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

وَالْمُرْسَلَاتِ عُرْفًا ○ فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا ○ وَّ النّٰشِرَاتِ نَشْرًا ○ فَالْفٰرِقَاتِ فَرْقًا ○ فَالْمُلْقِيَاتِ ذِكْرًا ○ عُذْرًا أَوْ نُذْرًا ○ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَوَاقِعٌ ○ فَإِذَا النُّجُوْمُ طُمِسَتْ ○ وَ إِذَا السَّمَآءُ فُرِجَتْ ○ وَ إِذَا الْجِبَالُ نُسِفَتْ ○ وَ إِذَا الرُّسُلُ أُقِّتَتْ ○ لِأَيِّ يَوْمٍ أُجِّلَتْ ○ لِيَوْمِ الْفَصْلِ ○ وَ مَا اَدْرٰکَ مَا يَوْمُ الْفَصْلِ ○ وَ يْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ○ اَلَمْ نُهْلِكِ

الْاَوَّلِيْنَ ○ ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ الْاٰخِرِيْنَ ○ كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ○ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ○ أَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ○ فَجَعَلْنٰهُ فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ○ إِلٰى قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ○ فَقَدَرْنَا فَنِعْمَ الْقَادِرُوْنَ ○ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ○ أَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ كِفَاتًا ○ أَحْيَآءً وَّ أَمْوَاتًا ○ وَّ جَعَلْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ شٰمِخٰتٍ وَّ أَسْقَيْنَاكُمْ مَّآءً فُرَاتًا ○ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ○ اِنْطَلِقُوْٓا إِلٰى مَا كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ○ اِنْطَلِقُوْٓا إِلٰى ظِلٍّ ذِيْ ثَلٰثِ شُعَبٍ ○ لَّا ظَلِيْلٍ وَّلَا يُغْنِيْ مِنَ اللَّهَبِ ○ إِنَّهَا تَرْمِيْ بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ ○ كَأَنَّهٗ جِمٰلَتٌ صُفْرٌ ○ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ○ هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ ○ وَلَا يُؤْذَنُ لَهُمْ فَيَعْتَذِرُوْنَ ○ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ○ هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ جَمَعْنَاكُمْ وَالْاَوَّلِيْنَ ○ فَإِنْ كَانَ لَكُمْ كَيْدٌ فَكِيْدُوْنِ ○ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ○ إِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ ظِلَالٍ وَّ عُيُوْنٍ ○ وَّ فَوَاكِهَ مِمَّا يَشْتَهُوْنَ ○ كُلُوْا وَ اشْرَبُوْا هَنِيْٓئًا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ○ إِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ○ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ○ كُلُوْا وَ تَمَتَّعُوْا قَلِيْلًا إِنَّكُمْ مُّجْرِمُوْنَ ○ وَيْلٌ

يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ○ وَ إِذَا قِيْلَ لَهُمُ ارْكَعُوْا لَا يَرْكَعُوْنَ ○ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ○ فَبِأَيِّ حَدِيْثٍ م بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ○

(المرسلٰت، ۷۷)

’’قسم ہے ان نرم خوشگوار ہواؤں کی جو (انسان کے نفع اور فرحت کے لئے) بھیجی جاتی ہیں ○ پھر (قسم ہے) تند و تیز ہواؤں کی (جو انتشار کا سبب بنتی ہیں) ○ اور قسم ہے ان (ہواؤں) کی جو (بادلوں کو ہر طرف) پھیلا دیتی ہیں ○ پھر ان کی جو (بادلوں کو) پھاڑ کر جدا جدا کر دیتی ہیں ○ پھر قسم ہے ان فرشتوں کی جو وحی کو اتار کر لاتے ہیں ○ حجت تمام کرنے یا ڈرانے کے لئے ○ بیشک تم سے جو وعدہ کیا جاتا ہے وہ ضرور (پورا) ہو کر رہے گا (یعنی قیامت واقع ہو کر رہے گی) ○ پھر (یہ وہ وقت ہوگا) جب تارے بے نور ہو جائیں گے ○ اور جب آسمان پھٹ جائے گا ○ اور جب پہاڑ (ریزہ ریزہ ہو کر) اڑتے پھریں گے ○ اور جب رسولوں کو وقت معین پر جمع کیا جائے گا (کہ وہ ایک ترتیب سے اپنی اپنی امتوں کو لے کر رب العزت کے سامنے حاضر ہوں) ○ (جانتے ہو کہ یہ سب کچھ) کس دن کے لئے ملتوی رکھا گیا ہے؟ ○ فیصلہ کے دن کے لئے (جو روز قیامت ہے) ○ اور (اے مخاطب) تجھ کو کیا معلوم کہ وہ فیصلہ کا دن کیسا ہے ○ اس دن جھٹلانے والوں کے لئے بڑی خرابی (سخت تباہی) ہے ○ کیا ہم نے اگلوں کو (جنہوں نے حق کو جھٹلایا تھا) ہلاک نہیں کر ڈالا ○ پھر ہم ان پچھلوں کو بھی (جو دین کی تکذیب پر مصر ہیں) انہیں کے پیچھے بھیج دیں گے (یہ بھی انہیں کے ساتھ رہیں گے) ○ گنہگاروں کے ساتھ ہم ایسا ہی (سلوک) کیا کرتے ہیں ○ (یقیناً) اس دن جھٹلانے والوں کے لئے بڑی خرابی ہے ○ (لوگو تم اپنی پیدائش پر غور کیوں نہیں

کرتے؟) کیا ہم نے تم کو حقیر پانی (کی ایک بوند) سے پیدا نہیں کیاo پھر اس کو ایک محفوظ جگہ (رحم مادر) میں رکھاo ایک وقت معین تکo پھر ہم نے ایک اندازہ ٹھہرایا (کہ وقت مقررہ میں ایک پانی کے قطرہ سے بتدریج انسان بنے) پس ہم کیا خوب اندازہ ٹھہرانے والے ہیںo جھٹلانے والوں کے لئے اس دن سخت خرابی (سخت عذاب ہے)o (ذرا یہ لوگ زمین کی تخلیق ہی پر غور کریں) کیا ہم نے زمین کو سمیٹنے والی نہیں بنایاo زندوں کے لئے اور مردوں کے لئے (یعنی زندوں کے لئے یہی زمین بقائے زیست کا سامان لئے ہوئے ہے اور مردوں کے لئے گوشہ قبر)o اور ہم نے زمین پر اونچے اونچے پہاڑ رکھ دیئے اور (اسی زمین میں شیریں چشمے جاری کر دیئے اور) ہم نے تم کو میٹھا پانی پلایاo اس دن جھٹلانے والوں کے لئے بڑی تباہی ہےo (ان سے کہا جائے گا کہ اب) اس (عذاب) کی طرف چلو جسے تم جھٹلایا کرتے تھےo تم (دوزخ کے دھویں کے) اس سائے کی طرف چلو جس کے تین حصے ہیںo جس میں نہ (ٹھنڈا) سایہ ہوگا اور نہ وہ (آگ کی) لپٹ سے بچائے گاo (بلکہ) وہ (ایسے) انگارے برسائے گا (جس کی چنگاریاں اور شعلے اتنے بڑے ہوں گے) جیسے محل (تو اندازہ کرو کہ وہ دوزخ کیا ہوگی)o (ان شعلوں کو دیکھ کر ایسا معلوم ہوگا) گویا یہ زرد اونٹوں کی قطاریں ہیں (جن کو ان کفار نے اکثر دیکھا ہے لیکن آج ان پر یہ سواری کی تمنا نہ کریں گے)o (یاد رکھو کہ) جھٹلانے والوں کے لئے اس دن بڑی خرابی (سخت تباہی) ہےo یہ وہ دن ہوگا کہ نہ وہ بول ہی سکیں گےo اور نہ ان کو یہی اجازت ہوگی کہ عذر پیش کریںo (خوب سن لیں کہ) جھٹلانے والوں کے لئے اس دن بڑی تباہی ہےo (اے حق کی تکذیب کرنے والو) یہ فیصلہ کا دن ہے (جس

میں) ہم نے تم کو اور اگلوں کو جمع کر لیا ہے (تاکہ فیصلہ کے وقت سب کو ایک دوسرے کا حال معلوم ہو اور پھر سزا بھگتنے کے لئے اپنی اپنی جگہ پہنچ جائیں)o پھر اگر تمہارے پاس (عذاب سے بچنے کی) کوئی تدبیر ہو تو مجھ سے کر چلوo اس دن جھٹلانے والوں کے لئے بڑی خرابی ہےo بلاشبہ (اللہ سے) ڈرنے والے (اس کی رحمت کے) سایوں اور چشموں میں ہوں گے (ہر سمت رحمت ہی رحمت ہو گی)o اور (وہ) ان میووں میں ہوں گے جو وہ پسند کریںo (ان سے کہا جائے گا) اب مزے سے کھاؤ پیو ان اعمال کے صلہ میں جو تم کیا کرتے تھےo (اور) ہم نیکوکاروں کو یوں ہی صلہ دیا کرتے ہیںo (حق کی) تکذیب کرنے والوں کے لئے اس دن بڑی خرابی ہےo (اے حق سے انکار کرنے والو! اس دنیا میں) تم تھوڑے دن کھا (پی) لو اور فائدہ اٹھا لو بیشک تم مجرم ہوo اس دن جھٹلانے والوں کے لئے سخت تباہی ہےo اور (ان کفار کا تو یہ حال ہے کہ) جب ان سے کہا جاتا ہے کہ (اللہ کے سامنے) جھکو (اس کا حکم مانو، اس کی عبادت کرو تو) یہ نہیں جھکتےo اس دن جھٹلانے والوں کے لئے سخت عذاب ہے (دوزخ کا ایک مخصوص گڑھا ان کا منتظر ہے)o آخر اس (قرآن و حدیث) کے بعد کس بات پر ایمان لائیں گےo‘‘

۱۰۔ سورۃ النازعات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

وَالنّٰزِعَاتِ غَرْقًا○ وَّ النّٰشِطَاتِ نَشْطًا○ وَّ السّٰبِحَاتِ سَبْحًا○ فَالسّٰبِقَاتِ سَبْقًا○ فَالْمُدَبِّرٰتِ أَمْرًا○ يَوْمَ تَرْجُفُ

الرَّاجِفَةُ ○ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ ○ قُلُوْبٌ يَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ ○ أَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ○ يَقُوْلُوْنَ أَئِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ فِي الْحَافِرَةِ○ ءَ اِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً○ قَالُوْا تِلْكَ إِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ○ فَإِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ○ فَإِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ○

(النازعات، ۷۹:۱-۱۴)

''ان (فرشتوں) کی قسم جو (کافروں کی جان انکے جسموں کے ایک ایک انگ میں سے) نہایت سختی سے کھینچ لاتے ہیں o اوران (فرشتوں) کی قسم جو (مومنوں کی جان کے) بند نہایت نرمی سے کھول دیتے ہیں o اوران (فرشتوں) کی قسم جو (زمین و آسمان کے درمیان) تیزی سے تیرتے پھرتے ہیں o پھران (فرشتوں) کی قسم جو لپک کر (ایک دوسروں سے) آگے بڑھ جاتے ہیں o پھران (فرشتوں) کی قسم جو مختلف امور کی تدبیر کرتے ہیں o اس دن (کائنات کی) ہر متحرک چیز شدید حرکت میں آ جائے گی o پیچھے آنے والا ایک اور زلزلہ اس کے پیچھے آئے گا o اس دن (لوگوں کے) دل خوف واضطراب سے دھڑکتے ہوں گے o ان کی آنکھیں (خوف و ہیبت سے) جھکی ہوں گی o (کفار) کہتے ہیں کیا ہم پہلی زندگی کی طرف پلٹائے جائیں گے o کیا جب ہم بوسیدہ (کھوکھلی) ہڈیاں ہو جائیں گے (تب بھی زندہ کئے جائیں گے؟) o وہ کہتے ہیں یہ (لوٹنا) تو اس وقت بڑے خسارے کا لوٹنا ہو گا o پھر تو یہ ایک ہی بار شدید ہیبت ناک آواز کے ساتھ (کائنات کے تمام اجرام کا) پھٹ جانا ہو گا o پھر وہ (سب لوگ) یکا یک کھلے میدان (حشر) میں آ موجود ہوں گے o''

۱۱۔ سورة التكوير

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ○ وَ إِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ○ وَ إِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ○ وَ إِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ○ وَ إِذَا الْوُحُوْشُ حُشِرَتْ○ وَ إِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ○ وَ إِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ○ وَ إِذَا الْمَوْؤٗدَةُ سُئِلَتْ○ بِأَيِّ ذَنْبٍ قُتِلَتْ○ وَ اِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ ○ وَ اِذَا السَّمَآءُ كُشِطَتْ ○ وَ إِذَا الْجَحِيْمُ سُعِّرَتْ ○ وَ إِذَا الْجَنَّةُ أُزْلِفَتْ ○ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّآ أَحْضَرَتْ○ فَلَآ أُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ○ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ○ وَالَّيْلِ إِذَا عَسْعَسَ○ وَ الصُّبْحِ إِذَا تَنَفَّسَ○ إِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ○ ذِىْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِى الْعَرْشِ مَكِيْنٍ○ مُّطَاعٍ ثَمَّ أَمِيْنٍ○ وَ مَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُوْنٍ○ وَلَقَدْ رَاٰهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِيْنِ○ وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ○ وَ مَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطَانٍ رَّجِيْمٍ○ فَأَيْنَ تَذْهَبُوْنَ○ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِيْنَ○ لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ أَنْ يَّسْتَقِيْمَ○ وَ مَا تَشَآؤُوْنَ إِلَّا أَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ○

(التکویر، ۸۱)

’’جب سورج لپیٹ کر بے نور کر دیا جائے گا o اور جب ستارے (اپنی کہکشاؤں سے) گر پڑیں گے o اور جب پہاڑ (غبار بنا کر فضا میں) چلا دیئے جائیں گے o اور جب حاملہ اونٹنیاں بیکار چھوٹی پھریں گی o اور جب وحشی جانور (خوف کے مارے) جمع کر دیئے جائیں گے۔ جب سمندر اور دریا (سب) ابھار دیئے جائیں گے o اور جب روحیں (بدنوں سے) ملا دی جائیں گی o اور جب زندہ دفن کی ہوئی لڑکی سے پوچھا جائے گا o کہ وہ کس گناہ کے باعث قتل کی گئی تھی o اور جب اعمال نامے کھول دیئے جائیں گے o اور جب سماوی طبقات کو پھاڑ کر اپنی اپنی جگہوں سے ہٹا دیا جائے گا o اور جب دوزخ (کی آگ) بھڑکائی جائے گی o اور جب جنت قریب کر دی جائے گی o ہر شخص جان لے گا جو کچھ اس نے حاضر کیا ہے o تو میں قسم کھاتا ہوں ان (آسمانی کروں) کی جو (ظاہر ہونے کے بعد) پیچھے ہٹ جاتے ہیں o جو بلا روک ٹوک چلتے رہتے ہیں (پھر ظاہر ہو کر) چھپ جاتے ہیں o اور رات کی قسم جب اس کی تاریکی جانے لگے o اور صبح کی قسم جب اس کی روشنی آنے لگے o بیشک یہ (قرآن) بڑی عزت و بزرگی والے رسول کا (پڑھا ہوا) کلام ہے o جو قوت و ہمت والے ہیں (اور) مالک عرش کے حضور بڑی قدر و منزلت (اور جاہ و عظمت) والے ہیں o (تمام جہانوں کے لئے) واجب الاطاعت ہیں (کیونکہ ان کی اطاعت ہی اللہ کی اطاعت ہے) امانتدار ہیں o اور (اے لوگو!) یہ تمہیں اپنی صحبت سے نوازنے والے (محمد ﷺ) دیوانے نہیں (جو فرماتے ہیں وہ حق ہوتا ہے) o اور بیشک انہوں نے اس (مالک عرش کے حسن مطلق) کو (لامکان کے) روشن کنارے پر دیکھا ہے o

اور وہ (نبی اکرم) غیب (کے بتانے) پر بالکل بخیل نہیں ہیں (مالک عرش نے ان کے لئے کوئی کمی نہیں چھوڑی)o اور وہ (قرآن) ہرگز کسی شیطان مردود کا کلام نہیں ہےo پھر (اے بدبختو!) تم (اتنے بڑے خزانے کو چھوڑ کر) کدھر چلے جا رہے ہوo یہ (قرآن) تو تمام جہانوں کے لئے (صحیفہ) نصیحت ہےo تم میں سے ہر اس شخص کے لئے (اس چشمہ سے ہدایت میسر آ سکتی ہے) جو سیدھی راہ چلنا چاہےo اور تم وہی کچھ چاہ سکتے ہو جو اللہ چاہے جو تمام جہانوں کا رب ہےo"

۱۲۔ سورة الإنفطار

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

إِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ○ وَ إِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ○ وَ إِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ○ وَ إِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ○ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ وَ أَخَّرَتْ○ يٰٓأَيُّهَا الْإِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ○ الَّذِىْ خَلَقَكَ فَسَوّٰكَ فَعَدَلَكَ○ فِىْٓ أَىِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ○ كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّيْنِ○ وَ إِنَّ عَلَيْكُمْ لَحَافِظِيْنَ○ كِرَامًا كَاتِبِيْنَ○ يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَo إِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِىْ نَعِيْمٍ○ وَ إِنَّ الْفُجَّارَ لَفِىْ جَحِيْمٍ○ يَّصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّيْنِ○ وَ مَا هُمْ عَنْهَا بِغَآئِبِيْنَ○ وَ مَآ أَدْرَاكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ○ ثُمَّ مَآ

اَدْرَاکَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ○ يَوْمَ لَا تَمْلِکُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْئًا ط وَالْاَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ○ (الانفطار،۸۲:۱۔۱۹)

’’جب (سب) آسمانی کرّے پھٹ جائیں گےo اور جب سیارے گر کر بکھر جائیں گےo اور جب سمندر (اور دریا) ابھر کر بہہ جائیں گےo اور جب قبریں زیر و زبر کر دی جائیں گیo تو ہر شخص جان لے گا کہ کیا عمل اس نے آگے بھیجا اور (کیا) پیچھے چھوڑ آیا تھاo اے انسان! تجھے کس چیز نے اپنے رب کریم کے بارے میں دھوکے میں ڈال دیاo جس نے تجھے پیدا کیا پھر اس نے تجھے درست اور سیدھا کیا پھر وہ تیری ساخت میں متناسب تبدیلی لایاo جس صورت میں بھی چاہا اس نے تجھے ترکیب دے دیاo حقیقت تو یہ ہے (اور) تم اس کے برعکس روز جزا کو جھٹلاتے ہوo حالانکہ تم پر نگہبان فرشتے مقرر ہیںo (جو) بہت معزز ہیں (تمہارے اعمال نامے) لکھنے والے ہیںo وہ ان (تمام کاموں) کو جانتے ہیں جو تم کرتے ہوo بیشک نیکوکار جنت نعمت میں ہوں گےo اور بیشک بدکار دوزخ (سوزاں) میں ہوں گےo وہ اس میں قیامت کے روز داخل ہوں گےo اور وہ اس (دوزخ) سے (کبھی بھی) غائب نہ ہو سکیں گےo اور آپ نے کیا سمجھا کہ روز جزا کیا ہے؟o پھر آپ نے کیا جانا کہ روز جزا کیا ہے؟o (یہ) وہ دن ہے جب کوئی شخص کسی کے لئے کسی چیز کا مالک نہ ہو گا اور حکم فرمائی اس دن اللہ ہی کی ہو گیo‘‘

www.MinhajBooks.com

۸۳۔ سورۃ المطففین

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

كَلَّآ إِنَّ كِتَابَ الْاَبْرَارِ لَفِيْ عِلِّيِّيْنَ ○ وَ مَآ أَدْرَاكَ مَا عِلِّيُّوْنَ ○ كِتَابٌ مَّرْقُوْمٌ ○ يَّشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُوْنَ ○ إِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ○ عَلَى الْأَرَآئِكِ يَنْظُرُوْنَ ○ تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيْمِ ○ يُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِيْقٍ مَّخْتُوْمٍ ○ خِتَامُهٗ مِسْكٌ ط وَ فِيْ ذٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ ○ وَ مِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِيْمٍ ○ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُوْنَ ○ (المطففین، ۸۳: ۱۸۔۲۸)

’’یہ (بھی) حق ہے کہ بیشک نیکوکاروں کا نوشتۂ اعمال علّیّین (یعنی دیوان خانۂ جنت) میں ہےo اور آپ نے کیا جانا کہ علّیّین کیا ہے؟o (یہ جنت کے اعلیٰ درجہ میں اس بڑے دیوان کے اندر) لکھی ہوئی (ایک) کتاب ہےo اس جگہ (اللہ کے) مقرب فرشتے حاضر رہتے ہیںo بیشک نیکوکار (راحت و مسرت سے) نعمتوں والی جنت میں ہوں گےo تختوں پر بیٹھے نظارے کر رہے ہوں گےo آپ ان کے چہروں سے ہی نعمت و راحت کی رونق اور شگفتگی معلوم کر لیں گےo انہیں سر بہ مہر بڑی لذیذ شراب طہور پلائی جائے گیo اس کی مہک کستوری کی سی ہو گی اور (یہی وہ شراب ہے) جس کے حصول میں شائقین کو جلد کوشش کر کے سبقت لینی چاہئےo اور اس (شراب) میں آبِ تسنیم کی آمیزش ہو گیo (یہ تسنیم) ایک چشمہ ہے جہاں سے صرف اہلِ قربت پیتے ہیںo‘‘

۱۴۔ سورۃ الإنشقاق

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

إِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ○ وَ أَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَ حُقَّتْ○ وَ إِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ○ وَ أَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَ تَخَلَّتْ○ وَ أَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ○ يٰٓاَيُّهَا الْاِنْسَانُ إِنَّکَ كَادِحٌ إِلٰى رَبِّکَ كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ○ فَأَمَّا مَنْ أُوْتِيَ كِتَابَهٗ بِيَمِيْنِهٖ○ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا○ وَّ يَنْقَلِبُ إِلٰٓى أَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا○ وَ أَمَّا مَنْ أُوْتِيَ كِتَابَهٗ وَرَآءَ ظَهْرِهٖ○ فَسَوْفَ يَدْعُوْا ثُبُوْرًا○ وَّ يَصْلٰى سَعِيْرًا ○ إِنَّهٗ كَانَ فِيْٓ أَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ○ إِنَّهٗ ظَنَّ أَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ○ بَلٰٓى إِنَّ رَبَّهٗ كَانَ بِهٖ بَصِيْرًا○ (الانشقاق،۸۴:۱۔۱۵)

’’جب (سب) آسمانی کرّے پھٹ جائیں گے ○ اور اپنے رب کا حکم (انشقاق) بجا لائیں گے اور (یہی تعمیلِ امر) اس کے لائق ہے ○ اور جب زمین (ریزہ ریزہ کر کے) پھیلا دی جائے گی ○ اور جو کچھ اس کے اندر ہے وہ اسے نکال باہر پھینکے گی اور خالی ہو جائے گی ○ اور (وہ بھی) اپنے رب کا حکم (انشقاق) بجا لائے گی اور (یہی اطاعت) اس کے لائق ہے ○ اے انسان! تو اپنے رب تک پہنچنے میں سخت مشقتیں برداشت کرتا ہے بالآخر تجھے اسی سے جا ملنا ہے ○ پس جس شخص کا نامۂ اعمال اس کے داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا ○ تو عنقریب اس سے آسان سا حساب لیا جائے گا ○ اور وہ اپنے اہل

خانہ کی طرف مسرور و شاداں پلٹے گا o اور البتہ وہ شخص جس کا نامۂ اعمال اس کی پیٹھ کے پیچھے سے دیا جائے گا o تو وہ عنقریب موت کو پکارے گا o اور دوزخ کی بھڑکتی ہوئی آگ میں داخل ہوگا o بیشک وہ (دنیا میں) اپنے اہل خانہ میں خوش وخرم رہتا تھا o بیشک اس نے یہ گمان کرلیا تھا کہ وہ حساب کے لئے (اللہ کے پاس) ہرگز لوٹ کر نہ جائے گا o کیوں نہیں بیشک اس کا رب اس کو خوب دیکھنے والا ہے o''

۱۵۔ سورۃ الغاشیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

هَلْ أَتَاكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ○ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ○ عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ○ تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً○ تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ○ لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ إِلَّا مِنْ ضَرِيْعٍ○ لَّا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِىْ مِنْ جُوْعٍ○ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ○ لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ○ فِىْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ○ لَّا تَسْمَعُ فِيْهَا لَاغِيَةً ○ فِيْهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ ○ فِيْهَا سُرُرٌ مَّرْفُوْعَةٌ○ وَّ أَكْوَابٌ مَّوْضُوْعَةٌ○ وَّ نَمَارِقُ مَصْفُوْفَةٌ○ وَّ زَرَابِىُّ مَبْثُوْثَةٌ○ (الغاشیۃ، ۸۸:۱۔۱۶)

''کیا آپ کو (ہر چیز پر) چھا جانے والی قیامت کی خبر پہنچی ہے o اس دن کتنے ہی چہرے ذلیل وخوار ہوں گے o (اللہ کو بھول کر دنیاوی) محنت کرنے والے (چند روزہ عیش وآرام کی خاطر سخت) مشقتیں جھیلنے والے o دہکتی ہوئی آگ میں جا گریں

گےo (انہیں) کھولتے ہوئے چشمہ سے (پانی) پلایا جائے گاo ان کے لئے خاردار خشک زہریلی جھاڑیوں کے سوا کچھ کھانا نہ ہو گاo (یہ کھانا) نہ فربہ کرے گا اور نہ بھوک ہی دور کرے گاo (اس کے برعکس) اس دن بہت سے چہرے (حسین) بارونق اور تروتازہ ہوں گےo اپنی (نیک) کاوشوں کے باعث خوش و خرم ہوں گےo عالیشان جنت میں (قیام پذیر) ہوں گےo اس میں کوئی لغویات نہ سنیں گےo اس میں بہتے ہوئے چشمے ہوں گےo اس میں اونچے (بچھے ہوئے) تخت ہوں گےo اور جام (بڑے قرینے سے) رکھے ہوئے ہوں گےo اور غالیچے اور گاؤ تکیے قطار در قطار لگے ہوں گےo اور نرم و نفیس قالین اور مسندیں بچھی ہوں گیo"

۱۶۔ سورة القارعة

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

اَلْقَارِعَةُ○ مَا الْقَارِعَةُ○ وَ مَآ اَدْرَاکَ مَا الْقَارِعَةُ○ يَوْمَ يَكُوْنُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ ○ وَ تَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ○ فَأَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ ○ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ○ وَ أَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ○ فَأُمُّهٗ هَاوِيَةٌ○ وَ مَآ اَدْرَاکَ مَاهِيَهْ○ نَارٌ حَامِيَةٌ○ (القارعة، ۱۰۱:۱-۱۱)

"کھڑکھڑا دینے والا شدید جھٹکا اور کڑکo وہ (ہر شے کو) کھڑکھڑا دینے والا شدید جھٹکا اور کڑک کیا ہے؟o اور آپ کیا سمجھے ہیں کہ (ہر شے کو) کھڑکھڑا دینے والے شدید جھٹکے اور کڑک سے مراد کیا ہے؟o (اس سے مراد) وہ یوم قیامت ہے جس دن

(سارے) لوگ بکھرے ہوئے پروانوں کی طرح ہو جائیں گےo اور پہاڑ رنگ برنگی دھنکی ہوئی اون کی طرح ہو جائیں گےo پس وہ شخص کہ جس (کے اعمال) کے پلڑے بھاری ہوں گےo تو وہ خوشگوار عیش و مسرت میں ہوگاo اور جس شخص کے (اعمال کے) پلڑے ہلکے ہوں گےo تو اس کا ٹھکانہ ہاویہ (جہنم کا گڑھا) ہوگاo اور آپ کیا سمجھے ہیں کہ ہاویہ کیا ہے؟o (وہ جہنم کی) سخت دہکتی ہوئی آگ (کا انتہائی گہرا گڑھا) ہےo‘‘

www.MinhajBooks.com

باب چہارم

وظائف

النِسبةِ المحمدية صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(نسبتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پختگی کے وظائف)

www.MinhajBooks.com

﴿ ضروری ہدایت ﴾

اس باب میں **نسبتِ محمدی ﷺ کی پختگی اور زیارتِ نبوی ﷺ** کے لئے وظائف دیئے جا رہے ہیں جو کہ ۲۰ منزلوں پر مشتمل ہیں ہر منزل کی ابتداء کا طریقہ اور معمول لکھ دیا ہے۔ حسبِ اجازت اپنا وظیفہ جاری رکھیں، اگلی منزل کی اجازت ان شاء اللہ تعالیٰ ہر سال رمضان المبارک کے آخری عشرہ اعتکاف کے دوران ملا کرے گی۔

یہ دس روزہ اعتکاف پچھلی منزل کی تکمیل، اگلی منزل کی ابتداء اور اجازت کے لئے خلوت کا درجہ رکھتا ہے اس موقع پر نسبتِ محمدی ﷺ کی پختگی کی ریاضت خصوصی نگرانی میں کروائی جاتی ہے جب بھی پچھلی منزل کی تکمیل ہو گی تو اگلی منزل کی اجازت دی جائے گی جس کے بعد پچھلی منزل کے وظائف کو دہرانے کی ضرورت نہیں رہے گی۔

پہلی منزل

صاف ستھرے کپڑے پہن کر اور خوشبو لگا کر نماز عشاء پڑھیں، اِس کے بعد سونے سے قبل تازہ وضو کر کے مصلیٰ پر قبلہ رُخ بیٹھیں اور آنکھیں بند کر کے مراقبہ میں حضور ﷺ کی صورتِ مثالیہ کا نورانی تصور جمائیں اگر یہ تصور قائم نہ ہو سکے تو قبرِ انور یا جالی مبارک کا تصور جما لیں اور اسی کا مراقبہ کریں پھر درج ذیل وظیفہ کریں:

سینے کی دائیں جانب یَا اَحْمَدُ

سینے کی بائیں جانب یَا مُحَمَّدُ

اور درمیان میں دِل کے مقام پر یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

❁ اس وظیفہ کا عدد ایک سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ ہے اور اگر فرصت ہو تو ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھیں۔

اس کے بعد درج ذیل درود شریف سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھیں۔

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

بعدازاں حالتِ طہارت میں درود شریف پڑھتے ہوئے سو جائیں۔

❁ یہ وظیفہ پیر کی رات کو شروع کریں اور کم از کم چالیس (۴۰) دن جاری رکھیں یہ اس وظیفے کا عام معمول ہے ۱۰۰ دن کی بھی اجازت ہے، بعدازاں حسبِ سہولت پیر کی شب یا جمعہ کی شب دو میں سے کسی ایک کا ہفتہ وار معمول بنا لیں۔ اگلی اجازت تک اس منزل کو پابندی کے ساتھ جاری رکھیں اور ناغہ نہ ہونے دیں۔

❁ اِس وظیفہ کو نہایت محبت، ادب، اخلاص اور انہماک سے جاری رکھیں۔ اِنشاء اللہ نسبتِ محمدی ﷺ اور زیارت نبوی ﷺ کی خیرات نصیب ہوگی اور کثیر روحانی فیوضات، توجہات اور برکات عطا ہوں گی۔

دوسری منزل

صاف ستھرے کپڑے پہن کر اور خوشبو لگا کر نماز عشاء پڑھیں، اِس کے بعد سونے سے قبل تازہ وضو کر کے حضور ﷺ کی طرف سے **دو (۲) رکعت** نماز نفل ادا کریں۔

ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد ایک بار آیت الکرسی اور پندرہ (۱۵) بار سورۃ الاخلاص پڑھیں۔

پھر مصلیٰ پر قبلہ رُخ بیٹھیں اور آنکھیں بند کر کے مراقبہ میں حضور ﷺ کی صورتِ مثالیہ کا نورانی تصور جمائیں اگر یہ تصور قائم نہ ہو سکے تو قبرِ انور یا جالی مبارک کا تصور جما لیں اور اسی کا مراقبہ کریں، پھر درج ذیل وظیفہ کریں:

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

❁ اس وظیفہ کا عدد ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ روزانہ ہے۔

❁ یہ وظیفہ پیر کی رات کو شروع کریں اور کم از کم چالیس (۴۰) راتیں جاری رکھیں۔ بعدازاں حسبِ سہولت پیر کی شب یا جمعہ کی شب دو میں سے کسی ایک کا ہفتہ وار معمول بنا لیں۔ اگلی اجازت تک اس منزل کو پابندی کے ساتھ جاری رکھیں اور ناغہ نہ ہونے دیں۔

❁ اِس وظیفہ کو نہایت محبت، ادب، اخلاص اور انہماک سے جاری رکھیں۔ اِنشاء اللہ نسبتِ محمدی ﷺ اور زیارت نبوی ﷺ کی خیرات نصیب ہوگی اور کثیر روحانی فیوضات، توجہات اور برکات عطا ہوں گی۔ مزید عذابِ قبر اٹھ جائے گا مغفرت و جنت کی خوشخبری ملے گی، سکراتِ موت آسان ہو گا اور روزِ قیامت عزّت اور راحت ملے گی۔

تیسری منزل

صاف ستھرے کپڑے پہن کر اور خوشبو لگا کر نمازِ عشاء پڑھیں،

اِس کے بعد سونے سے قبل تازہ وضو کر کے مصلیٰ پر مدینہ منورہ کی طرف رُخ کر کے بیٹھیں اور آنکھیں بند کر کے مراقبہ میں حضور ﷺ کا تصور سفید شفاف لباس، سبز عمامہ مبارک اور نہایت منور چہرہ اقدس کی صورت میں جمائیں اگر یہ تصور قائم نہ ہو سکے تو قبرِ انور یا جالی مبارک کا تصور جما لیں اور اسی کا مراقبہ کریں، پھر درج ذیل وظیفہ کریں:

سینے کی دائیں جانب

اَلصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

سینے کی بائیں جانب

اَلصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ

اور درمیان میں دل کے مقام پر

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ

یہ تینوں ملا کر ایک وظیفہ ہے۔

❁ اس وظیفہ کا عدد ایک سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ ہے۔

اس سے زیادہ بار پڑھنے کی صورت میں شمار کرنے کی ضرورت نہیں۔

❁ یہ وِرد خفی آواز سے ضرب لگا کر کریں۔ دیر تک متواتر اِسی عمل کو اِنہماک اور محبت سے جاری رکھیں۔ اِختتام پر سو (۱۰۰) مرتبہ درج ذیل صیغہ کے ساتھ درود شریف پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَ رَسُوْلِکَ النَّبِیِّ

اُلْاُمِّیِّ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ وَ بَارِکْ وَسَلِّمْ

پھر حالتِ طہارت میں ہی سوتے وقت 21 مرتبہ **سورۃ النصر**:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ○

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ وَ الْفَتْحُ○ وَ رَاَیْتَ النَّاسَ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰہِ اَفْوَاجًا○ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّکَ وَ اسْتَغْفِرْہُ ط اِنَّہٗ کَانَ تَوَّابًا○

مکمل پڑھیں اور آپ ﷺ کے جمال مبارک کا تصور کرکے پھر تین مرتبہ

اَلصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

وَ عَلٰی اٰلِکَ وَ اَصْحَابِکَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ

پڑھ کر اپنی داہنی ہتھیلی پر دم کریں، اسے سر کے نیچے رکھیں اور قبلہ رُخ سو جائیں۔

❁ یہ وظیفہ پیر کی رات کو شروع کریں اور کم از کم چالیس (۴۰) راتیں جاری رکھیں۔ بعدازاں حسبِ سہولت پیر کی شب یا جمعہ کی شب دو میں سے کسی ایک کا ہفتہ وار معمول بنا لیں۔ اگلی اجازت تک اس منزل کو پابندی کے ساتھ جاری رکھیں اور ناغہ نہ ہونے دیں۔

❁ اِس وظیفہ کو نہایت محبت، ادب، اخلاص اور انہماک سے جاری رکھیں۔ اِنشاء اللہ نسبتِ محمدی ﷺ اور زیارت نبوی ﷺ کی خیرات نصیب ہوگی اور کثیر روحانی فیوضات، توجہات اور برکات عطا ہوں گی۔

نوٹ: اس وظیفہ میں عدد جس قدر زیادہ ہوگا اس قدر فائدہ بھی زیادہ ہوگا۔

چوتھی منزل

صاف ستھرے کپڑے پہن کر اور خوشبو لگا کر نماز عشاء پڑھیں، اِس کے بعد سونے سے قبل تازہ وضو کرکے مصلٰی پر قبلہ رُخ بیٹھیں اور آنکھیں بند کرکے مراقبہ میں حضور ﷺ کی صورتِ مثالیہ کا نورانی تصور جمائیں اگر یہ تصور قائم نہ ہو سکے تو قبرِ انور یا جالی مبارک کا تصور جما لیں اور اسی کا مراقبہ کریں، پھر درج ذیل وظیفہ کریں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَ الْاٰخِرِیْنَ وَ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی النَّبِیِّیْنَ وَ الْمُرْسَلِیْنَ وَ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْمَلَأِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ

❁ اس وظیفہ کا عدد ایک سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ ہے۔

اختتام پر درج ذیل کلمات کے ساتھ دعا کریں:

أَللّٰھُمَّ اَنْزَلْتَ الْمَطَرَ مِنَ السَّمَآءِ لِتُحْیِیَ بِهِ الْاَرْضَ وَتَسْقِیَ بِهِ الْعِبَادَ ○ أَللّٰھُمَّ إِنِّیْ قَدِ اشْتَدَّ شَوْقِیْ اِلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَ طَالَ حُزْنِیْ بِهٖ ○ أَللّٰھُمَّ فَارْحَمْنِیْ وَ امْنُنْ عَلَیَّ مِنْ نَظْرِ وَجْهِهٖ وَ نِسْبَةِ رُوْحِهٖ وَ حَضْرَتِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَ سَلَّمَ ○

❁ یہ وظیفہ پیر کی رات کو شروع کریں اور کم از کم چالیس (۴۰) راتیں جاری

رکھیں۔ بعدازاں حسبِ سہولت پیر کی شب یا جمعہ کی شب دو میں سے کسی ایک کا ہفتہ وار معمول بنا لیں۔ اگلی اجازت تک اس منزل کو پابندی کے ساتھ جاری رکھیں اور ناغہ نہ ہونے دیں۔

❁ اِس وظیفہ کو نہایت محبت، ادب، اخلاص اور انہماک سے جاری رکھیں۔ اِنشاء اللہ نسبتِ محمدی ﷺ اور زیارت نبوی ﷺ کی خیرات نصیب ہوگی اور کثیر روحانی فیوضات، توجہات اور برکات عطا ہوں گی۔

دعاؤں کی قبولیت، دشمن پر مدد، گناہوں کی معافی اور کثرت سے دیگر روحانی برکات کے علاوہ اس وظیفہ کی برکت سے حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ کی حضوری اور خصوصی قربت نصیب ہو گی، خاص روحانی عزت اور وجاہت کا لباس پہنایا جائے گا۔

پانچویں منزل

صاف ستھرے کپڑے پہن کر اور خوشبو لگا کر نماز عشاء پڑھیں، اِس کے بعد سونے سے قبل تازہ وضو کرکے مصلیٰ پر قبلہ رُخ بیٹھیں اور آنکھیں بند کرکے مراقبہ میں حضور ﷺ کی صورتِ مثالیہ کا نورانی تصور جمائیں اگر یہ تصور قائم نہ ہو سکے تو قبرِ انور یا جالی مبارک کا تصور جما لیں اور اسی کا مراقبہ کریں، پھر درج ذیل وظیفہ کریں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنَ الصَّلٰوۃِ شَیْءٌ وَّارْحَمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدًا وَّ اٰلَ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنَ الرَّحْمَةِ شَیْءٌ وَّ بَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنَ الْبَرَکَةِ شَیْءٌ وَّسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنَ السَّلَامِ شَیْءٌ۔

❁ اس وظیفہ کا عدد ایک سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ ہے۔

❁ یہ وظیفہ پیر کی رات کو شروع کریں اور کم از کم چالیس (۴۰) راتیں جاری رکھیں۔ بعدازاں حسبِ سہولت پیر کی شب یا جمعہ کی شب دو میں سے کسی ایک کا ہفتہ وار معمول بنا لیں۔ اگلی اجازت تک اس منزل کو پابندی کے ساتھ جاری رکھیں اور ناغہ نہ ہونے دیں۔

❁ اِس وظیفہ کو نہایت محبت، ادب، اخلاص اور انہماک سے جاری رکھیں۔ اِنشاء اللہ نسبتِ محمدی ﷺ اور زیارت نبوی ﷺ کی خیرات نصیب ہوگی اور کثیر روحانی فیوضات، توجہات اور برکات عطا ہوں گی۔

❁ اس وظیفہ کی برکت سے ان شاء اللہ تعالیٰ حضور ﷺ اپنی کچہری میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور اولیاء عظام کے ہمراہ شرفِ حضوری عطا فرمائیں گے۔

❁ زیارتِ نبوی ﷺ اور نسبتِ محمدی ﷺ کے لئے یہ وظیفہ نہایت مجرب اور مفید ہے۔

www.MinhajBooks.com

چھٹی منزل

صاف ستھرے کپڑے پہن کر اور خوشبو لگا کر نماز عشاء پڑھیں، اِس کے بعد سونے سے قبل تازہ وضو کرکے مصلیٰ پر قبلہ رُخ بیٹھیں اور آنکھیں بند کرکے مراقبہ میں حضور ﷺ کی صورتِ مثالیہ کا نورانی تصور جمائیں اگر یہ تصور قائم نہ ہو سکے تو قبرِ انور یا جالی مبارک کا تصور جما لیں اور اسی کا مراقبہ کریں، پھر درج ذیل وظیفہ کریں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِهٖ فِیْ کُلِّ یَوْمٍ وَّ لَیْلَةٍ وَّ نَفَسٍ وَّ لَمْحَةٍ مِّنَ الْاَبَدِ اِلَی الْاَبَدِ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ

❁ اس وظیفہ کا عدد ایک سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ ہے۔

❁ یہ وظیفہ پیر کی رات کو شروع کریں اور کم از کم چالیس (۴۰) راتیں جاری رکھیں۔ بعدازاں حسبِ سہولت پیر کی شب یا جمعہ کی شب دو میں سے کسی ایک کا ہفتہ وار معمول بنا لیں۔ اگلی اجازت تک اس منزل کو پابندی کے ساتھ جاری رکھیں اور ناغہ نہ ہونے دیں۔

❁ اِس وظیفہ کو نہایت محبت، ادب، اخلاص اور انہماک سے جاری رکھیں۔ اِنشاء اللہ نسبتِ محمدی ﷺ اور زیارت نبوی ﷺ کی خیرات نصیب ہوگی اور کثیر روحانی فیوضات، توجہات اور برکات عطا ہوں گی۔

❁ زیارتِ نبوی ﷺ اور نسبتِ محمدی ﷺ کے لئے یہ وظیفہ نہایت مفید اور

مؤثر ہے۔

ساتویں منزل

صاف ستھرے کپڑے پہن کر اور خوشبو لگا کر نماز عشاء پڑھیں، اِس کے بعد سونے سے قبل تازہ وضو کر کے مصلیٰ پر قبلہ رُخ بیٹھیں اور آنکھیں بند کر کے مراقبہ میں حضور ﷺ کی صورتِ مثالیہ کا نورانی تصور جمائیں اگر یہ تصور قائم نہ ہو سکے تو قبرِ انور یا جالی مبارک کا تصور جما لیں اور اسی کا مراقبہ کریں، پھر درج ذیل وظیفہ کریں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِهٖ صَلَاةً اَنْتَ لَهَا اَهْلٌ وَ هُوَ لَهَا اَهْلٌ عَلٰی قَدْرِ حُبِّکَ فِیْهِ وَ عِنَایَتِکَ بِهٖ۔

❁ اس وظیفہ کا عدد **ایک سو (۱۰۰)** مرتبہ روزانہ ہے۔

❁ یہ وظیفہ پیر کی رات کو شروع کریں اور کم از کم چالیس (۴۰) راتیں جاری رکھیں۔ بعدازاں حسبِ سہولت پیر کی شب یا جمعہ کی شب دو میں سے کسی ایک کا ہفتہ وار معمول بنا لیں۔ اگلی اجازت تک اس منزل کو پابندی کے ساتھ جاری رکھیں اور ناغہ نہ ہونے دیں۔

❁ اِس وظیفہ کو نہایت محبت، ادب، اخلاص اور انہماک سے جاری رکھیں۔ اِنشاء اللہ نسبتِ محمدی ﷺ اور زیارت نبوی ﷺ کی خیرات نصیب ہوگی اور کثیر روحانی فیوضات، توجہات اور برکات عطا ہوں گی۔

❁ زیارتِ نبوی ﷺ اور نسبتِ محمدی ﷺ کے لئے یہ وظیفہ نہایت مجرب اور مفید ہے۔

آٹھویں منزل

صاف ستھرے کپڑے پہن کر اور خوشبو لگا کر نماز عشاء پڑھیں، اِس کے بعد سونے سے قبل تازہ وضو کرکے مصلٰی پر قبلہ رُخ بیٹھیں اور آنکھیں بند کرکے مراقبہ میں حضور ﷺ کی صورتِ مثالیہ کا نورانی تصور جمائیں اگر یہ تصور قائم نہ ہو سکے تو قبرِ انور یا جالی مبارک کا تصور جما لیں اور اسی کا مراقبہ کریں، پھر درج ذیل وظیفہ کریں:

أَللّٰهُمَّ رَبَّ الْبَيْتِ الْحَرَامِ وَ الشَّهْرِ الْحَرَامِ وَ الرُّكْنِ وَ الْمَقَامِ○ إِقْرَأْ عَلٰى رُوْحِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِّنِّيْ السَّلَامَ

❁ اس وظیفہ کا عدد ایک سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ ہے۔

اختتام پر ان کلمات کے ساتھ دعا کریں:

اَللّٰهُمَّ اَنْزَلْتَ الْمَطَرَ مِنَ السَّمَآءِ لِتُحْيِيَ بِهِ الْاَرْضَ وَتَسْقِيَ بِهِ الْعِبَادَ○ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ قَدِ اشْتَدَّ شَوْقِيْ اِلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ طَالَ حُزْنِيْ بِهٖ○ اَللّٰهُمَّ فَارْحَمْنِيْ وَ امْنُنْ عَلَيَّ مِنْ نَظْرِ وَجْهِهٖ وَ نِسْبَةِ رُوْحِهٖ وَ حَضْرَتِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَ سَلَّمَ○

اس کے بعد کسی سے کلام کئے بغیر سو جائیں۔

❁ یہ وظیفہ پیر کی رات کو شروع کریں اور کم از کم چالیس (۴۰) راتیں جاری

رکھیں۔ بعدازاں حسبِ سہولت پیر کی شب یا جمعہ کی شب دو میں سے کسی ایک کا ہفتہ وار معمول بنا لیں۔ اگلی اجازت تک اس منزل کو پابندی کے ساتھ جاری رکھیں اور ناغہ نہ ہونے دیں۔

❁ اِس وظیفہ کو نہایت محبت، ادب، اخلاص اور انہماک سے جاری رکھیں۔

اِنشاء اللہ نسبتِ محمدی ﷺ کی خیرات کے ساتھ خواب میں آپ ﷺ کا دیدار بھی نصیب ہو گا اور کثیر روحانی فیوضات، توجہات اور برکات عطا ہوں گی۔

نویں منزل

صاف ستھرے کپڑے پہن کر اور خوشبو لگا کر نمازِ عشاء پڑھیں، اِس کے بعد سونے سے قبل تازہ وضو کر کے حضور ﷺ کی طرف سے **دو (۲) رکعت** نمازِ نفل ادا کریں۔

ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ سورۃ الکوثر پڑھیں۔

پھر مصلیٰ پر قبلہ رُخ بیٹھیں اور آنکھیں بند کر کے مراقبہ میں حضور ﷺ کی صورتِ مثالیہ کا نورانی تصور جمائیں اگر یہ تصور قائم نہ ہو سکے تو قبرِ انور یا جالی مبارک کا تصور جما لیں اور اسی کا مراقبہ کریں، پھر پوری دلجمعی اور حضورِ قلب کے ساتھ درج ذیل وظیفہ کریں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی وَجْہِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْوُجُوْہِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی نَفْسِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی النُّفُوْسِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی قَلْبِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُلُوْبِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی جَسَدِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سِرِّ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الاَسْرَارِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی نُوْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَنْوَارِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی قَبْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَمْعِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَسْمَاعِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی بَصَرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَبْصَارِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَوْقِفِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْمَوَاقِفِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَشْھَدِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْمَشَاھِدِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی حَرَکَتِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْحَرَکَاتِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سُکُوْنِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی السَّکَنَاتِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی قُعُوْدِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُعُوْدَاتِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی قِیَامِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقِیَامَاتِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی کَلَامِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْکَلِمَاتِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سُکُوْتِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی السَّکِنَاتِ

- اس وظیفہ کا عدد **چالیس (۴۰)** مرتبہ روزانہ ہے۔
- چالیس (۴۰) مرتبہ پڑھ کر آخری بار ایک مرتبہ

وَعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

کے کلمات ساتھ ملا لیں۔

- یہ وظیفہ پیر کی رات کو شروع کریں اور کم از کم چالیس (۴۰) راتیں جاری رکھیں۔ بعدازاں حسبِ سہولت پیر کی شب یا جمعہ کی شب دو میں سے کسی ایک کا ہفتہ وار معمول بنا لیں۔ اگلی اجازت تک اس منزل کو پابندی کے ساتھ جاری رکھیں اور ناغہ نہ ہونے دیں۔
- اِس وظیفہ کو نہایت محبت، ادب، اخلاص اور انہماک سے جاری رکھیں۔ اِنشاء اللہ حصول نسبتِ محمدی ﷺ میں آسانی ہوگی اور زیارت نبوی ﷺ کی خیرات نصیب ہوگی اور کثیر روحانی فیوضات، توجہات اور برکات عطا ہوں گی۔

نوٹ: اگر کسی کے پاس فرصت کم ہو اور وظیفہ میں تسلسل برقرار رکھنا چاہے اور ناغہ نہ ہونے دے تو درج بالا درودِ پاک گیارہ بار پڑھے۔

دسویں منزل

صاف ستھرے کپڑے پہن کر اور خوشبو لگا کر نماز عشاء پڑھیں، اِس کے بعد سونے سے قبل تازہ وضو کر کے مصلیٰ پر قبلہ رُخ بیٹھیں اور آنکھیں بند کر کے مراقبہ میں حضور ﷺ کی صورتِ مثالیہ کا نورانی تصور جمائیں اگر یہ تصور قائم نہ ہو سکے تو قبرِ انور یا جالی مبارک کا تصور جما لیں اور اسی کا مراقبہ کریں، پھر درج ذیل وظیفہ کریں:

اَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ○ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○
لَقَدْ جَآءَ كُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ
عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ○ (التوبہ،۹: ۱۲۸)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَ سَلَّمْتَ وَ بَارَكْتَ عَلٰى
اِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالنَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْعَرَبِيِّ
الْقُرَشِيِّ الْهَاشِمِيِّ الاَبْطَحِيِّ التَّهَامِيِّ الْمَكِّيِّ، عَبْدِكَ وَ
رَسُوْلِكَ وَ حَبِيْبِكَ، السَّيِّدِ الصَّفِيِّ الْكَامِلِ الْفَاتِحِ
الْخَاتِمِ الْوَاصِلِ صَاحِبِ الصَّفَا وَ الْمَرْوَةِ وَ الْمَشْعَرِالْحَرَامِ،
صَاحِبِ الْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ وَ الْحَوْضِ الْمَوْرُوْدِ، صَاحِبِ
الشَّفَاعَةِ الْكُبْرٰى وَالْوَسِيْلَةِ الْعُظْمٰى، صَاحِبِ الْمَكَانَةِ
الْعُلْيَا وَالْمَنْزِلَةِ الزُّلْفٰى وَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ اَدْنٰى، السَّابِقِ
لِلْخَلْقِ نُوْرُهٗ وَ الرَّحْمَةِ لِلْعَالَمِيْنَ ظُهُوْرُهٗ، صَاحِبِ لِسَانِ
الْقِدَمِ وَ مَنْبَعِ الْعِلْمِ وَ الْحِكَمِ مَظْهَرِ سِرِّ الْوُجُوْدِ، مَعْدَنِ
الْاِحْسَانِ وَ الْجُوْدِ، حَبِيْبِ الرَّبِّ الْمَعْبُوْدِ، النُّوْرِ الْبَهِيِّ وَ

الدُّرِّ النَقِيِّ، الْمِصْبَاحِ الْقَوِيِّ وَ الْعَرِيْشِ السَّقِيِّ، خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ رَحْمَةٍ لِّلْعَالَمِيْنَ، حَبِيْبِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَ الْأَرَضِيْنَ، غَيَاثِ الْمَوْجُوْدَاتِ وَ شَفِيْعِ الْخَلَائِقِ أَجْمَعِيْنَ، وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ أَصْحَابِهٖ وَ اَوْلَادِهٖ وَ اَزْوَاجِهٖ وَ اَهْلِ بَيْتِهٖ وَ ذُرِّيَّاتِهٖ وَ أَصْهَارِهٖ وَأَنْصَارِهٖ وَ أَشْيَاعِهٖ وَ أَتْبَاعِهٖ صَلاةً طَيِّبَةً مُبَارَكَةً بَاقِيَةً وَ سَلَامًا مُسْتَمِرَّةَ الدَّوَامِ عَلٰى مَرِّ اللَّيَالِيْ وَ الْأَيَّامِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ

بحق بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلاً مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَ يُزَكِّيْهِمْ وَ يُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَ الْحِكْمَةَ ج وَ اِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ○ (اٰل عمران، ۳:۱۶۴)

و بحق بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

وَ لَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ○ (الحجر، ۱۵:۸۷)

و بحق بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

اِنَّ فِيْ هٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عَابِدِيْنَ○ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ○ قُلْ اِنَّمَا يُوْحٰى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ج فَهَلْ

اَنتُمْ مُّسْلِمُوْنَ○ (الانبیاء، ۲۱:۱۰۶۔۱۰۸)

و بحق بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ○ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ○ عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ○ بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ○

(الشعرآء، ۲۶:۱۹۲۔۱۹۵)

و بحق بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

يٰسٓ○ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ○ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ○ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ○ (یٰسٓ، ۳۶:۱۔۴)

و بحق بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ○ مَآ اَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُوْنٍ○ وَاِنَّ لَكَ لَاَجْرًا غَيْرَ مَمْنُوْنٍ○ وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ○

(القلم، ۶۸:۱۔۴)

دُعا: اَللّٰهُمَّ مَتِّعْنِیْ بِرُؤْيَةِ حَبِيْبِكَ النَّبِيِّ الْمُصْطَفٰى وَاسْتَعْمِلْ بَدَنِیْ عَلٰى خِدْمَتِهٖ وَ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰى مَحَبَّتِهٖ وَ وَفِّقْ رُوْحِیْ مِنْ نِسْبَتِهٖ وَحَقِّقْ سِرِّیْ فِیْ حَضْرَتِهٖ وَانْفَعْنِیْ مِنْ مَعْرِفَتِهٖ وَاسْقِنِیْ بِكَاْسَتِهٖ وَلَذِّذْنِیْ بِزِيَارَتِهٖ وَأَحْيِنِیْ عَلٰى

خِدْمَتِهٖ وَ سُنَّتِهٖ وَتَوَفَّنِیْ عَلٰی شَفَاعَتِهٖ وَ مِلَّتِهٖ وَاحْشُرْنِیْ فِیْ حِزْبِهٖ وَ زُمْرَتِهٖ اٰمِیْن یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ۔

اس کے بعد سورۃ مریم کی پہلی چار آیات کی تلاوت کریں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ○

كٓهٰیٰعٓصٓ○ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِیَّا○ اِذْ نَادٰی رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِیًّا○ قَالَ رَبِّ اِنِّیْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّیْ وَ اشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَیْبًا وَّ لَمْ اَكُنْۢ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِیًّا ○

اور آخر میں

"وَّ لَمْ اَكُنْۢ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِیًّا"

کے کلمات کو سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھیں۔

❁ یہ وظیفہ پیر کی رات کو شروع کریں اور کم از کم چالیس (۴۰) راتیں جاری رکھیں۔ بعدازاں حسبِ سہولت پیر کی شب یا جمعہ کی شب دو میں سے کسی ایک کا ہفتہ وار معمول بنا لیں۔ اگلی اجازت تک اس منزل کو پابندی کے ساتھ جاری رکھیں اور ناغہ نہ ہونے دیں۔

❁ اِس وظیفہ کو نہایت محبت، ادب، اخلاص اور انہماک سے جاری رکھیں۔ اِنشاء اللہ نسبتِ محمدی ﷺ اور زیارت نبوی ﷺ کی خیرات نصیب ہوگی اور کثیر روحانی فیوضات، توجہات اور برکات عطا ہوں گی۔

نوٹ: اگر کسی کے پاس فرصت کم ہو اور وظیفہ میں تسلسل برقرار رکھنا چاہے اور

ناغہ نہ ہونے دے تو درج بالا آیات گیارہ مرتبہ پڑھے۔

گیارھویں منزل

ہر رات نصف شب یا کچھ دیر بعد اُٹھ کر صاف ستھرے کپڑے پہن کر اور خوشبو لگا کر نمازِ تہجد ادا کریں، اِس کے بعد رُخ مدینہ منورہ کی طرف کر کے حالتِ تشہد میں بیٹھیں اور تصور، طبیعت اور دل مکمل یکسوئی کے ساتھ بارگاہِ محمدی ﷺ کی طرف متوجہ کریں اور حضور ﷺ کی صورتِ مثالیہ کا نورانی تصور جمائیں اگر یہ تصور قائم نہ ہو سکے تو قبرِ انور یا جالی مبارک کا تصور جما لیں اور اسی کا مراقبہ کریں پھر درج ذیل وظیفہ کریں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَ الْاٰخِرِیْنَ وَ فِی الْمَلَاِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ

یا

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

❁ اس وظیفہ کا عدد ایک سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ ہے۔

اس کے بعد سو (۱۰۰) مرتبہ سورۃ الکوثر پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ○

اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ○ فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ○ اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الْاَبْتَرُ○

وظیفہ کے بعد نسبتِ محمدی ﷺ کے حصول اور بارگاہِ محمدی ﷺ کی حضوری کی دعا کر کے قبلہ رُخ سو جائیں اور مقررہ وقت پر اُٹھ کر نمازِ فجر ادا کریں۔

❁ یہ وظیفہ پیر کی رات کو شروع کریں اور کم از کم چالیس (۴۰) راتیں جاری رکھیں۔ بعدازاں حسبِ سہولت پیر کی شب یا جمعہ کی شب دو میں سے کسی ایک کا ہفتہ وار معمول بنا لیں۔ اگلی اجازت تک اس منزل کو پابندی کے ساتھ جاری رکھیں اور ناغہ نہ ہونے دیں۔

❁ اِس وظیفہ کو نہایت محبت، ادب، اخلاص اور انہماک سے جاری رکھیں۔ اِنشاء اللہ نسبتِ محمدی ﷺ اور زیارت نبوی ﷺ کی خیرات نصیب ہوگی اور کثیر روحانی فیوضات، توجہات اور برکات عطا ہوں گی۔

اگر اس میں دوام رکھا جائے تو نسبتِ محمدی ﷺ کے حصول اور تحقق کے لئے بڑا ہی مفید ہوگا۔

سورۃ الکوثر نماز تہجد کی رکعات میں بھی پڑھ سکتے ہیں اس صورت میں ہر رکعت میں برابر عدد کے حساب سے تقسیم کر لیں۔ ایسی صورت میں درود شریف کا وظیفہ تہجد سے فراغت کے بعد کر سکتے ہیں۔

بارھویں منزل

صاف ستھرے کپڑے پہن کر اور خوشبو لگا کر نمازِ عشاء پڑھیں، اِس کے بعد سونے سے قبل تازہ وضو کر کے مصلیٰ پر مدینہ منورہ کی طرف رُخ کر کے بیٹھیں اور آنکھیں بند کر کے مراقبہ میں حضور ﷺ کا تصور سفید شفاف لباس، سبز عمامہ مبارک

اور نہایت منور چہرہ اقدس کی صورت میں جمائیں اگر یہ تصور قائم نہ ہو سکے تو قبرِ انور یا جالی مبارک کا تصور جما لیں اور اسی کا مراقبہ کریں، پھر درج ذیل وظیفہ کریں:

❁ پہلے سو(۱۰۰) مرتبہ درود شریف درج ذیل صیغہ کے ساتھ پڑھیں:

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

❁ اس کے بعد چالیس (۴۰) مرتبہ سورۃ الضحیٰ کا وِرد کریں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالضُّحٰی ○ وَ الَّیْلِ إِذَا سَجٰی ○ مَا وَدَّعَکَ رَبُّکَ وَمَا قَلٰی ○ وَلَلْاٰخِرَۃُ خَیْرٌ لَّکَ مِنَ الْاُوْلٰی ○ وَلَسَوْفَ یُعْطِیْکَ رَبُّکَ فَتَرْضٰی ○ أَلَمْ یَجِدْکَ یَتِیْمًا فَاٰوٰی ○ وَوَجَدَکَ ضَآلًّا فَھَدٰی ○ وَوَجَدَکَ عَآئِلًا فَاَغْنٰی ○ فَاَمَّا الْیَتِیْمَ فَلَا تَقْھَرْ ○ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْھَرْ ○ وَ أَمَّا بِنِعْمَۃِ رَبِّکَ فَحَدِّثْ ○

جب آخری بار پڑھتے ہوئے

"وَلَسَوْفَ یُعْطِیْکَ رَبُّکَ فَتَرْضٰی"

پر پہنچیں تو اس آیت کریمہ کا سو(۱۰۰) مرتبہ ورد کریں پھر بقیہ سورت مکمل کر لیں۔

❁ اختتام پر چالیس (۴۰) مرتبہ پڑھیں:

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ
وَ عَلٰی اٰلِکَ وَاَصْحَابِکَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ

❁ یہ وظیفہ پیر کی رات کو شروع کریں اور کم از کم چالیس (۴۰) راتیں جاری رکھیں۔ بعدازاں حسبِ سہولت پیر کی شب یا جمعہ کی شب دو میں سے کسی ایک کا ہفتہ وار معمول بنا لیں۔ اگلی اجازت تک اس منزل کو پابندی کے ساتھ جاری رکھیں اور ناغہ نہ ہونے دیں۔

❁ اِس وظیفہ کو نہایت محبت، ادب، اخلاص اور انہماک سے جاری رکھیں۔ اِنشاء اللہ نسبتِ محمدی ﷺ اور زیارت نبوی ﷺ کی خیرات نصیب ہوگی اور کثیر روحانی فیوضات، توجہات اور برکات عطا ہوں گی۔

نوٹ: اگر کسی کے پاس فرصت کم ہو اور وظیفہ میں تسلسل برقرار رکھنا چاہے اور ناغہ نہ ہونے دے تو اس سورۃ کو گیارہ بار پڑھے۔

تیرھویں منزل

صاف ستھرے کپڑے پہن کر اور خوشبو لگا کر نمازِ عشاء پڑھیں، اِس کے بعد سونے سے قبل تازہ وضو کرکے مصلیٰ پر مدینہ منورہ کی طرف رُخ کرکے بیٹھیں اور آنکھیں بند کرکے مراقبہ میں حضور ﷺ کا تصور سفید شفاف لباس، سبز عمامہ مبارک اور نہایت منور چہرہ اقدس کی صورت میں جمائیں اگر یہ تصور قائم نہ ہو سکے تو قبرِ انور یا جالی مبارک کا تصور جما لیں اور اسی کا مراقبہ کریں، پھر درج ذیل وظیفہ کریں:

❁ پہلے سو (۱۰۰) مرتبہ درود شریف درج ذیل صیغہ کے ساتھ پڑھیں:

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

❁ اس کے بعد چالیس (۴۰) مرتبہ سورۃ الانشراح کا وِرد کریں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

أَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ○ وَوَضَعْنَا عَنْکَ وِزْرَکَ○ الَّذِیْ أَنْقَضَ ظَهْرَکَ○ وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ○ فَإِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا○ إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا○ فَإِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ○ وَإِلٰی رَبِّکَ فَارْغَبْ○

جب آخری بار پڑھتے ہوئے

"وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ"

پر پہنچیں تو اِس آیت کریمہ کا سو (۱۰۰) مرتبہ ورد کریں پھر بقیہ سورت مکمل کر لیں۔

❁ اختتام پر چالیس (۴۰) مرتبہ پڑھیں

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْکَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ
وَ عَلٰی اٰلِکَ وَاَصْحَابِکَ يَا حَبِيْبَ اللّٰهِ

❁ یہ وظیفہ پیر کی رات کو شروع کریں اور کم از کم چالیس (۴۰) راتیں جاری رکھیں۔ بعدازاں حسبِ سہولت پیر کی شب یا جمعہ کی شب دو میں سے کسی ایک کا ہفتہ وار معمول بنا لیں۔ اگلی اجازت تک اس منزل کو پابندی کے ساتھ جاری رکھیں اور ناغہ نہ ہونے دیں۔

❁ اِس وظیفہ کو نہایت محبت، ادب، اخلاص اور انہماک سے جاری رکھیں۔

www.MinhajBooks.com

اِنشاء اللہ نسبتِ محمدی ﷺ اور زیارت نبوی ﷺ کی خیرات نصیب ہوگی اور کثیر روحانی فیوضات، توجہات اور برکات عطا ہوں گی۔

نوٹ: اگر کسی کے پاس فرصت کم ہو اور وظیفہ میں تسلسل برقرار رکھنا چاہے اور ناغہ نہ ہونے دے تو اس سورۃ کو گیارہ بار پڑھے۔

چودھویں منزل

صاف ستھرے کپڑے پہن کر اور خوشبو لگا کر نماز عشاء پڑھیں، اِس کے بعد سونے سے قبل تازہ وضو کرکے مصلٰی پر قبلہ رُخ بیٹھیں اور آنکھیں بند کرکے مراقبہ میں حضور ﷺ کی صورتِ مثالیہ کا نورانی تصور جمائیں اگر یہ تصور قائم نہ ہو سکے تو قبرِ انور یا جالی مبارک کا تصور جما لیں اور اسی کا مراقبہ کریں، پھر درج ذیل وظیفہ کریں:

- پہلے سو (۱۰۰) مرتبہ درود شریف درج ذیل صیغہ کے ساتھ پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی نُوْرِ الْاَنْوَارِ، و سِرِّ الْاَسْرَارِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُخْتَارِ وَ عَلٰی اٰلِهِ الْأَطْهَارِ وَ أَصْحَابِهِ الْأَخْيَارِ عَدَدَ نِعْمَتِکَ وَ کَلِمَتِکَ۔

- اس دوران نورِ محمدی ﷺ کے تصور کا مراقبہ کریں
- اس کے بعد سورۂ طٰہٰ کی پہلی آٹھ (۸) آیات کا وِرد چالیس (۴۰) مرتبہ کریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

طٰهٰ○ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْکَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ○ اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ

يَّخْشٰى ○ تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَ السَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ○ اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ○ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَ مَا بَيْنَهُمَا وَ مَا تَحْتَ الثَّرٰى ○ وَ اِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ السِّرَّ وَ اَخْفٰى ○ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ○

❁ یہ وظیفہ پیر کی رات کو شروع کریں اور کم از کم چالیس (۴۰) راتیں جاری رکھیں۔ بعدازاں حسبِ سہولت پیر کی شب یا جمعہ کی شب دو میں سے کسی ایک کا ہفتہ وار معمول بنا لیں۔ اگلی اجازت تک اس منزل کو پابندی کے ساتھ جاری رکھیں اور ناغہ نہ ہونے دیں۔

❁ اِس وظیفہ کو نہایت محبت، ادب، اخلاص اور انہماک سے جاری رکھیں۔ اس وظیفہ کی برکت سے ان شاء اللہ دل نورِ حق سے معمور ہوگا اور حضور ﷺ کی زیارت اور اعلیٰ نسبت نصیب ہو گی اور کثیر روحانی فیوضات، توجہات اور برکات عطا ہوں گی۔

نوٹ: اگر کسی کے پاس فرصت کم ہو اور وظیفہ میں تسلسل برقرار رکھنا چاہے اور ناغہ نہ ہونے دے تو ان آیات کو گیارہ بار پڑھے۔

پندرھویں منزل

صاف ستھرے کپڑے پہن کر اور خوشبو لگا کر نمازِ عشاء پڑھیں، اِس کے بعد سونے سے قبل تازہ وضو کر کے مصلیٰ پر قبلہ رُخ بیٹھیں اور آنکھیں بند کر کے مراقبہ میں حضور ﷺ کی صورتِ مثالیہ کا نورانی تصور جمائیں اگر یہ تصور قائم نہ ہو سکے تو قبرِ

انور یا جالی مبارک کا تصور جما لیں اور اسی کا مراقبہ کریں، پھر درج ذیل وظیفہ کریں:

❁ پہلے سو(۱۰۰) مرتبہ درود شریف درج ذیل صیغہ کے ساتھ پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ وَسَلِّمْ عَدَدَ مَا عَلِمْتَ، وَ زِنَۃَ مَا عَلِمْتَ وَ مِلْءَ مَا عَلِمْتَ۔

اس کے بعد سورۃ الانبیاء کی تین آیات: ۱۰۶، ۱۰۷، ۱۰۸ کا ورد چالیس (۴۰) مرتبہ کریں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّ فِیْ ھٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عٰبِدِیْنَ○ وَ مَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ○ قُلْ اِنَّمَا یُوْحٰٓی اِلَیَّ اَنَّمَآ اِلٰھُکُمْ اِلٰـہٌ وَّاحِدٌ ج فَھَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ○

آخری بار آیت

”وَ مَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ“

سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھیں اور پھر بقیہ وظیفہ مکمل کر لیں۔

❁ یہ وظیفہ پیر کی رات کو شروع کریں اور کم از کم چالیس (۴۰) راتیں جاری رکھیں۔ بعدازاں حسبِ سہولت پیر کی شب یا جمعہ کی شب دو میں سے کسی ایک کا ہفتہ وار معمول بنا لیں۔ اگلی اجازت تک اس منزل کو پابندی کے ساتھ جاری رکھیں اور

ناغہ نہ ہونے دیں۔

❁ اِس وظیفہ کو نہایت محبت، ادب، اخلاص اور انہماک سے جاری رکھیں۔ اِنشاء اللہ نسبتِ محمدی ﷺ اور زیارت نبوی ﷺ کی خیرات نصیب ہوگی اور کثیر روحانی فیوضات، توجہات اور برکات عطا ہوں گی۔

❁ اس وظیفہ کی برکت سے حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ کی حضوری اور خصوصی قربت نصیب ہوگی، خاص روحانی عزت اور وجاہت کا لباس پہنایا جائے گا۔

سولہویں منزل

صاف ستھرے کپڑے پہن کر اور خوشبو لگا کر نماز عشاء پڑھیں، اِس کے بعد سونے سے قبل تازہ وضو کرکے مصلیٰ پر قبلہ رُخ بیٹھیں اور آنکھیں بند کرکے مراقبہ میں حضور ﷺ کی صورتِ مثالیہ کا نورانی تصور جمائیں اگر یہ تصور قائم نہ ہو سکے تو قبرِ انور یا جالی مبارک کا تصور جما لیں اور اسی کا مراقبہ کریں، پھر درج ذیل وظیفہ کریں:

❁ پہلے سو(۱۰۰) مرتبہ درود شریف درج ذیل صیغہ کے ساتھ پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحَبِیْبِ الْکَرِیْمِ عَالِی الْقَدْرِ ذِی الْجَاہِ الْعَظِیْمِ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

اس کے بعد سورۃ یٰسین کی پہلی پانچ آیات کا ورد **چالیس (۴۰)** مرتبہ اس طرح کریں:

www.MinhajBooks.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

يٰسٓ، يٰسٓ، يٰسٓ، يٰسٓ، يٰسٓ، يٰسٓ، يٰسٓ○

وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ○ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ○ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ○ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ○

ہر بار شروع میں ''یٰسٓ'' کا کلمہ **سات مرتبہ** دہرائیں اور پھر بقیہ چار آیات پڑھیں۔

❁ یہ وظیفہ پیر کی رات کو شروع کریں اور کم از کم چالیس (۴۰) راتیں جاری رکھیں۔ بعدازاں حسبِ سہولت پیر کی شب یا جمعہ کی شب دو میں سے کسی ایک کا ہفتہ وار معمول بنا لیں۔ اگلی اجازت تک اس منزل کو پابندی کے ساتھ جاری رکھیں اور ناغہ نہ ہونے دیں۔

❁ اِس وظیفہ کو نہایت محبت، ادب، اخلاص اور انہماک سے جاری رکھیں۔ اِنشاء اللہ نسبتِ محمدی ﷺ اور زیارت نبوی ﷺ کی خیرات نصیب ہوگی اور کثیر روحانی فیوضات، توجہات اور برکات عطا ہوں گی۔

سترہویں منزل

صاف ستھرے کپڑے پہن کر اور خوشبو لگا کر نمازِ عشاء پڑھیں، اِس کے بعد سونے سے قبل تازہ وضو کرکے مصلٰی پر قبلہ رُخ بیٹھیں اور آنکھیں بند کرکے مراقبہ میں حضور ﷺ کی صورتِ مثالیہ کا نورانی تصور جمائیں اگر یہ تصور قائم نہ ہو سکے تو قبرِ انور یا جالی مبارک کا تصور جما لیں اور اسی کا مراقبہ کریں، پھر درج ذیل وظیفہ کریں:

❁ پہلے سو (۱۰۰) مرتبہ درود شریف درج ذیل صیغہ کے ساتھ پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ مَلَأْتَ قَلْبَهٗ مِنْ جَلَالِکَ وَ عَیْنَهٗ مِنْ جَمَالِکَ فَاَصْبَحَ فَرِحًا مَّسْرُوْرًا مُؤَیَّدًا مَّنْصُوْرًا وَّ عَلٰی اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذَالِکَ۔

اس کے بعد سورۃ البقرہ کی آیت ۱۴۴ کا ورد چالیس (۴۰) مرتبہ ریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ○

قَدْ نَرٰی تَقَلُّبَ وَجْهِکَ فِی السَّمَآءِ ج فَلَنُوَلِّیَنَّکَ قِبْلَةً تَرْضَاهَا ص فَوَلِّ وَجْهَکَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ط وَ حَیْثُ مَا کُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَکُمْ شَطْرَهٗ ط وَ اِنَّ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتٰبَ لَیَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ط وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا یَعْمَلُوْنَ○

جب آخری بار پڑھنے لگیں تو

"قَدْ نَرٰی تَقَلُّبَ وَجْهِکَ فِی السَّمَآءِ"

کے کلمات کا سو (۱۰۰) مرتبہ ورد کریں پھر حسب سابق آیت مکمل کر لیں۔

❁ یہ وظیفہ پیر کی رات کو شروع کریں اور کم از کم چالیس (۴۰) راتیں جاری رکھیں۔ بعدازاں حسبِ سہولت پیر کی شب یا جمعہ کی شب دو میں سے کسی ایک کا ہفتہ وار معمول بنا لیں۔ اگلی اجازت تک اس منزل کو پابندی کے ساتھ جاری رکھیں اور ناغہ نہ ہونے دیں۔

❁ اِس وظیفہ کو نہایت محبت، ادب، اخلاص اور انہماک سے جاری رکھیں۔ اِنشاء اللہ نسبتِ محمدی ﷺ اور زیارت نبوی ﷺ کی خیرات نصیب ہوگی اور کثیر روحانی فیوضات، توجہات اور برکات عطا ہوں گی۔

❁ اس وظیفہ سے نسبت محمدی ﷺ کے حصول کے ساتھ زیارت نبوی ﷺ کی کثرت کا فیض نصیب ہوگا، انوارِ الٰہیہ اور انوارِ نبوت دونوں کی خیرات ملے گی۔

اٹھارہویں منزل

صاف ستھرے کپڑے پہن کر اور خوشبو لگا کر نماز عشاء پڑھیں، اِس کے بعد سونے سے قبل تازہ وضو کرکے مصلٰی پر قبلہ رُخ بیٹھیں اور آنکھیں بند کرکے مراقبہ میں حضور ﷺ کی صورتِ مثالیہ کا نورانی تصور جمائیں اگر یہ تصور قائم نہ ہو سکے تو قبرِ انور یا جالی مبارک کا تصور جما لیں اور اسی کا مراقبہ کریں، پھر درج ذیل وظیفہ کریں:

❁ پہلے سو (۱۰۰) مرتبہ درود شریف درج ذیل صیغہ کے ساتھ پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی اللَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی النَّھَارِ اِذَا تَجَلّٰی وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰی

اس کے بعد سورۃ الفتح کی پہلی چار آیات (۱، ۲، ۳، ۴) اور اگلی تین آیات (۸، ۹، ۱۰) کو ملا کر چالیس (۴۰) مرتبہ ورد کریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا مُّبِيْنًا○ لِّيَغْفِرَ لَکَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ

امام بخاریؒ نے صحیح میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا ہے کہ بعض صحابہ رضی اللہ عنہم سفر میں تھے، دریں اثناء کسی عورت نے ان سے سانپ کے ڈسے کے لئے تریاق کے بارے میں دریافت کیا۔ جس پر ایک صحابی رضی اللہ عنہ نے سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کیا تو وہ شخص وہیں ٹھیک ہو گیا، پھر یہ ماجرا حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت اقدس میں عرض کیا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا:

ما كان يدريه أنها رقية۔

''کیا وہ نہیں جانتا تھا کہ یہ سورت تریاق ہے۔''

اس وجہ سے اس کا ایک نام سورۃ الرقیۃ بھی ہے جو خود حضور نبی اکرم ﷺ کا تجویز کردہ ہے۔

۵۔ یہ سورۃ اپنے خصوصی اثرات و برکات کے باعث انسان کو شدائد و مصائب سے بھی بچاتی ہے، اس کی تلاوت سے انسان شیطانی فتن و شرور اور مصائب و آلام سے محفوظ و مامون ہو جاتا ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

إذا وضعت جنبک علی الفراش و قرأت فاتحة الکتاب و قل هو الله أحد، فقد أمنت کل شی إلا الموت۔

(ابن کثیر، ۱۲:۱)

''اگر تم بستر پر دراز ہوتے وقت سورۃ فاتحہ اور سورہ اخلاص پڑھ لیا کرو تو سوائے موت کے تم ہر شے سے محفوظ و مامون ہو جاؤ گے۔''

اسی تاثیر کے باعث اس کا نام سورۃ الواقیۃ بھی ہے۔

۶۔ سورۃ الفاتحہ کی تاثیر و برکات میں یہ بھی ہے کہ یہ مشکلوں کو آسانیوں اور تنگیوں کو فراوانیوں میں بدل دیتی ہے۔ اس سے انسان پر حقیقی برکت و سعادت کا راستہ کھلتا ہے، ذہنی کرب، فکری الجھنوں اور پریشانیوں سے نجات ملتی ہے۔ رنج والم اور غم و اندوہ رفع ہوتے ہیں۔ بیمار کو تندرستی ملتی ہے، تنگدست کو فراخی رزق عطا ہوتی ہے، محروم کو فتح نصیب ہوتی ہے اور سب غموں اور دکھوں کا مداوا ہو جاتا ہے۔

فتحِ مشکلات اور روحانی برکات کے لئے، ہر قسم کی مہمات میں کامیابی کے لئے، آفات و بلیّات سے حفاظت، جملہ امراض سے شفایابی اور اللہ کی خاص مدد و نصرت کے لئے یہ وظیفہ مؤثر ہے۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ

الْعٰلَمِيْنَ ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ○ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ○ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَ لَا الضَّآلِّيْنَ○ (الفاتحہ، ۱:۱۔۷)

- اسے ۱۱ مرتبہ پڑھیں، ۱۰ بار پڑھ لینے کے بعد جب ۱۱ویں مرتبہ پڑھنے لگیں اور اس آیت پر پہنچیں:

"اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ○"

تو اسی ایک آیت کی **ایک تسبیح** (۱۰۰ مرتبہ) کریں اور پھر بقیہ سورت مکمل کر لیں۔

- اول و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔
- پانی دم کر کے پئیں۔
- اس وظیفہ کو کم از کم ۴۰ دن یا حسب ضرورت جاری رکھیں۔
- سادہ طریق سے فقط "سورت" کا ۳ بار، ۷ بار، ۱۱ بار، ۴۰ بار یا ۱۰۰ بار حسب ضرورت پڑھنا بھی کثیر فوائد و برکات کا باعث ہے۔

۲۔ ﴿ وظیفۂ آیۃ الکرسی ﴾

وظیفۂ حفاظت

شرِ حاسدین، شرِ اعداء اور جملہ خطرات و پریشانیوں سے حفاظت اور دیگر روحانی خیرات و برکات کے لئے یہ وظیفہ مفید و مؤثر ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○ ﴿اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّ لَا نَوْمٌ ط لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ط مَنْ ذَا الَّذِیْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ط يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَ مَا خَلْفَهُمْ ج وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ج وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ج وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ج وَ هُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِيْمُ○﴾ (البقرۃ،۲: ۲۵۵)

- آیۃ الکرسی ۱۱ بار پڑھیں، جب ۱۱ویں بار پڑھتے ہوئے

"وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَايَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَ هُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِيْمُ"

پر پہنچیں تو فقط اسی حصہ کو ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں۔

- اول و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف اور ۱۱، ۱۱ مرتبہ استغفار پڑھیں۔
- اس وظیفہ کو کم از کم ۴۰ دن یا حسب ضرورت جاری رکھیں۔
- پوری آیۃ الکرسی کو سادہ طریق سے اعداد کے ساتھ یا کثرت کے ساتھ پڑھنا بھی نہایت مفید اور باعثِ برکات ہے۔

۳۔ ﴿وظیفۂ حوامیم﴾

وظیفۂ خلاصی جہنم

قرآن مجید کی وہ سورتیں جن کی ابتداء **حٰمٓ** سے ہوتی ہے **حوامیم** کہلاتی

ہیں ان کی تعداد سات (۷) ہے۔ حضور نبی اکرم ﷺ کے معمولات میں سورۃ **الملک** کے علاوہ ان سات سورتوں کی تلاوت بھی شامل تھی۔ آپ ﷺ نے ان کے بارے میں ارشاد فرمایا کہ جہنم کے سات دروازے ہیں قیامت کے دن ہر ہر سورۃ **حٰمٓ** جہنم کے ایک ایک دروازے پر کھڑی ہو جائے گی اور ان کی تلاوت کرنے والے قاری کو جہنم سے نجات دلائے گی۔ ان **حوامیم** کی ابتداء اس طرح ہوتی ہے:

۱۔ حٰمٓ○ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ○ (المؤمن، ۴۰)

۲۔ حٰمٓ○ تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ (حم السجدۃ، ۴۱)

۳۔ حٰمٓ○ عٓسٓقٓ○ كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ اِلَيْكَ وَ اِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ اللهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○ (الشوریٰ، ۴۲)

۴۔ حٰمٓ○ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ○ (الزخرف، ۴۳)

۵۔ حٰمٓ○ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ○ (الدخان، ۴۴)

۶۔ حٰمٓ ○ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ○ (الجاثیہ، ۴۵)

۷۔ حٰمٓ○ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ○ (الاحقاف، ۴۶)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: یہ **حوامیم** قرآن کی زینت و آرائش ہیں۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ہر شے کا ایک خلاصہ ہوتا ہے قرآن کا خلاصہ یہی حوامیم ہیں۔

www.MinhajBooks.com

الغرض **حوامیم** کی تلاوت کا معمول کثیر روحانی خیرات و برکات کا باعث ہے۔

۴۔ ﴿وظیفۂ مفصّلات﴾

وظیفۂ مدد و نصرت الٰہی

یوں تو اللہ رب العزت کا سارا کلام ہی باعث خیر و برکت ہے مگر ان میں سے بعض سورتوں اور آیات کی مخصوص فضیلتیں احادیث میں بیان ہوئی ہیں اگر کوئی شخص ان فضائل و اثرات کے مطابق ان سورتوں کی تلاوت کو اپنا معمول بنائے تو اسے دیگر فوائد و برکات کے علاوہ اللہ رب العزت کی طرف سے خاص تائید اور مدد و نصرت بھی نصیب ہوگی۔

قرآنی سورتوں کی چار اقسام پر مشتمل تقسیم میں چوتھی قسم مفصلات ہیں، یہ **سورۃ ق** سے شروع ہو کر اختتام قرآن حکیم تک **کل ۶۵ سورتیں** بنتی ہیں۔

ان کے بارے میں حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: مجھے ان سورتوں کی وجہ سے تمام انبیاء پر فضیلت عطا کی گئی ہے۔

حضرت عرباض بن ساریہ اور حضرت خالد بن معدان رضی اللہ عنہما سے مروی ہے حضور نبی اکرم ﷺ کے معمولات میں سے تھا کہ آپ رات کو استراحت فرمانے سے قبل مفصلات میں سے **مسبحات** کو پڑھتے اور آپ ﷺ نے فرمایا کہ ان میں ایک ایسی آیت بھی ہے جو ثواب اور درجے کے اعتبار سے ایک ہزار آیتوں کے برابر ہے مسبحات سے مراد وہ سورتیں ہیں جن کی ابتدا **سَبَّحَ یا یُسَبِّحُ** سے ہوتی ہے ان کی تعداد چھ (۶) ہے۔ ان مسبّحات کی ابتداء اس طرح ہوتی ہے:

۱۔ سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَ هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ○ (الحدید، ۵۷)

۲۔ سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ۚ وَ هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ○ (الحشر، ۵۹)

۳۔ سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ۚ وَ هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ○ (الصّف، ۶۱)

۴۔ یُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ الْمَلِکِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ○ (الجمعۃ، ۶۲)

۵۔ یُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ لَهُ الْمُلْکُ وَ لَهُ الْحَمْدُ وَ هُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ○ (التغابن، ۶۴)

۶۔ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّکَ الْاَعْلٰی○ (الاعلیٰ، ۸۷)

۵۔ وظیفۂ سورۃ الفیل

وظیفہ برائے دفعِ شرِ اعداء

دشمن کے شر سے محفوظ رہنے، اس کی تدبیروں کو ناکام کرنے اور حملہ آور کے شر و نقصان سے بچنے کے لئے اس سورت کا وظیفہ نہایت مفید اور موثر ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○ ﴿ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ○ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِيْ تَضْلِيْلٍ ○ وَّ اَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ○ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ○ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ○﴾

- یہ وظیفہ ۱۱ بار، ۴۰ بار یا حسب ضرورت ۱۰۰ بار پڑھیں۔
- اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف اور ۱۱، ۱۱ مرتبہ استغفار پڑھیں۔
- اس وظیفہ کا بہتر وقت بعد از نماز فجر طلوع آفتاب سے پہلے اور بعد نمازِ عصر غروبِ آفتاب سے پہلے کا ہے۔
- اس وظیفہ کو ۷ دن، ۱۱ دن، ۴۰ دن یا حسب ضرورت جاری رکھیں۔
- اگر گیارہ یا چالیس بار پڑھتے ہوئے آخری بار پڑھنے لگیں تو آخری آیت **"فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ"** کی **۱۰۰** بار ایک تسبیح کر لیں تو اس کی تاثیر مزید زیادہ ہو گی۔ انشاء اللہ دشمن سے نقصان پہنچانے کی توفیق سلب ہو جائے گی۔

۶۔ ﴿ وظیفہ سورۃ القریش ﴾

وظیفہ برائے وسعتِ رزق، خلاصی از قرض وحصولِ امان

وسائل رزق اور کاروبار میں وسعت و برکت کے لئے، بالخصوص قرض

سے خلاصی اور خطرات سے امان پانے کے لئے یہ وظیفہ پڑھیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ ﴿لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ○ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ○ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ○ الَّذِیْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ وَّ اٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ○﴾

- ۱۱ بار، ۴۰ بار یا حسب ضرورت ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں۔
- اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف اور ۱۱، ۱۱ مرتبہ استغفار پڑھیں۔
- اس وظیفہ کا بہتر وقت بعد از نماز فجر طلوع آفتاب سے پہلے اور بعد نماز عصر غروبِ آفتاب سے پہلے ہے۔
- اس وظیفہ کو کم از کم ۴۰ دن یا حسب ضرورت جاری رکھیں۔

۷۔ ﴿ وظیفہ سورۃ الماعون ﴾

وظیفہ برائے ادائے قرض

رزق کی تنگی کو دور کرنے اور قرض سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے، علاوہ ازیں بخل و کنجوسی سے نجات کے لئے یہ وظیفہ مفید اور موثر ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ ﴿اَرَءَيْتَ الَّذِیْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ ○ فَذٰلِكَ الَّذِیْ يَدُعُّ الْيَتِيْمَ ○ وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ○ فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ ○ الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ

سَاهُوْنَ ○ الَّذِيْنَ هُمْ يُرَآءُوْنَ ○ وَ يَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ○﴾

- ۱۱ بار، ۴۰ بار یا حسب ضرورت ۱۰۰ بار پڑھیں۔

- اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف اور ۱۱، ۱۱ مرتبہ استغفار پڑھیں۔
- اس وظیفہ کا بہتر وقت بعد از نمازِ فجر طلوع آفتاب سے پہلے اور بعد نمازِ عصر غروبِ آفتاب سے پہلے ہے۔

- اس وظیفہ کو کم از کم ۴۰ دن یا حسب ضرورت جاری رکھیں۔

۸۔ ﴿ وظیفہ سورۃ الکوثر ﴾

وظیفہ برائے کثرتِ رزق و رحمت و کثرتِ خیرات و برکات

ہر قسم کی خیر و برکت، رزق و رحمت کی کثرت اور انعاماتِ الٰہیہ کے لئے یہ وظیفہ نہایت مفید اور مؤثر ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ ﴿اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ○ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ○ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ○

- ۱۱ بار، ۴۰ بار یا ۱۰۰ بار پڑھیں۔

- اول و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف اور ۱۱، ۱۱ مرتبہ استغفار پڑھیں۔
- اس وظیفہ کا بہتر وقت بعد از نماز فجر طلوع آفتاب سے پہلے، بعد نماز عصر غروبِ آفتاب سے پہلے یا بعد نماز عشاء سونے سے پہلے ہے۔

- اس وظیفہ کو کم از کم ۴۰ دن یا حسب ضرورت جاری رکھیں۔

۹۔ ﴿ وظیفہ سورۃ الکافرون ﴾

وظیفہ برائے رغبت و ذوقِ عبادت

عبادت گذاری اور اس میں رغبت اور ذوق و شوق کے لئے یہ وظیفہ مفید اور مؤثر ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ ﴿ قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ○ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ○ وَ لَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ○ وَ لَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ○ وَ لَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ○ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَ لِيَ دِيْنِ ○ ﴾

فضیلت: سورۃ قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ کے بارے میں حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ یہ چوتھائی قرآن کے برابر ہے۔ اس کی تلاوت سے شرک سے نجات نصیب ہوتی ہے اور توحید میں پختگی آتی ہے۔

- ۴۰ مرتبہ یا حسب ضرورت ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں۔
- اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف اور ۱۱، ۱۱ مرتبہ استغفار پڑھیں۔
- اس وظیفہ کو کم از کم ۴۰ دن یا حسب ضرورت جاری رکھیں۔

۱۰۔ ﴿ وظیفہ سورۃ النصر ﴾

وظیفہ برائے فتح و نصرتِ الٰہی

کسی بھی قسم کی رکاوٹ کو دور کرنے، اللہ کی مدد و نصرت اور فتح و کامرانی

حاصل کرنے اور مشکل صورتحال سے نکلنے کے لئے یہ وظیفہ مفید اور مؤثر ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ ﴿اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَ الْفَتْحُ ۝ وَ رَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۝ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَ اسْتَغْفِرْهُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۝﴾

فضیلت: سورۃ النصر کے بارے میں حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس کا ثواب چوتھائی قرآن کے برابر ہے۔

- ۱۱ مرتبہ، ۴۰ مرتبہ یا حسب ضرورت ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں۔
- اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف اور ۱۱، ۱۱ مرتبہ استغفار پڑھیں۔
- اس وظیفہ کا بہتر وقت بعد از نماز فجر طلوع آفتاب سے پہلے یا بعد نماز عصر غروبِ آفتاب سے پہلے ہے۔
- اس وظیفہ کو ۴۰ دن یا حسب ضرورت جاری رکھیں۔

۱۱۔ ﴿ وظیفہ سورۃ اللہب ﴾

وظیفہ برائے نجات از شر و مکرِ اعداء

دشمن کی مکاری اور اس کے شر و نقصان سے بچاؤ کے لئے یہ وظیفہ مفید اور مؤثر ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ ﴿تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ۝ مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ۝ سَيَصْلٰى نَارًا

ذَاتَ لَهَبٍ ○ وَّامْرَاَتُهٗ ط حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ○ فِیْ جِیْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ○﴾

- ۱۱ مرتبہ، ۴۰ مرتبہ یا حسب ضرورت ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں۔
- اول و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف اور ۱۱، ۱۱ مرتبہ استغفار پڑھیں۔
- اس وظیفہ کا بہتر وقت بعد از نماز فجر طلوع آفتاب سے پہلے یا بعد نماز عصر غروبِ آفتاب سے پہلے ہے۔
- اس وظیفہ کو ۷ دن، ۱۱ دن، ۴۰ دن یا حسب ضرورت جاری رکھیں۔

۱۲۔ ﴿وظیفہ سورۃ الاخلاص﴾

وظیفہ برائے حصولِ اخلاص و نورِ توحید و حصولِ یقین و قوتِ ایمانی

﴿من أراد الخلاص فعليه بالإخلاص﴾

(جسے خلاصی درکار ہو وہ سورۃ اخلاص کو لازم کرے)

اگر دل میں حبِ دنیا ہو، غم و اندوہ کا غلبہ ہو، طبیعت میں اخلاص پیدا نہ ہوتا ہو، کاروبار میں نقصان یا دیگر خطرات کا اندیشہ ہو اور بندہ چاہے کہ دل کو ان پریشانیوں، غموں، خواہشات اور وساوس و خطرات سے خلاصی مل جائے، اللہ کے لئے اخلاص پیدا ہو جائے، نورِ توحید اور نورِ اخلاص نصیب ہو جائے تو اس کے لئے اس

سورۃ کا وظیفہ نہایت مفید اور مؤثر ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ ﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ لَمْ يَلِدْ ۙ وَ لَمْ يُوْلَدْ ○ وَ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○﴾

حضرت ابو ہریرہ اور حضرت معاذ بن انس الجہنی رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جس نے سورۃ اخلاص کو ۱۰ یا ۱۱ مرتبہ پڑھا اس کے بدلے میں اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں محل بنا دیتا ہے اور جو اس سے زیادہ مرتبہ پڑھے تو اللہ اس سے زیادہ عطا کرنے پر قادر ہے۔

سورۃ الاخلاص کے بارے میں حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ ثلث قرآن یعنی تیسرے حصے کے برابر ہے اس کی تلاوت سے اللہ تعالیٰ کی محبت نصیب ہوتی ہے اور اس سے محبت رکھنے والے کے لئے جنت واجب ہو جاتی ہے۔

- ۱۱ بار، ۴۰ بار یا حسب ضرورت ۱۰۰ بار پڑھیں۔
- اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف اور ۱۱، ۱۱ مرتبہ استغفار پڑھیں۔
- حسب سہولت بعد نماز فجر، بعد مغرب، بعد عشاء یا بعد تہجد کسی وقت بھی پڑھ سکتے ہیں یا تہجد کے نوافل میں ۱۱، ۱۱ بار پڑھیں۔
- اس وظیفہ کو ۷ دن، ۱۱ دن، ۴۰ دن یا حسب ضرورت جاری رکھیں۔

۱۳/۱۴۔ ﴿ وظیفۂ معوّذتین ﴾

وظیفہ برائے ردِ شرّ و سحر و دفعِ آفات و بلیّات

شر نظر و حسد، جادو ٹونہ، آسیب، وسوسہ، خیالات فاسدہ اور دیگر آفات و بلیّات

سے بچاؤ اور برکات الٰہیہ کے حصول کے لئے معوذتین کا وظیفہ نہایت مفید اور مؤثر ہے:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○ ﴿قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ○ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ○ وَ مِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ○ وَ مِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ○ وَ مِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ○﴾

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ○ ﴿قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ○ مَلِكِ النَّاسِ ○ اِلٰهِ النَّاسِ ○ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۵ الْخَنَّاسِ ○ الَّذِیْ يُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ○ مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ○﴾

فضیلت: حضرت عبداللہ بن حبیب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو **قل ھو اللہ احد** اور **معوذتین** (آخری دونوں سورتیں) صبح و شام تین تین مرتبہ پڑھے تو یہ اس کے لئے ہر قسم کی آفات و بلیّات سے حفاظت اور نجات کے لئے کافی ہے۔ ان تین سورتوں کے مثل کوئی سورت سابقہ کتب سماوی میں کسی اور نبی پر نازل نہیں ہوئی۔

حضور نبی اکرم ﷺ ہر رات سوتے وقت معوذتین پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر پھونک کر جسم مبارک پر مسح فرماتے تھے۔

(ابن ماجہ، السنن، ۲:۱۲۷۵، رقم: ۳۸۷۵، عن عائشہ رضی اللہ عنہا)

❁ ۱۱ مرتبہ، ۴۰ مرتبہ یا حسب ضرورت ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں۔

- اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف اور ۱۱، ۱۱ مرتبہ استغفار پڑھیں۔
- اس وظیفہ کا بہتر وقت بعد از نماز فجر طلوع آفتاب سے پہلے تک اور بعد نماز عشاء سونے سے پہلے کا ہے۔

❁ اس وظیفہ کو ۷ دن، ۱۱ دن، ۴۰ دن یا حسب ضرورت جاری رکھیں۔

نوٹ: ہر رات سونے سے قبل آخری تین سورتوں (تین قل) یا چہار قل کا پڑھنا بھی موجبِ برکتِ کثیرہ ہے۔

www.MinhajBooks.com

باب ہفتم

وظائف الاسماء الحسنیٰ

(اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ کے فوائد و تاثیرات)

www.MinhajBooks.com

۱۔ ﴿ اَللّٰہُ ..... اسمِ ذات ﴾

وظیفہ برائے صفائے باطن و اطمینانِ قلب: یَا اَللّٰہُ

فوائد و تاثیرات: **اللہ** اسمِ ذاتی ہے، باقی تمام اسمائے مبارکہ صفاتی ہیں اس اسم مبارک کی برکت سے باطنی طہارت اور اطمینان قلب نصیب ہوتا ہے۔ انسان کے ایمان کو جلا ملتی ہے اور یقین میں اضافہ ہوتا ہے نیز حصولِ مقاصد میں آسانی ہوتی ہے۔ جو شخص اس وظیفہ کو **"یَا اَللّٰہُ یَا ھُوَ"** کے الفاظ سے **ایک ہزار (۱۰۰۰)** مرتبہ پڑھے اللہ تعالیٰ اس کو ایمان میں استحکام اور کامل یقین سے نواز کر معرفتِ قلب عطا فرما دے گا۔ عرفاء وصوفیاء اسی اسم پاک کا ورد سب سے زیادہ کرتے ہیں۔ یہ ورد انفرادی طور پر بھی کیا جاتا ہے اور اجتماعی طور پر بھی خانقاہی نظام تربیت کا معمول ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو **(۱۰۰)** مرتبہ روزانہ کریں۔

- اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۲۔ ﴿ اَلرَّحْمٰنُ .....نہایت مہربان ﴾

غفلت ونسیان اور شقاوتِ قلبی سے نجات کا وظیفہ: یَا رَحْمٰنُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کو ہر نماز کے بعد **ایک سو (۱۰۰)** بار پڑھنے سے

غفلت، نسیان اور دل کی سختی سے چھٹکارا ملتا ہے اور دنیاوی امور میں غیبی مدد حاصل ہونے کے ساتھ اللہ کی رضا اور اس کی نعمتیں نصیب ہوتی ہیں۔

اس وظیفہ کو جمعہ کے دن نمازِ عصر کے بعد قبلہ رو ہو کر **"یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ"** کے الفاظ سے غروبِ آفتاب تک کیا جائے تو اللہ تعالیٰ سے جو مانگا جائے وہ عطا ہوگا۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسبِ ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۳۔ ﴿الرَّحِیْمُ ..... ہمیشہ رحم فرمانے والا﴾

وظیفہ برائے رقتِ قلب: یَا رَحِیْمُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کو پڑھنے سے اللہ کی رحمت شاملِ حال ہوتی ہے، جو شخص کثرت سے اس کا ورد کرتا ہے اس کی ہر دعا قبول ہوتی ہے اور وہ زمانے کے خطرات سے محفوظ رہتا ہے۔

"یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ" کا وظیفہ کرنے سے غفلت، نسیان اور دل کی سختی ختم ہو جاتی ہے۔ خوف سے نجات مل جاتی ہے۔ تمام احوال میں لطافت سے نوازا جاتا ہے اور جو مظلوم یہ وظیفہ پڑھ کر کسی ظالم کے پاس جائے اللہ تعالیٰ اسے شر سے بچا کر بھلائی عطا فرمائے گا۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ

روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۴۔ ﴿اَلْمَلِکُ ..... بادشاہ﴾

وظیفہ برائے وسعتِ رزق: یَا مَلِکُ

فوائد و تاثیرات: اس اسم مبارک کے وظیفہ سے نورِ قلب اور رزق میں فراخی نصیب ہوتی ہے، معاملات کی اصلاح ہوتی ہے۔ جو شخص روزانہ سو (۱۰۰) مرتبہ زوال کے وقت اس کا معمول رکھے اسے صفائے قلب نصیب ہو گا اور کدورت و سیاہی دور ہو گی۔ جو شخص اس کو بعد نماز فجر **ایک سو اکیس (۱۲۱)** مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس کے وسائلِ رزق میں وسعت پیدا ہو گی۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۵۔ ﴿اَلْقُدُّوْسُ ..... جملہ نقائص و عیوب سے پاک﴾

وظیفہ برائے صفائے قلب: یَا قُدُّوْسُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کو ہر روز زوال کے وقت پڑھنے سے دل صاف ہوتا

ہے۔ جو شخص اس کو پابندی سے کرے تو اللہ تعالیٰ اس سے ناپاکیٔ نفس اور شیطان کے وسوسہ کو دور کر دے گا اور جسمانی تکلیف سے نجات مل جائے گی۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۶۔ ﴿اَلسَّلَامُ .....سلامتی دینے والا﴾

وظیفہ برائے صحت و شفا: یَا سَلَامُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کو پڑھ کر مریض پر دم کرنے سے اللہ تعالیٰ اسے موت کے سوا ہر مرض سے شفا دے گا نیز اس کو پڑھنے والا شیاطین اِنس و جن اور ان کے وسوسہ و سازش سے محفوظ رہتا ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

www.MinhajBooks.com

۷۔ ﴿اَلْمُؤْمِنُ.... امان بخشنے والا/ایمان عطا فرمانے والا﴾

وظیفہ برائے امن وسلامتی: یَا مُؤْمِنُ

فوائد و تاثیرات: اس اسم مبارک کا وظیفہ کرنے والا شیطان کے شر سے حفاظت میں رہتا ہے اور اس کا ظاہر و باطن، مال و جان اللہ تعالیٰ کے حفظ و امان میں ہوتا ہے۔ اس کی برکت سے خصوصاً فرائض کے بعد پڑھنے سے ایمان داری و راست بازی نصیب ہوتی ہے اور دعا قبول ہوتی ہے۔

یَا سَلَامُ یَا مُؤْمِنُ کے صیغہ کے ساتھ وظیفہ کرنے سے رعب اور خوف کے اثرات زائل ہوجائیں گے بالخصوص اگر کوئی مسافر ان دونوں اسما کو ملا کر ذکر کرے تو اللہ تعالیٰ اسے دوران سفر ہر طرح کے خوف و خطر سے محفوظ فرمائے گا۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۸۔ ﴿اَلْمُهَيْمِنُ..... نگہبانی اور حفاظت فرمانے والا﴾

قلبی توجہ اور محافظتِ احوال کا وظیفہ: یَا مُهَيْمِنُ

فوائد و تاثیرات: اس اسم پاک کا وظیفہ کرنے والا چونکہ مھیمن (اللہ تعالیٰ) کی

قدرت کے ساتھ اپنے اصلاح قلب، حال اور معاملے پر مدد چاہتا ہے لہٰذا اس سے ہر چیز خوف کھاتی ہے (اسے نقصان نہیں پہنچاتی) کیونکہ اس کا نگہبان اللہ تعالیٰ ہوتا ہے۔ اس وظیفہ کو غسل کے بعد خلوت میں نماز پڑھنے کے بعد قلبی توجہ کے ساتھ کرنے سے دل میں نور پیدا ہوتا ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۹۔﴿ اَلْعَزِیْزُ .....عزت، بزرگی اور غلبہ والا ﴾

وظیفہ برائے نصرتِ الٰہی: یَا عَزِیْزُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ پر مداومت کرنے والا کبھی محتاج نہیں ہوگا۔ اگر کوئی شخص ۴۰ روز متواتر ۴۰ مرتبہ روزانہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے قوت اور مدد عطا فرمائے گا، ۷ دن متواتر ۱۰۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے دشمن اپنے عزائم میں ناکام ہوگا۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

www.MinhajBooks.com

۱۰۔ ﴿اَلْجَبَّارُ..... بہت زبردست، عظمت والا﴾

سفر و حضر میں دشمن کے شر سے حفاظت کا وظیفہ: یَا جَبَّارُ

فوائد و تاثیرات: جو کوئی اس اسمِ پاک کا وظیفہ **مسبّعاتِ عشرہ** کے بعد ۲۱ مرتبہ صبح و شام کرے تو اللہ تعالیٰ اسے سفر و حضر میں اپنی امان میں رکھے گا نیز وہ اس پر مداومت کرنے سے بدگوئی و غیبت اور شرِ دشمن سے محفوظ رہے گا۔ اس اسم پاک کے ساتھ ذوالجلال والاکرام کو ملا کر یعنی یَا جَبَّارُ یا ذا الجلال والاکرام پڑھنے سے فوائد و برکات میں مزید اضافہ ہوگا۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

- اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۱۱۔ ﴿اَلْمُتَکَبِّرُ .... سب سے اعلیٰ و ارفع، بڑائی والا﴾

وظیفہ برائے حصولِ اولاد: یَا مُتَکَبِّرُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کی کثرت کرنے والے کو اللہ تعالیٰ نیک اور متقی اولاد سے نوازتا ہے۔ ہر کام سے پہلے اس وظیفے کو پڑھنے سے مراد مل جاتی ہے نیز اس کے پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ لوگوں کی نگاہوں میں بزرگ اور باوقار بناتا ہے۔ جو

شخص اس کا معمول اپنائے گا کبھی کوئی دشمن اور حاسد اس کو نقصان پہنچانے کی قدرت نہیں رکھے گا۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۱۲۔ ﴿اَلْخَالِقُ ..... پیدا کرنے والا﴾

گمشدہ اولاد اور مال و اسباب کی بازیابی کا وظیفہ: یَا خَالِقُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کو رات کے وقت پڑھنے سے دل منور اور چہرہ روشن ہو جاتا، جملہ امور میں غیبی مدد و نصرت حاصل ہوتی ہے۔ اس کا ذکر کرنے والا اپنے نفس میں اپنے نورِ قلب کے موافق اللہ تعالیٰ کا جلوہ اجمالاً و تفصیلاً، ظاہر و باطنی طور پر محسوس کرتا ہے۔

❁ اس وظیفہ کو پانچ ہزار (۵۰۰۰) مرتبہ پڑھنے سے گمشدہ مال یا بچہ طوعاً و کرھاً مل جائے گا۔ اسی طرح طویل عرصے سے غائب شخص یا کوئی چیز بھی مل جائے گی۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے

لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۱۳۔ ﴿اَلْبَارِئُ ..... عدم سے وجود میں لانے والا﴾

دنیوی و برزخی زندگی میں امن و راحت کا وظیفہ: یَا بَارِئُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کو پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ ہر طرح کی ظاہری و باطنی عیب سے بری کر دیتا ہے اور اسے جنت عطا فرماتا ہے، جو شخص **سات (۷)** دن مسلسل اس کا ورد کرے اللہ تعالیٰ اس کو امراض سے شفا اور آفات سے سلامتی عطا فرمائے گا۔ پس مرگ بھی اس کا جسم قبر میں سلامت رہے گا اور جس سے اسے محبت ہوتی ہے وہ اس کے پاس آتا رہے گا۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو **(۱۰۰)** مرتبہ روزانہ کریں۔

- اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۱۴۔ ﴿اَلْمُصَوِّرُ ... شکل وصورت اور امتیازی شان عطا کرنے والا﴾

نیک اولاد اور اعمال حسنہ کا وظیفہ: یَا مُصَوِّرُ

فوائد و تاثیرات: جو عورت بانجھ ہو وہ سات دن تک مسلسل روزے رکھے اور ہر روز غروب آفتاب کے بعد افطاری سے قبل **اکیس (۲۱)** مرتبہ اس وظیفہ کو پڑھ کر

پانی پر دم کرکے پیئے تو اللہ تعالیٰ اسے اولاد سے نوازے گا۔ اگر کوئی شخص **۱۰ بار** روزانہ اس کو پڑھے تو صالح اولاد سے نوازا جائے گا علاوہ ازیں اللہ تعالیٰ اس کے پڑھنے والے کا چہرہ روشن اور حسین کر دے گا اور اعمالِ صالحہ کی بجا آوری میں اس کی مدد کرے گا۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو **(۱۰۰)** مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۱۵۔ ﴿ اَلْغَفَّارُ ..... بہت بخشنے والا ﴾

وظیفہ برائے بخشش و مغفرت: یَا غَفَّارُ

فوائد و تاثیرات: اس اسم پاک کا وظیفہ کرنے والے کو اللہ تعالیٰ بخش دے گا، اس کے اعمالِ بد کی پردہ پوشی فرمانے کے ساتھ ان کو اپنے ظاہری جمال سے ڈھانپ دے گا۔ جو شخص جمعہ کے بعد اس وظیفہ کو اپنا معمول بنالے تو اس پر آثار مغفرت ظاہر ہو جائیں گے اور اگر کسی شخص پر غصہ کی کیفیت طاری ہوجائے تو اس وظیفہ کی برکت سے اس کا غصہ ٹھنڈا ہو جائے گا۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو **(۱۰۰)** مرتبہ روزانہ کریں۔

www.MinhajBooks.com

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۱۶۔ ﴿ اَلْقَهَّارُ ..... سب پر غالب ﴾

وظیفہ برائے محبتِ الٰہی و خلاصیٔ شہوات: یَا قَهَّارُ

فوائد و تاثیرات: اس اسمِ پاک کا وظیفہ کرنے سے انسان کو دنیا کی محبت اور شہوات سے نجات ملتی ہے، خاتمہ بالخیر ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی محبت دل میں پیدا ہوتی ہے۔ جس شخص کو کوئی حاجت ہو وہ اپنے گھر یا مسجد میں اس کو پڑھے پھر جو مانگے گا اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری فرمائے گا نیز اس کو پڑھنے سے اللہ تعالیٰ اسے محتاجی سے نجات عطا فرما دے گا۔

❁ اگر کوئی شخص طلوع آفتاب کے وقت اور نصف شب مندرجہ ذیل صیغہ کے ساتھ پڑھے تو اس کا دشمن اپنے جملہ عزائم میں ناکام و نامراد ہوگا:

یَا جَبَّارُ یا قَهَّارُ، یَا ذَا الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ ایک سو (۱۰۰) مرتبہ

پڑھنے کے بعد آخر میں پڑھے **خُذْ حَقِّی مِمَّنْ ظَلَمَنِیْ وَ عَدَا عَلَیَّ۔**

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

www.MinhajBooks.com

۱۷۔ ﴿اَلْوَهَّابُ ..... بہت عطا فرمانے والا﴾

فقر و فاقہ سے نجات کا وظیفہ: یَا وَهَّابُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ فقر و فاقہ سے ایسے نجات دیتا ہے جس کا انسان کو گمان بھی نہیں ہوتا۔

❁ نمازِ چاشت کے بعد سجدہ میں **۷ مرتبہ** اس وظیفہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ غنائے قلب عطا کرتا ہے۔ نمازِ چاشت کے بعد سجدہ میں **۱۰۰ مرتبہ** اس کا ورد کرنے سے وسعت رزق نصیب ہوتی ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۱۸۔ ﴿اَلرَّزَّاقُ ..... رزاقِ مطلق﴾

وظیفہ برائے وسعتِ رزق و خلاصیٔ قید: یَا رَزَّاقُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کا معمول رکھنے والے کو اللہ تعالیٰ وسعتِ رزق سے نوازے گا اور وہ شخص فقر و فاقہ سے محفوظ رہے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کے پڑھنے والے کو ظاہری و باطنی نعمتوں سے نوازتا ہے۔

اس کی برکت سے قیدی کو خلاصی ملتی ہے اور مریض کو شفا۔

❁ جو شخص اس کو معمول کے مطابق **۲۰ مرتبہ** روزانہ بھوکے پیٹ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو ایسا ذہن عطا فرماتا ہے جس سے اسے چھپے رازوں کا فہم عطا ہو جاتا ہے۔ اگر **ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ** خلوت میں پڑھے گا تو حضرت خضر علیہ السلام کی زیارت ہو گی بشرطیکہ حلال روزی کھانے والا ہو۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۱۹۔ ﴿اَلْفَتَّاحُ... بڑا مشکل کشا، بند راستے کھولنے والا﴾

وظیفہ برائے رفع حجاب و نزولِ انوار: یَا فَتَّاحُ

فوائد و تاثیرات: نمازِ فجر کے بعد یہ وظیفہ کرنے سے دل کا زنگ اتر جاتا ہے، دل پاک ہو جاتا ہے، اس کے معاملات آسان ہو جاتے ہیں رفعِ حجاب سے اس کا دل منور ہو جاتا ہے اور وہ اس قابل ہو جاتا ہے کہ ذاتِ حق کا دیدار کر سکے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے

لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۲۰۔ ﴿اَلْعَلِيْمُ ..... بہت جاننے والا﴾

وظیفہ برائے علم و معرفت: يَا عَلِيْمُ

فوائد و تاثیرات: اس اسم کا وظیفہ کرنے سے علم و معرفت نصیب ہوتی ہے۔ اس کا متواتر معمول رکھنے سے اللہ تعالیٰ علم کے دروازے کھول دیتا ہے۔

- ہر نماز کے بعد ''يَا عَالِمَ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ'' کا **ایک سو (۱۰۰) بار** وظیفہ کرنے سے انسان صاحب کشف ہوجاتا ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

- اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۲۱۔ ﴿اَلْقَابِضُ ..... روزی تنگ کرنے والا﴾

فاقہ و افلاس اور عذاب قبر سے نجات کا وظیفہ: يَا قَابِضُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کو کرنے سے عذاب قبر اور بھوک سے امن ملتا ہے۔ اس کے ورد سے داعی کو ظالموں کے شر سے بھی نجات ملتی ہے۔ اولیاء کرام نے کہا ہے کہ کوئی اس اسم کو اللہ تعالیٰ کے اسم ''اَلْبَاسِطُ'' کے ساتھ ملا کر اس طرح **يَا قَابِضُ يَا**

بَاسِطُ پڑھے تو اسے بہت سے فیوض و برکات حاصل ہوں گے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۲۲۔ ﴿اَلْبَاسِطُ ..... روزی میں فراخی دینے والا﴾

وظیفہ برائے کشادگی علم و رزق: یَا بَاسِطُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کی برکت سے دوسروں کی محتاجی سے رہائی ملتی ہے۔

❁ نماز چاشت کے بعد **۱۰ مرتبہ** پڑھنے سے علم، جسم اور رزق میں کشادگی نصیب ہوتی ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۲۳۔ ﴿اَلْخَافِضُ .... منکرین و متکبرین کو پست کرنے والا﴾

وظیفہ برائے فتح و نصرت: یَا خَافِضُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفے کو **۵۰۰ مرتبہ** پڑھنے سے حاجتیں پوری ہو جاتی ہیں

اور مہمات آسان ہوجاتی ہیں نیز **۱۰۰۰ مرتبہ** پڑھنے سے تمام دشمنوں سے امن و سلامتی اور فتح ونصرت ملتی ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو **(۱۰۰)** مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۲۴۔ ﴿ اَلرَّافِعُ ..... بلند کرنے والا ﴾

وظیفہ برائے حصولِ قربِ الٰہی: یَا رَافِعُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کی برکت سے تونگری اور مخلوق سے بے نیازی ملتی ہے اور مقربین کا درجہ عطا ہوتا ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو **(۱۰۰)** مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۲۵۔ ﴿ اَلْمُعِزُّ .....عزت دینے والا ﴾

وظیفہ برائے عزت وخشیتِ الٰہی: یَا مُعِزُّ

فوائد و تاثیرات: پیر یا جمعہ کی شب اس اسم مبارک کا ورد کرنے سے مخلوق میں

رعب و عزت نصیب ہوگی، دل میں خوفِ خدا پیدا ہوگا اور دنیا و آخرت کی بھلائی نصیب ہوگی۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۲۶۔ ﴿اَلْمُذِلُّ ..... ذلت دینے والا﴾

حاسد و ظالم کے سے حفاظت کا وظیفہ: یَا مُذِلُّ

فوائد و تاثیرات: اس اسم پاک کے وظیفے سے حاسد اور سرکش و ظالم کے شر سے نجات مل جاتی ہے اور دعا مقبول ہو جاتی ہے۔

اولیاء کرام فرماتے ہیں کہ درج بالا دونوں اسماء کو ملا کر یَامُعِزُّ یَا مُذِلُّ کا ذکر کرنا بہت سے فوائد و برکات کا موجب ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

www.MinhajBooks.com

۲۷۔ ﴿اَلسَّمِیْعُ ..... بہت زیادہ سننے والا﴾

وظیفہ برائے قبولیتِ دعا وشفایابی سماعت: یَا سَمِیْعُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ سے دعا قبول ہوتی ہے۔ ثقلِ سماعت کی شکایت دور ہو جاتی ہے۔

❁ جمعرات کے روز نماز چاشت کے بعد **۵۰۰ مرتبہ** پڑھنے سے فوائد و تاثیرات میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۲۸۔ ﴿اَلْبَصِیْرُ ..... سب کچھ دیکھنے والا﴾

سماعت و بصارت کے علاج کا وظیفہ: یَا بَصِیْرُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفے سے اللہ تعالیٰ کی معیت کا احساس ہوتا ہے اور وظیفہ کرنے والے کی سماعت و بصارت ہر اس چیز کے ارتکاب سے باز آتی ہے جس سے اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا ہے۔

❁ نماز جمعہ سے قبل **۱۰۰ مرتبہ** پڑھنے سے اللہ تعالیٰ اس کی بصارت کو کھول

دیتا ہے اور اسے نیک قول و عمل کی توفیق عطا فرماتا ہے۔

فجر کے وقت سنتوں اور فرضوں کے درمیان پڑھنے سے اللہ تعالیٰ خصوصی نظرِ عنایت فرماتا ہے۔

اگر کوئی شخص اس وظیفہ کے آخر میں ان الفاظ کے ساتھ دعا کرے:

اَللّٰھُمَّ یَا سَمِیْعُ یَا بَصِیْرُ مَتِّعْنِیْ بِسَمْعِیْ وَ بَصَرِیْ وَ اجْعَلْھُمَا الْوَارِثُ مِنِّیْ۔

تو اللہ تعالیٰ اس کی نظر کی کمزوری دور کر دیتا ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۲۹۔ ﴿اَلْحَکَمُ ..... فیصلہ فرمانے والا﴾

وظیفہ برائے حصولِ حکمت و اسرارِ الٰہی: یَا حَکَمُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کی برکت سے خوفِ الٰہی نصیب ہوتا ہے۔ کتاب وسنت سے علم و ہدایت نصیب ہوتی ہے اور جس نے کثرت کے ساتھ اس اسم کا ذکر کیا، اس کے دل میں حکمت کے چشمے پھوٹ پڑتے ہیں جس کا اظہار اس کی زبان سے ہوتا ہے۔ اسی طرح اس وظیفہ کو شبِ جمعہ کو کرنے سے اللہ تعالیٰ باطن کو اسرار و

رموز کا خزینہ بنا دیتا ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۳۰۔ ﴿اَلْعَدْلُ ..... خوب انصاف کرنے والا﴾

بچیوں کے لئے اچھے رشتوں کے حصول کا وظیفہ: یَا عَدْلُ

فوائد و تاثیرات: دو رکعت نماز پڑھ کر اس وظیفہ کی برکت سے فقر و فاقہ، غربت اور بیماری سے نجات ملے گی۔ نیز بیٹی کے رشتہ نہ ملنے کی صورت میں اللہ تعالیٰ اسباب مہیا فرما دے گا اور بیٹیوں کے خوش بخت نصیب سمیت جمیع امور میں اللہ اس شخص کی کفالت اپنے ذمہ لے لے گا۔

علاوہ ازیں اس کی برکت سے خشوع و خضوع نصیب ہوتا ہے اور اعمال خیر کی بجا آوری کی توفیق نصیب ہوتی ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

www.MinhajBooks.com

۳۱۔ ﴿ اَللَّطِيْفُ ..... بہت لطف و کرم کرنے والا ﴾

اخلاق حسنہ کا حصول اور خوف سے نجات کا وظیفہ: یَا لَطِیْفُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کی برکت سے طبیعت میں اللہ کے بندوں کے لئے نرمی و رقت پیدا ہوتی ہے اور اخلاق حسنہ نصیب ہوتے ہیں۔ نفس کے احوال سے آگاہی نصیب ہوتی ہے۔ اس وظیفے کو پڑھنے والا اپنے قلب و نفس کو نواہی کے ارتکاب سے روک لیتا ہے، اسی طرح دیگر بہت سے روحانی اسرار کی معرفت نصیب ہوتی ہے اگر وظیفہ مکمل کر کے آخر میں درج ذیل الفاظ دہرائے جائیں تو خوف سے نجات ملتی ہے:

لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَ هُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَ هُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ۔

اور حصولِ شفاء کے لئے اس کے آخر میں آیات شفاء میں کوئی آیت ملا کر پڑھی جائے تو اللہ تعالیٰ شفا عطا فرماتا ہے جیسے: **يَا لَطِيْفُ الَّذِیْ هُوَيُطْعِمُنِیْ وَ يَسْقِيْنِیْ وَ اِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ** علاوہ ازیں فتح مشکلات کے لئے بھی اس اسم پاک کا وظیفہ مفید ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے

لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۳۲۔ ﴿ اَلْخَبِيْرُ ..... ہر چیز کی خبر رکھنے والا ﴾

وظیفہ برائے آگاہی نفس و روحانی اسرار: یَا خَبِيْرُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کے ورد کا معمول احوالِ نفس سے آگاہی عطا کرتا ہے اور بندہ اعمال صالحہ انجام دینے لگتا ہے۔ سات دن متواتر کرنے سے روحانی اسرار و رموز عطا ہوتے ہیں اور نفس امّارہ سے خلاصی ملتی ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

- اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۳۳۔ ﴿ اَلْحَلِيْمُ ..... بردبار اور حلم والا ﴾

وظیفہ برائے حفاظت و شادابیٔ فصل: یَا حَلِيْمُ

فوائد و تاثیرات: اگر اس اسم پاک کو کاغذ پر لکھ کر اس کو دھویا جائے اور وہ پانی کھیت یا درخت پر ڈالے تو وہ آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

علاوہ ازیں اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس کی طبعیت میں حلم اور اس کے اخلاق میں اصلاح پیدا کرے گا۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۳۴۔ ﴿اَلْعَظِیْمُ ..... عظمت و بزرگی کا مالک﴾

وظیفہ برائے عزت و بزرگی: یَا عَظِیْمُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کے کرنے والے کو اللہ تعالیٰ عزت، ہیبت اور وقار عطا کرتا ہے۔ جابر سلطان کے خوف سے اسے نجات مل جاتی ہے اور سکون نصیب ہوتا ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۳۵۔ ﴿اَلْغَفُوْرُ ..... بے انتہا بخشش و مغفرت فرمانے والا﴾

بخار اور دردِ سر سے شفایابی کا وظیفہ: یَا غَفُوْرُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کی برکت سے بخار اور دردِ سر وغیرہ سے شفا ملتی ہے۔ دلوں کی سیاہی دھلتی ہے۔ اس کا متواتر معمول اپنانے سے اللہ تعالیٰ بندے کو اپنی

رحمت سے ڈھانپتا ہے اور اس کے گناہوں کو بخش دیتا ہے خواہ وہ آسمان کے کناروں تک ہوں۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۳۶۔ اَلشَّکُوْرُ .....شکر کا بدلہ دینے والا

شکر کی بجا آوری اور معاشی تنگدستی سے نجات کا وظیفہ: یَا شَکُوْرُ

فوائد و تاثیرات: یہ اسم پاک بے شمار خیر و برکت کا باعث ہے۔ اس کے وظیفے سے انسان کے اندر اللہ کی نعمتوں اور والدین کے احسانات کا شکر بجا لانے کی ہدایت نصیب ہوتی ہے اور اسے اعمال صالحہ کی بجا آوری کی توفیق ملتی ہے۔

علاوہ ازیں معاشی تنگدستی سے نجات ملتی ہے اور ۴۰ روز تک متواتر اس کا معمول اپنانے سے دل، جسم اور آنکھوں کی بیماری سے شفایابی ہوتی ہے۔ نظر تیز ہو جاتی ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۳۷۔ ﴿ اَلْعَلِیُّ ..... بہت بلند و برتر ﴾

وظیفہ برائے حصولِ علم وحکمت: یَا عَلِیُّ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفے سے درجات بلند ہوتے ہیں کہ انسان دنیا کے سامنے ذلیل ورسوا ہونے سے بچ جاتا ہے اور اسے علم وحکمت کی معرفت نصیب ہوتی ہے۔ یہ وظیفہ بالخصوص مشائخ علماء اور طلباء کے لئے اسرار وانوار کا باعث ہے اور اس کے ساتھ اسم العلیم ملانے سے یہ عظیم ذکر بن جاتا ہے۔ جیسے یَا عَلِیُّ یَا عَلِیْمُ

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۳۸۔ ﴿ اَلْکَبِیْرُ ..... بہت بڑا ﴾

وظیفہ برائے حصولِ مقام ومرتبہ: یَا کَبِیْرُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کا معمول بنا لینے والے کو مقام ومرتبہ کی بلندی نصیب ہوتی ہے اور مہمات بخیر و عافیت سے سرانجام پاتی ہیں۔ حسب ضرورت سات (۷) روز مسلسل ۱۰۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے کھویا ہوا ظاہری و باطنی مقام دوبارہ مل جاتا ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ

روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۳۹۔ ﴿ اَلْحَفِیْظُ ..... محافظ ونگہبان ﴾

وظیفہ برائے حفاظت جمیع امور: یَا حَفِیْظُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کی برکت سے ڈوبنے، جلنے کی اذیت، دیوو پری اور شرِ نظر کے خوف سے نجات ملتی ہے۔ قلب و جوارح شیطانی وساوس اور شہواتِ نفس سے محفوظ ہو جاتے ہیں۔ یہ وظیفہ کثیر برکات کا باعث ہے حتی کہ اس کو پڑھنے والا اگر درندوں کے درمیان سو جائے تو بھی نقصان سے محفوظ رہے گا خصوصاً سفر کے دوران وحشت وخوف سے تحفظ کے لئے یہ بہت پرتاثیر ہے اگر کوئی شخص یہ وظیفہ پڑھ کر آخر میں تین دفعہ یَا حَفِیْظُ اِحْفَظْنِیْ اور پھر آیۃ الکرسی پڑھ کر سفر پر روانہ ہوجائے تو وہ پورے سفر میں اللہ رب العزت کے خصوصی حفظ وامان میں رہے گا۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

www.MinhajBooks.com

۴۰۔ ﴿اَلْمُقِیْتُ...قوت دینے والا اور روزی عطا کرنے والا﴾

وظیفہ برائے رفع خوف و وحشت: یَا مُقِیْتُ

فوائد و تاثیرات: اس اسم پاک کا ورد کرنے والے کو اللہ تعالیٰ غیبی مدد سے کھلائے گا اور پلائے گا اور اس کا دل معرفت اور نورِ علم سے بھر دے گا، اگر کوئی اس سے دم شدہ پانی سفر کے دوران پی لے تو وحشت دور ہو جائے گی۔ حصول معرفت و انوارِ الٰہیہ اور دوران سفر خوف و وحشت سے نجات کے لئے اس کے ساتھ صبح و شام سورہ قریش کی تلاوت بھی نہایت مؤثر ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

- اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۴۱۔ ﴿اَلْحَسِیْبُ.....جمیع امور میں کفایت کرنے والا﴾

وظیفہ برائے حفاظت از شرّ دشمناں: یَا حَسِیْبُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کی برکت سے انسان کو چور، حاسد، ہمسایہ یا دشمن کے شر سے نجات ملتی ہے اور کام درستگی کے ساتھ انجام پاتے ہیں۔ نیز اس سے دینی اور دنیوی کی مشکلات آسان ہو جاتی ہیں۔

❁ صبح طلوع آفتاب اور شام کو غروب آفتاب سے قبل **۷۷ مرتبہ یا ۹۹ مرتبہ "حَسْبِیَ الحَسِیْبُ"** کے الفاظ پڑھنے سے اللہ رب العزت کی طرف سے ہفتوں پہلے خطرات سے امن نصیب ہوتا ہے اس طریقے سے پڑھنے کے لئے اس وظیفہ کو جمعرات کے دن نمازِ فجر کے بعد طلوع آفتاب سے قبل شروع کیا جائے۔ اس اسم پاک میں اسم اعظم کی تاثیر بیان کی گئی ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۴۲۔ ﴿اَلْجَلِیْلُ ..... بلند مرتبہ اور بزرگی والا﴾

وظیفہ برائے حصولِ حسن باطن و درستگی احوال: یَا جَلِیْلُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کا معمول بنانے والے کو باطن کا حسن نصیب ہوتا ہے، مخلوق کے دلوں میں اس کے لئے عزت و تکریم ہوتی ہے، اللہ تعالیٰ اس بندے کے باطنی احوال و اوصاف کو سنوارتا ہے اور اس کے درجات بلند فرماتا ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے

لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۴۳۔ ﴿اَلْکَرِیْمُ ..... بہت کرم کرنے والا﴾

وظیفہ برائے درستگی اخلاق و صفات: یَا کَرِیْمُ

فوائد و تاثیرات: یہ وظیفہ کرنے والا اللہ تعالیٰ کے ہاں اور مخلوق میں مکرّم و معزّز ہو جاتا ہے۔ اس کے ورد سے اللہ تعالیٰ بندے کے اخلاق کو سنوار کر اس کے اندر کرم، وفا اور عفو جیسی صفات ودیعت کرتا ہے۔ یہ اسم کسی کے نام کا حصہ ہو تو اس کے اندر سخاوت آجاتی ہے اور اس کے اسباب و احوال میں اس کی برکت ظاہر ہوتی ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

- اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۴۴۔ ﴿اَلرَّقِیْبُ ..... بڑا نگہبان﴾

خوف و خطر سے رہائی کا وظیفہ: یَا رَقِیْبُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کا معمول اپنانے والا اگر بیوی، بیٹے اور مال پر دم کرے تو اس سے تمام دشمنوں اور آفتوں سے بے خوفی نصیب ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی نگہبانی اور موجودگی کا احساس پیدا ہوتا ہے اور دل میں خشیتِ الٰہی پیدا ہوتی ہے

جس کی وجہ سے بندہ اللہ کی نافرمانیوں اور گناہوں سے بچ جاتا ہے۔

❁ یہ وظیفہ **سات (۷)** دفعہ پڑھنے سے حمل کی حفاظت بھی ہو جاتی ہے۔ اگر کوئی شخص سفر پر روانگی کے وقت اپنے اہل خانہ میں سے جس کے بارے میں اسے کسی قسم کے نقصان کا اندیشہ ہو تو گردن پر ہاتھ رکھ کر **۷ مرتبہ** یہ وظیفہ پڑھ کر دم کرے تو وہ اللہ کے اذن سے نقصان اور برائی کے ارتکاب سے بچا رہے گا۔ اگر اولاد نافرمان ہو تو وہ راہ راست پر آجائے گی۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو **(۱۰۰)** مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۴۵۔ ﴿اَلْمُجِیْبُ﴾..... ہر ایک کی دعا کو قبول کرنے والا

وظیفہ برائے حاجت روائی و قبولیتِ دعا: یَا مُجِیْبُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ کی طرف سے امان نصیب ہوتی ہے۔ اور مجبور حال لوگوں کی حاجت پوری کرنے کی توفیق مل جاتی ہے نیز طلوع آفتاب کے وقت پڑھنے کا معمول اپنانے سے دعا کی قبولیت ہوتی ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو **(۱۰۰)** مرتبہ روزانہ کریں۔

www.MinhajBooks.com

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۴۶۔ ﴿اَلْوَاسِعُ ..... وسعت و فراخی عطا کرنے والا﴾

وظیفہ برائے حصولِ قناعت و برکت: یَا وَاسِعُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ وظیفہ کرنے والے شخص کو قناعت و برکت کی دولت سے نوازے گا علاوہ ازیں علم و حکمت اور صحت عطا ہوگی، جو کوئی اسے کثرت سے جاری رکھے گا اسے وسعت صدر نصیب ہوگی، حرص و لالچ اور دھوکہ سے سلامتی ملے گی اور اس کے دیگر امور آسان کر دیئے جائیں گے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۴۷۔ ﴿اَلْحَکِیْمُ ..... حکمت و تدبر والا﴾

وظیفہ برائے کشادگی سینہ و اسرارِ حکمت: یَا حَکِیْمُ

فوائد و تاثیرات: اس اسم مبارک کا ورد کرنے والے کے ناممکن کام بخیر و عافیت سرانجام پاتے ہیں۔ جو شخص باوضو ہو کر اس اسم پاک کو ذوق و شوق کے ساتھ ۱۰۰ مرتبہ

پڑھتا رہے حتیٰ کہ اس پر وجد کی کیفیت طاری ہو جائے تو اس کے باعث اللہ تعالیٰ اس کے باطن کو اپنے اسرار کی آماجگاہ بنا دے گا۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۴۸۔ ﴿اَلْوَدُوْدُ ..... بہت محبت کرنے والا﴾

میاں بیوی کے درمیان الفت و محبت پیدا کرنے کا وظیفہ: یَا وَدُوْدُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کی برکت سے میاں بیوی کے درمیان ناچاقی کا خاتمہ ہو جاتا ہے ان میں محبت و مودت پیدا ہوتی ہے اور مخلوقِ خدا کے دل میں اس اسم پاک کا ورد کرنے والے کی محبت ڈال دی جاتی ہے، اگر کوئی شخص کسی آفت و مصیبت میں گرفتار ہو تو اس کی برکت سے ان شاء اللہ مصیبت و پریشانی سے نجات مل جائے گی۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

www.MinhajBooks.com

۴۹۔ ﴿اَلْمَجِيْدُ ..... عالی مرتبت اور بزرگی والا﴾

موذی امراض سے نجات کا وظیفہ: یَا مَجِيْدُ

فوائد و تاثیرات: جزام (کوڑھ) یا برص زدہ مریض ایام بیض کے روزے رکھے اور افطار کے وقت اس وظیفہ کا ورد کرے تو وہ شفایاب ہوگا۔ اس سے عزت و تکریم بھی حاصل ہوتی ہے۔ اگر کوئی امراض قلب یا کسی لاعلاج مرض میں مبتلا ہو جائے تو اس سے شفاء کے لئے بھی یہ وظیفہ مفید ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

- اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۵۰۔ ﴿اَلْبَاعِثُ .....موت کے بعد زندگی عطا کرنے والا﴾

وظیفہ برائے احیائے قلب وحصولِ علم: یَا بَاعِثُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کی برکت سے مردہ دل زندہ ہوتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے انوار و تجلیات کا نزول ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس وظیفہ کا معمول اپنانے والے کو لوگوں کے لئے ہادی و رہبر بناتا ہے۔ وہ لوگوں کو اندھیروں سے نکال کر نورِ حق کی طرف لاتا ہے اس طرح گویا وہ لوگوں کو زندہ کرتا ہے۔ اگر کوئی شخص سوتے وقت

اپنے سینے پر ہاتھ رکھ کر **ایک سو ایک (۱۰۱) دفعہ** اس کا ورد کرے تو اللہ تعالیٰ علم و حکمت کے انوار سے اس کا قلب بھر دیتا ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۵۱۔ ﴿اَلشَّهِيْدُ .....حاضر و موجود، اور مشاہدہ فرمانے والا﴾

نافرمان اولاد کی اصلاح کا وظیفہ: يَا شَهِيْدُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کا ورد کرنے والا اگر نافرمان بیٹے یا غیر صالح بیٹی پر دم کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو صالح بنا دیتا ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۵۲۔ ﴿اَلْحَقُّ ..... سچا، سچائی اور حق کا مالک﴾

گمشدہ اشیاء کی بازیابی کا وظیفہ: يَا حَقُّ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کی برکت سے گمشدہ مال و اسباب مل جاتے ہیں۔

قیدی پڑھے تو قید سے نجات مل جاتی ہے۔ وظیفے کا ورد کرنے والے کو حق بات کہنے کی توفیق مل جاتی ہے اور وہ حق و باطل میں تمیز کرنے لگتا ہے۔ اللہ تعالیٰ مخفی راز پر اسے مطلع کرتا ہے۔ درج ذیل الفاظ کے ساتھ ذکر کرنے سے فقر سے نجات ملتی ہے اور مہماتی امور میں آسانی نصیب ہوتی ہے: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ۔

❁ روزانہ **ایک ہزار (۱۰۰۰)** مرتبہ پڑھنے سے طبیعت کی اصلاح ہو جاتی ہے اور اخلاق اچھے ہوجاتے ہیں۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو **(۱۰۰)** مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۵۳۔ اَلْوَكِيْلُ ..... جملہ امور میں کارساز

خطرات سے نجات و رفعِ خوف کا وظیفہ: يَا وَكِيْلُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفے کا ورد کرنے والے کو بجلی گرنے، طوفان، بادوباراں، پانی اور آگ وغیرہ کا خوف ہو تو اس اسم کی برکت سے وہ خوف دور ہو جاتا ہے، کسی خطرناک جگہ پر کثرت سے پڑھنا خوف سے نجات کا موجب بنتا ہے، اس کی برکت سے دل پر اللہ کی طرف سے سکینہ کا نزول ہوتا ہے اور مہمات میں ہر قسم کے شر سے نجات کے غیبی سامان مہیا ہو جاتے ہیں۔ اس اسم کو الحکیم کے ساتھ ملا کر اس طریقے

سے بھی پڑھ سکتے ہیں یَا وَکِیْلُ یَا حَکِیْمُ اس میں اسم اعظم کی تاثیر بھی پائی جاتی ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۵۴۔ ﴿اَلْقَوِیُّ..... بہت طاقتور﴾

مضبوط قوتِ ارادی کے حصول کا وظیفہ: یَا قَوِیُّ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کی برکت سے قوی دشمن کا شر جاتا رہتا ہے نیز اس سے نسیان کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ اگر کسی کے اندر جسمانی یا ارادے کی کمزوری ہو تو اس کے پڑھنے سے اسے قوت مل جاتی ہے۔ مظلوم پڑھے تو ظالم کے شر سے نجات مل جاتی ہے۔ اگر تنگدست ان الفاظ کے ساتھ پڑھے اَللّٰہُ لَطِیْفٌ م بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَ ھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ (الشوریٰ، ۴۲: ۱۹) تو اللہ تعالیٰ لطف و کرم فرماتے ہوئے اس پر خیر کے دروازے کھول دیتا ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

www.MinhajBooks.com

۵۵۔ ﴿اَلْمَتِیْنُ ..... بہت مضبوط اور شدید﴾

ماں کا دودھ بڑھانے کیلئے وظیفہ: یَا مَتِیْنُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کی برکت سے زچہ کا دودھ نقصان اور ضائع ہونے سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ ماں کے دودھ میں اضافہ ہوتا ہے اور بچہ کا دودھ چھڑاتے وقت اس وظیفے کا دم کرنے سے اس کو صبر مل جاتا ہے۔

- اگر مذکورہ بالا دو اسماء یَا قَوِیُّ یَا مَتِیْنُ کو ملا کر **۱۰ مرتبہ** پڑھنے کے بعد کسی نافرمان لڑکے یا لڑکی پر دم کیا جائے تو اس کی برکت سے ان کی اصلاح ہوجاتی ہے اور وہ نافرمانی سے باز آجاتے ہیں۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو **(۱۰۰)** مرتبہ روزانہ کریں۔

- اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۵۶۔ ﴿اَلْوَلِیُّ ..... دوست اور حمایت فرمانے والا﴾

حصولِ حُبِّ اولیاء اور بدسیرت بیوی کی اصلاح کا وظیفہ: یَا وَلِیُّ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفے کا بکثرت ورد کرنے سے اولیاء اللہ سے محبت، ان کے دشمنوں اور نفس و شیطان سے نفرت پیدا ہوتی ہے۔

❁ خصوصاً جو جمعہ کی رات ۱۰۰۰ مرتبہ پڑھے تو اسے بلند روحانی مقام و مرتبہ نصیب ہوتا ہے اور اگر بیوی بدسیرت اور نافرمان ہو تو اس وظیفہ کی برکت سے اس کی اصلاح ہو جاتی ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۵۷۔ ﴿اَلْحَمِیْدُ ..... لائقِ تعریف، اچھی خوبیوں والا﴾

فحش گوئی سے نجات و درستگی عادات کیلئے وظیفہ: یَا حَمِیْدُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کی کثرت سے اقوال و افعال کی اصلاح اور اخلاقِ حمیدہ پیدا ہوتے ہیں اور فحش گوئی و بدزبانی سے نجات ملتی ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

www.MinhajBooks.com

۵۸۔ ﴿اَلْمُحْصِیُ... کائنات کی ہر شے کا شمار کرنے والا﴾

عذابِ قبر سے نجات اور صدق لسانی کے حصول کے لئے وظیفہ: یَا مُحْصِیُ

فوائد و تاثیرات: شبِ جمعہ کو اس کا **ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ** ورد کرنے سے عذاب قبر سے نجات ملتی ہے۔ اس پر مداومت سے صدق لسانی کی نعمت نصیب ہو جاتی ہے۔ اگر اسم المحیط ملا کر یَا مُحْصِیُ یَا مُحِیْطُ پڑھا جائے تو علم میں اضافہ ہوتا ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۵۹۔ ﴿اَلْمُبْدِئُ ..... پیدائش کی ابتداء کرنے والا﴾

وظیفہ برائے حفاظتِ حمل: یَا مُبْدِئُ

فوائد و تاثیرات: اس اسم کو اپنا معمول بنانے کی برکت سے حمل کی حفاظت ہو جاتی ہے اور اسے کوئی ضرر نہیں پہنچتا۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۶۰۔ اَلْمُعِیْدُ ..... دوبارہ پیدا کرنے والا

گمشدہ کی صحیح وسلامت بازیابی کے لئے وظیفہ: یَا مُعِیْدُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کے پڑھنے سے پریشانی دور ہوجاتی ہے۔ اگر اس کے ساتھ المبدئ ملا کر **یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ** پڑھا جائے تو بھولی ہوئی چیز یاد آجاتی ہے اور مخفی امور اس پر ظاہر ہوجاتے ہیں۔

❁ اگر کوئی گھر سے غائب ہو جائے تو اس وظیفہ کو سات دن متواتر ۷۰ مرتبہ روزانہ گھر کے چاروں طرف پڑھتے رہنے سے غائب ہونے والا صحیح سلامت واپس آجائے گا یا اس کی اطلاع مل جائے گی، اسی طرح گمشدہ چیز بھی مل جاتی ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۶۱۔ اَلْمُحْیِی ..... زندگی دینے والا

وظیفہ برائے ازالۂ درد وغم: یَا مُحْیِی

فوائد و تاثیرات: اس اسم پاک کے ورد سے درد وغم سے نجات ملتی ہے اور کسی

عضو کے ضائع ہونے کا خوف زائل ہو جاتا ہے، دل نورِ الٰہی سے بھر جاتا ہے اور بدن میں قوت پیدا ہو جاتی ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۶۲۔ ﴿اَلْمُمِیْتُ ..... موت دینے والا﴾

شہوات اور نفسِ امارہ کے شر سے محافظت کا وظیفہ: یَا مُمِیْتُ

فوائد و تاثیرات: اس اسم کے ورد سے نفس زیر ہو کر تابع فرمان ہو جاتا ہے اور نفس امّارہ سے خلاصی حاصل ہوتی ہے، شہوات ختم ہوتی ہیں اور کثرت ذکر سے دشمن اپنے عزائم میں ناکام ہوتا ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

www.MinhajBooks.com

۶۳۔ ﴿اَلْحَیُّ ..... ہمیشہ زندہ رہنے والا﴾

صحت یابی اور حصولِ شہادت کا وظیفہ: یَا حَیُّ

فوائد و تاثیرات: اس اسم کے بکثرت ورد سے بیماری کبھی قریب نہیں پھٹکتی، بیمار پر دم کیا جائے تو اسے صحت یابی اور درازیٔ عمر نصیب ہوتی ہے، زندگی پاکیزہ اور قوت روحانیہ میں اضافہ ہوتا ہے نیز شہادت کی موت نصیب ہوتی ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۶۴۔ ﴿اَلْقَیُّوْمُ .....سب کو اپنی تدبیر سے قائم رکھنے والا﴾

وظیفہ برائے استغنائے قلب وتقویتِ حافظہ: یَا قَیُّوْمُ

فوائد و تاثیرات: اس اسم کے ورد سے استغنائے قلب عطا ہوتا ہے۔ خلوت میں پڑھنے سے بندہ عوارض نسیان سے محفوظ رہتا ہے۔ حافظہ قوی ہوتا ہے، نور قلب پیدا ہوتا ہے اور دل زندہ ہو جاتا ہے۔ یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ یہ دونوں اسماء کثیر خیر و برکت کا باعث ہیں۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۶۵۔ ﴿اَلْوَاجِدُ ..... وجود عطا فرمانے والا﴾

وظیفہ برائے تقویتِ قلب: یَا وَاجِدُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کی برکت سے دل کو تقویت ملتی ہے اور خلوت میں پڑھنے سے تونگری و خوشحالی نصیب ہوتی ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۶۶۔ ﴿اَلْمَاجِدُ ..... عظمت اور بزرگی والا﴾

وظیفہ برائے حصولِ انوار الٰہی: یَا مَاجِدُ

فوائد و تاثیرات: اس اسم کا خلوت میں ورد کرنے سے قلب پر انوارِ الٰہی کا ورود ہوتا ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۶۷۔ ﴿اَلوَاحِدُ ..... یکتا﴾

وظیفہ برائے برأتِ شرک وخوف: یَا وَاحِدُ

فوائد و تاثیرات: اس اسم کے ورد سے شرک سے برأت (رہائی) نصیب ہوتی ہے۔

❁ خلوت میں باوضو **ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ** اس کا ورد کرنے سے مخلوق کے خوف کا خاتمہ ہوتا ہے اور عجائبات کا ظہور ہوتا ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۶۸۔ ﴿اَلصَّمَدُ ..... بے نیاز﴾

وظیفہ برائے استغنائے قلب: یَا صَمَدُ

فوائد و تاثیرات: باوضو اس وظیفہ کا ورد کرنے والا مخلوق کی احتیاج سے بے پروا ہو جاتا ہے۔

❁ سحری کے وقت **۱۱۵ بار** اس کا ورد کرنے سے صدقِ حال و قال نصیب

ہوتا ہے اور اس کا پڑھنے والا شدت فاقہ کے احساس سے محفوظ رہتا ہے۔

عام معمول: اوّل و آخرا، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۶۹۔ اَلْقَادِرُ ..... قدرت و طاقت والا

عبادت میں خشوع و خضوع اور تقویتِ ظاہر و باطن کے لئے وظیفہ: یَا قَادِرُ

فوائد و تاثیرات: اس اسم کو دو رکعت نماز کے بعد پڑھنے سے عبادت میں انہماک اور ظاہری و باطنی تقویت ملتی ہے۔ دشمن پر فتح نصیب ہوتی ہے اور کام درستگی سے انجام پذیر ہوتے ہیں۔

عام معمول: اوّل و آخرا، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۷۰۔ اَلْمُقْتَدِرُ ..... قدرتِ کاملہ کا مالک

وظیفہ برائے خاتمہ غفلت: یَا مُقْتَدِرُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کی برکت سے غفلت کا خاتمہ ہوتا ہے۔ نیند سے بیدار

ہونے کے بعد اس کا ورد کرنے والا جو نیک کام کرنا چاہے اللہ تعالیٰ اس کو نمٹا دیتا ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۷۱۔ ﴿اَلْمُقَدِّمُ ..... آگے کرنے والا/ بڑھانے والا﴾

وظیفہ برائے فتح و نصرت و تقربِ الٰہی: یَا مُقَدِّمُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کی برکت سے معرکۂ جنگ میں دشمن پر فتح و نصرت حاصل ہوتی ہے اور اطاعتِ الٰہی میں تقرب نصیب ہوتا ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۷۲۔ ﴿اَلْمُؤَخِّرُ ..... پیچھے رکھنے والا﴾

گناہوں سے چھٹکارے کا وظیفہ: یَا مُؤَخِّرُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کی برکت سے انسان معاصی ترک کر دیتا ہے، توبہ

کے دروازے کھل جاتے ہیں اور تقویٰ نصیب ہوتا ہے۔ اللہ کے ذکر سے دل اطمینان پکڑتا ہے اور نفس مطیع ہو جاتا ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۳۷۔ ﴿اَلْاَوَّلُ ..... سب موجودات سے پہلے﴾

وظیفہ برائے حصولِ اولادِ نرینہ: یَا اَوَّلُ

فوائد و تاثیرات: ۴۰ دن تک اس اسم کا ورد کرنے سے نرینہ اولاد کی نعمت مل جاتی ہے۔

❁ شبِ جمعہ کو **ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ** پڑھنے والے کی حاجت روائی ہو جاتی ہے اور جمعہ کے دن کوئی مسافر پڑھے تو اس کے منتشر معاملات مجتمع ہو جاتے ہیں۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

www.MinhajBooks.com

۷۴۔ ﴿اَلْاٰخِرُ .....سب موجودات کے فنا ہونے کے بعد بھی باقی رہنے والا﴾

وظیفہ برائے استقامتِ ایمان: یَا اٰخِرُ

فوائد و تاثیرات: اگر کوئی شخص زندگی میں اعمالِ صالحہ نہ کر سکا ہو اور پیرانہ سالی کی حد کو پہنچ گیا ہو تو اس وظیفہ کی برکت سے صفائے قلب نصیب ہوگا، عمر کا آخری حصہ اول سے بہتر ہوگا اور خاتمہ بالخیر ہوگا۔

''یَا اَوَّلُ یَا آخِرُ'' کے اکٹھا ذکر کرنے سے بندہ اُن اعمالِ صالحہ کی طرف بھی متوجہ ہو جاتا ہے جو اس نے سابقہ زندگی میں نہیں کئے تھے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسبِ ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۷۵۔ ﴿اَلظَّاهِرُ .....اپنی قدرت کے اعتبار سے ظاہر﴾

وظیفہ برائے دفعِ خوف: یَا ظَاهِرُ

فوائد و تاثیرات: اگر کوئی اس اسم پاک کا ذکر کرے تو وہ ہر قسم کے خوف سے محفوظ ہو کر امن و سلامتی پائے گا، اس کے گھر بار دشمن کے شر سے محفوظ رہیں گے،

اشراق کی نماز کے بعد پڑھنے سے اللہ تعالیٰ نور بصیرت عطا کرے گا۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۷۶۔ اَلْبَاطِنُ.....اپنی ذات کے اعتبار سے پوشیدہ

وظیفہ برائے حاجت برآری: یَا بَاطِنُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ میں وہی تاثیر ہے جو یا ظاھر میں ہے۔ اگر کوئی ان دونوں اسماء کو ملا کر اس طریقے سے ذکر کرے یَا ظَاھِرُ یَا بَاطِنُ تو اللہ پاک اس شخص کی جمیع حاجات کو پورا فرمائے گا۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۷۷۔ اَلْوَالِیُ .....تصرف و اختیار کا مالک

وظیفہ برائے دفع آفات و بلیات: یَا وَالِیُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کی برکت سے ہر قسم کی آفات و بلیّات ٹل جاتی ہیں

گھربار کے افراد ہر قسم کے آفات و بلیّات سے محفوظ رہتے ہیں۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۷۸۔ اَلْمُتَعَالِیُ ..... بلند و برتر

وظیفہ برائے حلِ مشکلات و دفعِ شرِ دشمن: یَا مُتَعَالِیُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کو پڑھنے سے دشمن اپنے منصوبے میں ناکام ہو جاتا ہے، اس کا شر دفع ہو جاتا ہے۔ روزمرہ کی مشکلات آسان ہو جاتی ہیں بالخصوص اگر کوئی خاتون ایام ماہواری میں پڑھے تو ان ایام کی آفتوں سے محفوظ رہے گی۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۷۹۔ اَلْبَرُّ ..... اچھائی اور بھلائی فرمانے والا

اولاد کی فرمانبرداری اور نیک تربیت کا وظیفہ: یَا بَرُّ

فوائد و تاثیرات: اس اسم پاک کے وظیفہ کی برکت سے نافرمان اولاد والدین کی

مطیع و فرماں بردار ہو جاتی ہے نیز عام لوگوں کے ساتھ بھی اخلاق حسنہ کے ساتھ پیش آتی ہے، اعمال صالحہ کی طرف رغبت بڑھ جاتی ہے اور اگر کوئی نابالغ بچے پر یہ وظیفہ پڑھ کر دم کرے گا تو وہ بالغ ہونے تک ہر قسم کی آفات و بلیّات سے محفوظ رہے گا۔

خشکی و تری کے راستوں پر سفر کرنے والے اس کو پڑھیں تو وہ بھی امن و سلامتی کے ساتھ منزل مقصود تک پہنچ جائیں گے۔ شراب نوشی اور بدکاری جیسی برائی میں بھی مبتلا شخص اس وظیفہ کی برکت سے اس برائی سے بچ جائے گا۔

❁ اگر کوئی شخص اپنے بچے کے سر پر ہاتھ رکھ کر **پندرہ (۱۵) مرتبہ** اس اسم کو پڑھے اور درج ذیل دعا کرے:

اَللّٰھُمَّ بِبَرَکَۃِ ھٰذَا الْاِسْمِ رَبِّہٖ لَا یَتِیْمًا وَلَا لَئِیْمًا

تو اللہ تعالیٰ اس بچے کی پرورش اس طرح فرمائے گا جس طرح وہ چاہتا ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو **(۱۰۰)** مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۸۰۔ اَلتَّوَّابُ .....زیادہ توبہ قبول کرنے والا

وظیفہ برائے اصلاحِ احوالِ نفس و ازالۂ ظلم: یَا تَوَّابُ

فوائد و تاثیرات: اس کے پڑھنے سے نفس مطیع و فرماں بردار ہو جاتا ہے، گناہ پر

ندامت اور توبہ کی توفیق مل جاتی ہے اور دنیاوی کاموں میں آسانی پیدا ہوتی ہے نیز ظالم کے ظلم سے نجات مل جاتی ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ا، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۸۱۔ ﴿اَلْمُنْتَقِمُ ..... بدلہ لینے والا﴾

آسانیٔ امور اور دشمنی کو دوستی میں بدلنے کا وظیفہ: یَا مُنْتَقِمُ

فوائد و تاثیرات: اس کے پڑھنے سے جملہ دنیاوی امور آسان ہو جاتے ہیں۔ اگر کوئی یَا مُنْعِمُ کے صیغے کے ساتھ وظیفہ کرے تو اسے ہر قسم کی محتاجی سے نجات مل جاتی ہے۔

❁ **مسلسل تین جمعہ** یہ وظیفہ پڑھنے سے دشمنی دوستی میں بدل جاتی ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ا، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

www.MinhajBooks.com

۸۲۔ ﴿اَلْغَفُوْرُ ..... بہت معاف کرنے والا﴾

وظیفہ برائے بخشش و مغفرت: یَا غَفُوْرُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ گناہ معاف فرما دیتا ہے۔ اس کو یَا غَفُوْ کا صیغہ ملا کر پڑھنے سے اخلاق سنور جاتے ہیں اس میں عفو و در گذر اور احسان کا جذبہ پیدا ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ کی رضا مل جاتی ہے اور "یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْ" ملا کر وظیفہ کرنے سے حاجت فوراً پوری ہوتی ہے، دعا جلدی قبول ہوتی ہے اور بندہ ہر قسم کے وحشت و خوف سے محفوظ و مامون ہو جاتا ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

- اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۸۳۔ ﴿اَلرَّءُوْفُ ..... بہت مہربان و شفیق﴾

وظیفہ برائے رقّتِ قلب و دفعِ غضب: یَا رَءُوْفُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کے پڑھنے والے کے دل میں نرمی اور رحم پیدا ہو جاتا ہے، وہ شخص لوگوں کے ساتھ نرمی کا سلوک کرتا ہے، اس کے دل کا غصہ ٹھنڈا ہو جاتا ہے، مظلوم کو ظالم سے چھٹکارا مل جاتا ہے اور دیگر لوگوں کا دل بھی اس شخص کے

لئے نرم ہو جاتا ہے۔

❁ اگر کوئی سخت غصہ میں ۱۰ بار درود شریف پڑھ کر **۱۰ بار** اس کا ورد کرے تو غصہ ٹھنڈا ہوجاتا ہے۔ اسی طرح جس پر شدید غصہ ہوتو اس کے لئے بھی دل نرم ہوجاتا ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۸۴۔ ﴿مَالِکُ الْمُلْکِ..... سب سلطنت اور حکمرانی کا مالک﴾

وظیفہ برائے تکمیل حاجات و فتح مہمات: یَا مَالِکَ الْمُلْکِ

فوائد و تاثیرات: دینی اور دنیوی مشکلات و مہمات کی آسانی کے لئے اس اسم کا وظیفہ نہایت مفید ہے۔ اس کے باعث اللہ تعالیٰ رزق میں فراخی عطا فرماتا ہے۔ جملہ دینی و دنیوی حاجات پوری ہوتی ہیں اور مہمات میں آسانی پیدا ہوتی ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

www.MinhajBooks.com

۸۵۔ ﴿ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَام ..... عظمت اور بزرگی والا﴾

وظیفہ برائے قبولیت دعا: یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَام

فوائد و تاثیرات: ہ وظیفہ کثیر خیر و برکت کا باعث ہے۔ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَام پڑھنے سے دعا جلدی قبول ہوتی ہے۔ اس کو اسم اعظم بھی کہا گیا ہے۔ اس کے پڑھنے سے اللہ تعالی بندے کو اپنے خاص شکرگذار اور انعام یافتہ بندوں کی صف میں شامل فرماتا ہے جن کے بارے ارشاد فرمایا:

اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ (النساء،۴: ۶۹)

کثیر خیر و برکت کے حصول کے لئے یَا مَالِکَ الْمُلْکِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَام ملا کر پڑھنا مفید ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۸۶۔ ﴿اَلْمُقْسِطُ ..... عدل و انصاف کرنے والا﴾

وظیفہ برائے دفع شر و وساوس: یَا مُقْسِطُ

فوائد و تاثیرات: اس کے پڑھنے سے بندہ شیطان کے شر اور وسوسہ اندازی سے محفوظ رہتا ہے اور ہر حاجت پوری ہوتی ہے اور دوران عبادت وسوسوں کا بھی خاتمہ

ہو جاتا ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۸۷۔ اَلْجَامِعُ ..... جمع کرنے والا

وظیفہ برائے دفع افتراق و انتشار: یَا جَامِعُ

فوائد و تاثیرات: اگر عزیز و اقارب میں پھوٹ پڑی ہو تو ان کے درمیان اتفاق و اتحاد پیدا کرنے کے لئے اس اسم پاک کا وظیفہ نہایت مؤثر ہے۔ اگر کوئی شخص اس کو معمول بنا لے تو اللہ تعالیٰ اس کے تمام مقاصد پورا فرما دے گا۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۸۸۔ اَلْغَنِیُّ ..... بے پرواہ و بے نیاز

وظیفہ برائے دفعِ حرص و طمع: یَا غَنِیُّ

فوائد و تاثیرات: اگر کسی شخص کے اندر حرص اور لالچ کا غلبہ ہو تو اس کو دفع

کرنے کے لئے یہ وظیفہ نہایت مفید اور مؤثر ہے۔اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس کے مال و دولت میں برکت عطا فرماتا ہے اور لوگوں کی محتاجی سے نجات دیتا ہے۔ اگر کوئی جسمانی مرض اور بیماری ہو تو اس کو پڑھ کر ہاتھ پر دم کرنے اور جسم پر پھیرنے سے اللہ تعالیٰ شفاء عطا فرماتا ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۸۹۔ ﴿اَلْمُغْنِیُ ..... بے نیاز کر دینے والا﴾

فقر کو غنا اور بخل کو سخا میں بدلنے کا وظیفہ: یَا مُغْنِی

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کے پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے غنی کر دیتا ہے اور وہ شخص ہمیشہ سخی و جواد رہتا ہے کبھی کسی کا محتاج نہیں ہوتا، فقر و فاقہ اس کے قریب نہیں پھٹکتے۔

❁ اگر کوئی ہر جمعہ کی نماز کے بعد ۷۰ مرتبہ درج ذیل صیغہ کے ساتھ اس کے پڑھنے کا معمول بنالے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے غنا نصیب ہوتا ہے:

”اَللّٰھُمَّ یَا غَنِیُّ یَا حَمِیْدُ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا فَعَّالُ لِّمَا یُرِیْدُ

يَا رَحِيْمُ يَا وَدُوْدُ أَكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ بِطَاعَتِكَ عَنْ مَعْصِيَتِكَ وَ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ"

عام معمول: اوّل و آخر اا مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۹۰۔ ﴿ اَلْمَانِعُ ..... روکنے والا ﴾

میاں بیوی کے درمیان باہمی محبت کا وظیفہ: یَا مَانِعُ

فوائد و تاثیرات: اگر میاں بیوی کے درمیان ناراضی اور جھگڑا ہو جائے تو نماز عشاء کے بعد سونے سے قبل اس وظیفہ کے ورد سے ان کے درمیان محبت و مؤدت پیدا ہو گی۔ علاوہ ازیں نفسانی خواہشات پر قابو پانے کے لئے بھی اس اسم کا وظیفہ مفید ہے۔

بعض ائمہ نے اس کی جگہ اَلْمُعْطِیْ لکھا ہے اور اگر اس کو "یَا مُعْطِیَ السَّائِلِیْنَ" کے صیغہ کے ساتھ کثرت سے ورد کریں تو کبھی کسی کا محتاج نہیں ہوگا۔

عام معمول: اوّل و آخر اا مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۹۱۔ ﴿اَلضَّارُ .....نقصان کا مالک﴾

وظیفہ برائے حصولِ رضائے الٰہی: یَا ضَارُّ

فوائد و تاثیرات: اللہ تعالیٰ کی رضا و قربت اور روحانی درجات و مقامات کی بلندی کے لئے یہ وظیفہ بہت مفید ہے۔ شبِ جمعہ اس کا ورد زیادہ تاثیر کا موجب ہوتا ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسبِ ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۹۲۔ ﴿اَلنَّافِعُ .....نفع کا مالک﴾

بحری سفر میں سلامتی اور جملہ امور میں نفع بخشی کا وظیفہ: یَا نَافِعُ

فوائد و تاثیرات: اگر کوئی شخص کشتی یا سمندری جہاز میں سفر کر رہا ہو تو اس وظیفہ کا روزانہ معمول بنا لینے سے اس کی کشتی یا جہاز ہر آفت و بلا سے محفوظ رہے گا اور امن و سلامتی کے ساتھ کنارے لگ جائے گا۔

❁ کسی نیک اور جائز امر کے لئے ابتداء میں **۴۱ مرتبہ** پڑھنے سے حسبِ منشاء وہ کام انجام خیر کو پہنچ جاتا ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ

روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۹۳۔ ﴿اَلنُّوْرُ ..... نور عطا کرنے والا﴾

وظیفہ برائے حصول انوارِ الٰہی: یَا نُوْرُ

فوائد و تاثیرات: حصول انوارِ الٰہی کے لئے یہ وظیفہ نہایت مفید اور مؤثر ہے۔ یہ وظیفہ کرنے والا لوگوں کو راہِ مستقیم کی طرف ہدایت دینے والا بن جاتا ہے۔ اگر کوئی صاحب حال شخص اس کا ورد کرے تو اس کے دل کا نور اس کے چہرہ سے ظاہر ہو جاتا ہے اور ذکر الٰہی کے وقت بھی اس کا منہ نورِ الٰہی کا مصدر بن جاتا ہے۔

اگر کوئی شخص تاریک کمرے میں آنکھیں بند کرکے یا نور کا ذکر کثرت سے کرے تو اس پر حال طاری ہوتا ہے اور اس کا قلب انوار الٰہی سے بھر جاتا ہے۔ اہل کشف و بصیرت کے لئے یہ اسم پاک خاص تاثیر رکھتا ہے۔

❁ اگر کوئی شخص **شبِ جمعہ ۷ مرتبہ** سورہ نور کی تلاوت کرنے کے بعد **ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ** اس اسم پاک کا ذکر کرے تو اس کے دل میں نور پیدا ہوتا ہے اور جو کوئی صبح کے اوقات میں پابندی سے ذکر کرے تو اس کا دل روشن ہو جاتا ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو **(۱۰۰)** مرتبہ روزانہ کریں۔

www.MinhajBooks.com

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۹۴۔ ﴿اَلْھَادِیُ ..... ہدایت دینے والا﴾

ہدایتِ الٰہی اور ماں کے دودھ کی طرف رغبت کا وظیفہ: یَا ھَادِیُ

فوائد و تاثیرات: معرفتِ الٰہی کے حصول کے لئے اس اسم پاک کا وظیفہ نہایت مفید ہے، اس کے ذکر سے بندہ جملہ دینی و دنیاوی امور میں اپنے اور دیگر مخلوق کے لئے ھادی و رہنما بن جاتا ہے۔ اگر کوئی بچہ ماں کے دودھ کی طرف رغبت نہ رکھتا ہو تو اس کے باعث وہ دودھ پینا شروع کر دیتا ہے۔ اگر کوئی مسافر راستے سے بھٹک جائے تو اس کے ورد سے اسے راستہ مل جاتا ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۹۵۔ ﴿اَلْبَدِیْعُ ... بے مثال موجد، عدم سے وجود میں لانے والا﴾

وظیفہ برائے حصولِ علم و حکمت: یَا بَدِیْعُ

فوائد و تاثیرات: مخفی علوم و حِکَم کے حصول اور اظہار مافی الضمیر پر قدرت

حاصل کرنے کے لئے یہ وظیفہ انتہائی مفید اور مؤثر ہے۔ اس کے باعث زبان سے علم وحکمت کے چشمے جاری ہو جاتے ہیں۔ قول وعمل میں بدعت کے ارتکاب سے نجات ملتی ہے، حاجتیں پوری ہوتی ہیں اور وہ نقصان سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ اس کو ''یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ'' کے صیغہ کے ساتھ پڑھنے سے ہر قسم کی پریشانی اور غم وحزن سے نجات مل جاتی ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

- اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۹۶۔ ﴿ اَلْبَاقِیُ ..... ہمیشہ رہنے والا ﴾

وظیفہ برائے حصولِ اخلاص وتزکیہ: یَا بَاقِیُ

فوائد و تاثیرات: اس وظیفہ کی برکت سے عبادت میں اخلاص پیدا ہوتا ہے، دنیا اور آخرت کی زندگی میں پاکیزگی مل جاتی ہے، اعمال مقبول ہوتے ہیں اور ہر قسم کے نقصان سے نجات ملتی ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

- اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے

لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۹۷۔﴿اَلْوَارِثُ .....سب کے بعد موجود رہنے والا﴾

وظیفہ برائے حصول اولاد و بلندی درجات: یَا وَارِثُ

فوائد و تاثیرات: اللہ تعالیٰ کی عبادت میں کما حقہ رغبت پیدا کرنے کے لئے اس اسم پاک کا وظیفہ مفید ہے۔ اس وظیفہ سے عبادت کی طرف رغبت پیدا ہوتی ہے اور حسب منشاء جنت میں درجات مل جاتے ہیں۔

- بے اولاد کو اس صیغے کے ساتھ وظیفہ کرنے سے نعمت اولاد نصیب ہوتی ہے خصوصاً اولاد نرینہ کے لئے یہ وظیفہ بہت مفید ہے:

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ (الانبیاء، ۲۱:۸۹)

- طلوع آفتاب سے قبل اس کے پڑھنے سے زندگی میں جسم کو کوئی نقصان نہیں پہنچے گا بلکہ موت کے بعد بھی جسم سلامت رہے گا۔ اس کے کثرتِ ذکر سے تمام امور بخیر و عافیت انجام پائیں گے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

- اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

www.MinhajBooks.com

۹۸۔ اَلرَّشِیْدُ ..... نیکی اور سچائی پسند کرنے والا

وظیفہ برائے حصولِ ہدایت و آسانی مشکلات: یَا رَشِیْدُ

فوائد و تاثیرات: حصولِ ہدایت کے لئے یہ وظیفہ مفید ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے پڑھنے والے کو ہدایت نصیب فرماتا ہے اور اس کا شمار اپنے ہدایت یافتہ بندوں میں کرتا ہے۔ عشاء کے بعد پڑھنے سے جائز امور کی ہدایت ملتی ہے اور اس کی مداومت سے دیگر مشکلات آسان ہو جاتی ہیں۔ نافرمان اولاد کو مطیع و فرمانبردار بنانے کے لئے بھی یہ مفید ہے۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

- اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔

۹۹۔ اَلصَّبُوْرُ ..... بہت زیادہ مہلت دینے والا

وظیفہ برائے ازالۂ رنج و الم و اطمینانِ قلب: یَا صَبُوْرُ

فوائد و تاثیرات: رنج و الم سے نجات کے لئے یہ وظیفہ مفید ہے۔ اگر کسی شخص کو غم و حزن لاحق ہو یا وہ جسمانی درد اور کسی مصیبت کی وجہ سے بے صبری و بے قراری اور پریشانی میں مبتلا ہو تو اس وظیفہ کی برکت سے دل کو اطمینان نصیب ہوگا، غم و اندوہ کی

کیفیت دور ہو جائے گی اور مصائب کے وقت وہ صبر اور ایمان پر ثابت قدم رہے گا۔

عام معمول: اوّل و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا وردسو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت ۱۱ دن، ۴۰ دن یا اس سے بھی زیادہ عرصہ کے لئے جاری رکھ سکتے ہیں۔



www.MinhajBooks.com




حصہ سوم

دفع آفات و بلیّات
کے
وظائف و اذکار

www.MinhajBooks.com

باب ہشتم



جسمانی بیماریوں سے شفایابی کے وظائف

www.MinhajBooks.com

﴿ وظائفِ شفاء ﴾

۱۔ سورۃ الفاتحہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ○ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ○ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ○ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَ لَا الضَّآلِّيْنَ○ (الفاتحہ، ۱:۱۔۷)

- ۳ بار، ۷ بار، ۱۱ بار، ۴۰ بار یا ۱۰۰ بار حسب ضرورت اجازت ہے۔
- اس وظیفہ کو ۷ دن، ۱۱ دن، ۴۰ دن یا حسب ضرورت جاری رکھیں۔
- اسے پڑھ کر مریض پر دم کریں اور پانی پر دم کر کے بھی اسے پلاتے رہیں۔

۲۔ آیاتِ شفاء

ظاہری و باطنی جملہ امراض اور تکالیف کے ازالے کے لئے درج ذیل آیات کا وظیفہ نہایت مؤثر، مفید اور کثیر برکات کا باعث ہے:

۱۔ وَ يَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ○ (التوبۃ، ۹: ۱۴)

۲۔ وَ شِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ۔ (یونس، ۱۰:۵۷)

۳۔ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ۔ (النحل، ۱۶:۶۹)

۴۔ وَ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔
(الاسراء، ۱۷:۸۲)

۵۔ وَ اِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ○ (الشعراء، ۲۶:۸۰)

۶۔ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّ شِفَآءٌ۔ (فصلت، ۴۱: ۴۴)

❁ ان چھ (۶) آیات کو ترتیب سے اکٹھا پڑھیں یہ ایک وظیفہ تصور ہوگا۔

- اسے ۳ بار، ۷ بار یا ۱۱ بار پڑھ کر صبح و شام مریض پر دم کریں۔
- پانی دم کر کے پئیں/ پلائیں۔
- حسب ضرورت پانی دم کر کے غسل بھی کر سکتے ہیں۔
- اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں تو مزید برکت ہوگی۔

اگر تکلیف زیادہ طویل اور پریشان کن ہو تو یہ وظیفہ ۴۰ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

❁ یہ وظیفہ حسب ضرورت ۷ دن، ۱۱ دن یا ۴۰ دن بھی جاری رکھ سکتے ہیں۔

۳۔ شفاء کے لئے ایک آیت کا وظیفہ

❁ وَ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔
(الاسراء، ۱۷: ۸۲)

❁ اس وظیفہ کو

- ۱۱ بار یا ۴۰ بار پڑھ کر صبح و شام دم کریں۔
- پانی دم کر کے پئیں/ پلائیں۔
- حسب ضرورت پانی دم کر کے غسل بھی کر سکتے ہیں۔

www.MinhajBooks.com

- اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھنے سے برکت میں اضافہ ہوگا۔

اگر تکلیف زیادہ طویل اور پریشان کن ہو تو **۱۰۰ مرتبہ** پڑھ کر دم کریں۔

❁ یہ وظیفہ حسبِ ضرورت ۷ دن، ۱۱ دن یا ۴۰ دن بھی جاری رکھ سکتے ہیں۔

﴿ بخار، جسمانی دردوں اور دیگر تکالیف کیلئے وظائف ﴾

پہلا وظیفہ

اگر بخار ہو، جسم میں دردیں ہوں یا کسی قسم کی اور تکلیف ہو تو اس کے لئے درج ذیل وظیفہ مفید اور مؤثر ہے:

یٰـنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ○ (الانبیاء، ۲۱:۶۹)

❁ اس وظیفہ کو

- ۱۱ بار یا ۴۰ بار پڑھ کر مریض پر دم کریں۔
- پانی دم کر کے پئیں/ پلائیں۔
- اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھنے سے برکت میں اضافہ ہوگا۔

اگر تکلیف زیادہ طویل اور پریشان کن ہو تو ایک تسبیح **(۱۰۰ مرتبہ)** پڑھ کر دم کریں۔

❁ یہ وظیفہ حسبِ ضرورت جاری رکھ سکتے ہیں۔

دوسرا وظیفہ

بخار، درد اور دیگر جسمانی تکالیف کے لئے درج ذیل وظیفہ بھی مفید و مؤثر ہے اور حضور نبی اکرم ﷺ کی سنت ہے:

بِاسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْکَ، مِنْ کُلِّ شَیْءٍ یُؤْذِیْکَ، مِنْ شَرِّ کُلِّ نَفْسٍ وَ عَیْنِ حَاسِدٍ، بِاسْمِ اللّٰهِ اَرْقِیْکَ وَاللّٰهُ یَشْفِیْکَ۔ (سنن ترمذی، ۳:۳۰۳، رقم: ۹۷۲، عن ابی سعید الخدریؓ)

- یہ وظیفہ ۳ بار، ۷ بار یا ۱۱ بار پڑھ کر مریض پر دم کریں۔
- پانی دم کر کے پئیں/ پلائیں۔
- اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھنا باعث برکت ہے۔

اگر تکلیف زیادہ طویل اور پریشان کن ہو تو ۴۰ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

❁ یہ وظیفہ حسب ضرورت جاری رکھیں۔

تیسرا وظیفہ

جسمانی دردوں خصوصاً بخار کے لئے درج ذیل وظیفہ مفید و مؤثر ہے، خود حضور نبی اکرم ﷺ یہ دعا پڑھ کر دم فرمایا کرتے تھے:

بِاسْمِ اللّٰهِ الْکَبِیْرِ، اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِیْمِ، مِنْ شَرِّ کُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ۔

(سنن ترمذی، ۴:۵۰۵، رقم: ۲۰۷۵، عن ابن عباسؓ)

- یہ وظیفہ ۳ بار، ۷ بار یا ۱۱ بار پڑھ کر مریض پر دم کریں۔
- پانی دم کر کے پئیں/ پلائیں۔
- اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھنا باعث برکت ہے۔

اگر تکلیف زیادہ طویل اور پریشان کن ہو تو ۴۰ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

❁ یہ وظیفہ حسب ضرورت جاری رکھیں۔

چوتھا وظیفہ

یہ وظیفہ بھی بخار سے نجات کے لئے مفید ہے:

اَسْاَلُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَنْ یَّشْفِیَکَ۔

(سنن ترمذی، ۴: ۴۱۰، رقم: ۲۰۸۳، عن ابن عباسؓ)

- یہ وظیفہ ۳ بار، ۷ بار یا ۱۱ بار پڑھ کر مریض پر دم کریں۔
- پانی دم کر کے پئیں/ پلائیں۔
- اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھنا باعث برکت ہے۔

اگر تکلیف زیادہ طویل اور پریشان کن ہو تو ۴۰ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

❁ یہ وظیفہ حسب ضرورت جاری رکھیں۔

پانچواں وظیفہ

بخار و دیگر آفات و بلیات سے نجات اور حفاظت کے لئے مندرجہ ذیل وظیفہ بھی نہایت مفید اور مؤثر ہے:

۱ فَتَقَبَّلَهَا	۲ رَبُّهَا	۳ بِقَبُوْلٍ	۴ حَسَنٍ	۵ وَّ اَنْبَتَهَا
۶ نَبَاتًا	۷ حَسَنًا	۸ وَّكَفَّلَهَا	۹ زَكَرِيَّا	۱۰ كُلَّمَا

۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵
دَخَلَ	عَلَيْهَا	زَكَرِيَّا	الْمِحْرَابَ	وَجَدَ
۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰
عِنْدَهَا	رِزْقًا	قَالَ	يٰمَرْيَمُ	اَنّٰى
۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵
لَكِ	هٰذَا	قَالَتْ	هُوَ	مِنْ
۲۶	۲۷	۲۸	۲۹	۳۰
عِنْدِ اللّٰهِ	اِنَّ	اللّٰهَ	يَرْزُقُ	مَنْ يَّشَآءُ

۳۱

بِغَيْرِ حِسَابٍ○ (آل عمران، ۳: ۳۷)

- یہ وظیفہ ۳ بار، ۷ بار یا ۱۱ بار پڑھ کر مریض پر دم کریں۔
- پانی دم کر کے پئیں/ پلائیں ۔
- اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھنا باعث برکت ہے۔

اگر تکلیف زیادہ طویل اور پریشان کن ہو تو ۴۰ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

نوٹ: اس وظیفہ کے لئے خاص بات یہ ہے کہ اس کے الفاظ جن کی تعداد لکھے گئے طریقہ کے مطابق ۳۱ بنتی ہے اسی طرح الگ الگ کر کے ٹھہر ٹھہر کر پڑھیں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت جاری رکھیں ان شاء اللہ اس کی برکت سے تکلیف دور ہو گی اور آفات و بلیات سے نجات ملے گی۔

www.MinhajBooks.com

﴿ شرِ نظر سے بچاؤ کے لئے وظائف ﴾

پہلا وظیفہ

شیطانی اثرات میں سے ایک اثر نظرِ بد کا لگنا بھی ہے اس سے پناہ مانگنا سنتِ نبوی ﷺ سے ثابت ہے۔ حدیث میں ہے کہ حضور ﷺ نظرِ بد سے حفاظت کے لئے حسنین کریمین علیہما السلام پر درج ذیل وظیفہ سے دم فرمایا کرتے تھے:

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطٰنٍ وَّ هَامَّةٍ وَّ عَيْنٍ لَامَّةٍ۔ (سنن ترمذی، ۳: ۵۷۷، رقم: ۲۰۶۰، عن ابن عباسؓ)

- یہ وظیفہ ۳ بار، ۷ بار یا ۱۱ بار پڑھ کر دم کریں۔
- پانی دم کر کے پئیں/ پلائیں۔
- حسبِ ضرورت پانی دم کر کے غسل بھی کروا سکتے ہیں۔

اگر تکلیف زیادہ طویل اور پریشان کن ہو تو **۱۰۰ مرتبہ** پڑھ کر دم کریں۔

- یہ وظیفہ حسبِ ضرورت جاری رکھیں۔

دوسرا وظیفہ

شرِ نظر سے نجات کے لئے یہ وظیفہ بھی مفید اور مؤثر ہے:

- سورۃ الفاتحہ (مکمل)

اور معوّذتین (سورۃ الفلق اور سورۃ الناس)

- یہ وظیفہ ۳ بار، ۷ بار یا ۱۱ بار پڑھ کر دم کریں۔

- پانی دم کر کے پئیں/ پلائیں۔
- حسب ضرورت پانی دم کر کے غسل بھی کر سکتے ہیں۔

اگر تکلیف زیادہ طویل اور پریشان کن ہو تو ۴۰ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

❁ یہ وظیفہ حسب ضرورت جاری رکھیں۔

تیسرا وظیفہ

شر نظر سے نجات کے لئے یہ وظیفہ بھی مفید اور مؤثر ہے:

☆ سورۃ الفاتحہ (مکمل)

اور چہار قُل (مکمل سورتیں)

- یہ وظیفہ ۳ بار، ۷ بار یا ۱۱ بار پڑھ کر دم کریں۔
- پانی دم کر کے پئیں/ پلائیں۔
- حسب ضرورت پانی دم کر کے غسل بھی کر سکتے ہیں۔

اگر تکلیف زیادہ طویل اور پریشان کن ہو تو ۴۰ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

❁ یہ وظیفہ حسب ضرورت جاری رکھیں۔

چوتھا وظیفہ

شر نظر سے بچاؤ کے لئے یہ کلمات بھی خاص تاثیر رکھتے ہیں:

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ.

- یہ وظیفہ ۳ بار، ۷ بار، ۱۱ بار یا ۴۰ بار پڑھ کر دم کریں۔
- پانی دم کر کے پئیں/ پلائیں۔

- حسب ضرورت پانی دم کر کے غسل بھی کر سکتے ہیں۔

اگر تکلیف زیادہ طویل اور پریشان کن ہو تو **۱۰۰ مرتبہ** پڑھ کر دم کریں۔

❁ یہ وظیفہ حسب ضرورت جاری رکھیں۔

پانچواں وظیفہ

شرِ نظر سے بچاؤ کے لئے ان آیات کا وظیفہ بھی مفید اور مؤثر ہے:

اَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ○ ﴿ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ○ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ إِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّ هُوَ حَسِيْرٌ○﴾ (الملک، ۶۷:۳۔۴)

- یہ وظیفہ ۳ بار، ۷ بار، ۱۱ بار یا ۴۰ بار پڑھ کر دم کریں۔
- پانی دم کر کے پئیں/ پلائیں۔
- حسب ضرورت پانی دم کر کے غسل بھی کر سکتے ہیں۔

اگر تکلیف زیادہ طویل اور پریشان کن ہو تو **۱۰۰ مرتبہ** پڑھ کر دم کریں۔

❁ یہ وظیفہ حسب ضرورت جاری رکھیں۔

﴿جسم کے کسی خاص حصہ میں درد کے لئے وظائف﴾

پہلا وظیفہ

اگر جسم کے کسی خاص حصے میں درد ہو تو دایاں ہاتھ اس جگہ رکھ کر یہ وظیفہ

کیا جائے:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○ ﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ○ لَمْ يَلِدْ ۙ وَ لَمْ يُوْلَدْ○ وَ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ○﴾ (الاخلاص)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○ ﴿قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ○ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ○ وَ مِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ○ وَ مِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِى الْعُقَدِ○ وَ مِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ○﴾ (الفلق)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○ ﴿قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ○ مَلِكِ النَّاسِ ○ اِلٰهِ النَّاسِ ○ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ○ الَّذِىْ يُوَسْوِسُ فِىْ صُدُوْرِ النَّاسِ○ مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ○﴾ (الناس)

- یہ وظیفہ ۳ بار، ۷ بار یا ۱۱ بار پڑھ کر دم کریں۔
- پانی دم کر کے پئیں/ پلائیں۔
- اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

اگر تکلیف زیادہ طویل اور پریشان کن ہو تو ۴۰ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

❁ یہ وظیفہ حسب ضرورت جاری رکھیں۔

www.MinhajBooks.com

دوسرا وظیفہ

یہ وظیفہ بھی کسی خاص جگہ درد اور تکلیف کو رفع کرنے کے لئے مفید اور مؤثر ہے:

بِسْمِ اللهِ، اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللهِ وَ قُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ مِنْ وَجْعِ هٰذَا۔ (سنن ترمذی، ۴: ۵۴۳، رقم: ۳۵۸۸، عن انسؓ)

- یہ وظیفہ ۳ بار، ۷ بار یا ۱۱ بار پڑھ کر دم کریں۔
- پانی دم کر کے پئیں/ پلائیں۔
- اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

اگر تکلیف زیادہ طویل اور پریشان کن ہو تو **۴۰ مرتبہ** پڑھ کر دم کریں۔

❁ یہ وظیفہ حسب ضرورت جاری رکھیں۔

تیسرا وظیفہ

اگر کسی قسم کی جسمانی تکلیف اور پریشانی ہو تو دائیں ہاتھ سے اس جگہ کو مس کر کے درج ذیل وظیفہ پڑھ کر دم کیا جائے:

اَللّٰهُمَّ رَبَّ النَّاسِ اَذْهِبِ الْبَاسَ اشْفِهٖ وَ اَنْتَ الشَّافِی لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُکَ شِفَاءً لَّا یُغَادِرُ سَقَمًا۔

(بخاری، الصحیح، ۵: ۲۱۶۸، رقم: ۵۴۱۱، عن عائشہؓ)

- یہ وظیفہ ۳ بار، ۷ بار یا ۱۱ بار پڑھ کر دم کریں۔
- پانی دم کر کے پئیں/ پلائیں۔

اگر تکلیف زیادہ طویل اور پریشان کن ہو تو ۴۰ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

❁ یہ وظیفہ حسب ضرورت جاری رکھیں۔

آنکھوں کی بیماری وضعفِ بصارت کا علاج

اگر کوئی شخص آنکھ کی کسی بیماری میں مبتلا ہو یا اسے نظر کی کمزوری کی شکایت ہو تو اس کے لئے یہ وظیفہ مفید ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○ ﴿ فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ○ ﴾ (ق، ۵۰:۲۲)

❁ اس وظیفہ کو ۷ مرتبہ پڑھیں اور ہر بار ابتدا میں درود شریف پڑھیں پھر آخر میں دونوں انگوٹھوں پر پھونک مار کر اپنی آنکھوں پر مل لیں یا مریض کی آنکھوں پر دم کریں۔

❁ اس وظیفہ کو حسب ضرورت جاری رکھیں۔

❁ حسب ضرورت ایک تسبیح (۱۰۰ مرتبہ) جمعہ یا پیر کی شب کریں۔

﴿ سانپ اور بچھو سے حفاظت اور اس کے کاٹے کے علاج کے لئے وظیفہ ﴾

سانپ اور بچھو سے حفاظت اور ان کے کاٹے کے علاج کے لئے درج ذیل وظیفہ پڑھیں:

سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِى الْعٰلَمِيْنَ○ (الصافات، ۳۷:۷۹)

- یہ وظیفہ ۱۰۰ بار پڑھ کر صبح و شام دم کریں۔
- پانی دم کر کے پئیں/ پلائیں۔
- اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

❁ کاٹے کے علاج کے لئے یہ وظیفہ حسبِ ضرورت کرتے رہیں، ان شاء اللہ زہریلے اثرات زائل ہو جائیں گے۔

﴿ وظائف برائے حصولِ اولاد ﴾

اگر کسی شادی شدہ خاتون کے اولاد نہ ہوتی ہو تو حصول اولاد کے لئے درج ذیل وظائف پڑھنے سے ان شاء اللہ امید بر آئے گی:

پہلا وظیفہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○ ﴿يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّ خَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَ بَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّ نِسَآءً ۚ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا○﴾ (النساء، ۴: ۱)

❁ اس وظیفہ کو

- ۱۱ بار یا ۴۰ بار صبح و شام پڑھ کر دم کریں۔
- پانی دم کر کے پئیں۔
- اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

❁ اس وظیفہ کو ۴۰ دن یا مقصد پورا ہونے تک جاری رکھیں ان شاء اللہ اولاد کی نعمت نصیب ہوگی۔

دوسرا وظیفہ

حصولِ اولاد کے لئے درج ذیل آیاتِ قرآنی کا وظیفہ بھی مفید و مؤثر ہے:

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ ﴿هُنَالِکَ دَعَا زَکَرِيَّا رَبَّهٗ قَالَ رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّکَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ○ فَنَادَتْهُ الْمَلٰٓئِکَةُ وَهُوَ قَآئِمٌ يُّصَلِّیْ فِی الْمِحْرَابِ اَنَّ اللهَ يُبَشِّرُکَ بِيَحْيٰی مُصَدِّقًاۢ بِکَلِمَةٍ مِّنَ اللهِ وَ سَيِّدًا وَّ حَصُوْرًا وَّ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ○ قَالَ رَبِّ اَنّٰی يَکُوْنُ لِیْ غُلٰمٌ وَّ قَدْ بَلَغَنِیَ الْکِبَرُ وَامْرَاَتِیْ عَاقِرٌ ط قَالَ کَذٰلِکَ اللهُ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ ○﴾

(ال عمران، ۳:۳۸۔۴۰)

❁ اس وظیفہ کو

- ۱۱ بار یا ۴۰ بار صبح و شام پڑھیں۔
- پانی دم کر کے پئیں/ پلائیں۔
- اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔
- یوں بھی کر سکتے ہیں کہ جب یہی آیات آخری بار (گیارھویں یا چالیسویں

مرتبہ) پڑھیں تو آخر میں یہ کلمات ''قَالَ كَذٰلِكَ اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ'' ۱۰۰ مرتبہ تسبیح کے طور پر پڑھیں۔

❁ اس وظیفہ کو حصول مراد تک جاری رکھیں ان شاء اللہ اولاد کی نعمت نصیب ہوگی۔

تیسرا وظیفہ

حصول اولاد کے لئے درج ذیل آیات کا وظیفہ بھی مفید و مؤثر ہے:

❁ سورۃ الفاتحہ (۱۱ بار)

❁ قَالَ اِنَّمَآ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا○ قَالَتْ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ وَّلَمْ اَكُ بَغِيًّا○ قَالَ كَذٰلِكِ ۚ قَالَ رَبُّكِ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ ۚ وَلِنَجْعَلَهٗٓ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَ رَحْمَةً مِّنَّا ۚ وَ كَانَ اَمْرًا مَّقْضِيًّا○ فَحَمَلَتْهُ فَانْتَبَذَتْ بِهٖ مَكَانًا قَصِيًّا○

(۳، ۷ یا ۱۱ مرتبہ) (مریم، ۱۹:۱۹-۲۲)

❁ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْئًا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ○ فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ○ (۳، ۷ یا ۱۱ مرتبہ) (یٰسٓ، ۳۶:۸۲-۸۳)

❁ سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ○ وَسَلٰمٌ عَلَى

اَلْمُرْسَلِيْنَ○ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ○(۳،۷ یا ۱۱ مرتبہ)

(الصافات، ۳۷:۱۸۰۔۱۸۲)

❁ اس وظیفہ کو

- صبح و شام پڑھیں اور دم کریں۔
- پانی دم کر کے پئیں۔
- اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود پڑھنا باعث برکت ہے۔
- یہ وظیفہ حسب ضرورت ۴۰ مرتبہ بھی پڑھ سکتے ہیں۔

❁ اس وظیفہ کو حصول مراد تک جاری رکھیں ان شاء اللہ اولاد کی نعمت نصیب ہوگی۔

چوتھا وظیفہ

سورہ مریم کا پہلا رکوع تلاوت کریں:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○ ﴿كٓهٰيٰعٓصٓ○ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا○ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا○ قَالَ رَبِّ اِنِّىْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّىْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَيْبًا وَّلَمْ اَكُنْۢ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا○ وَ اِنِّىْ خِفْتُ الْمَوَالِىَ مِنْ وَّرَآءِىْ وَ كَانَتِ امْرَاَتِىْ عَاقِرًا فَهَبْ لِىْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا○ يَّرِثُنِىْ وَ يَرِثُ

مِنْ اٰلِ يَعْقُوْبَ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا ○ يٰزَكَرِيَّآ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ اسْمُهٗ يَحْيٰى لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا○ قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِىْ غُلٰمٌ وَّ كَانَتِ امْرَاَتِىْ عَاقِرًا وَّ قَدْ بَلَغْتُ مِنَ الْكِبَرِ عِتِيًّا○ قَالَ كَذٰلِكَ ج قَالَ رَبُّكَ هُوَ عَلَىَّ هَيِّنٌ وَّ قَدْ خَلَقْتُكَ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ تَكُ شَيْئًا○ قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّىْ اٰيَةً ط قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَ لَيَالٍ سَوِيًّا ○ فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ مِنَ الْمِحْرَابِ فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ اَنْ سَبِّحُوْا بُكْرَةً وَّ عَشِيًّا○ يٰيَحْيٰى خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍ ط وَ اٰتَيْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا○ وَّ حَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا وَ زَكٰوةً ط وَكَانَ تَقِيًّا○ وَّ بَرًّا م بِوَالِدَيْهِ وَلَمْ يَكُنْ جَبَّارًا عَصِيًّا○ وَ سَلٰمٌ عَلَيْهِ يَوْمَ وُلِدَ وَ يَوْمَ يَمُوْتُ وَ يَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا○﴾ (مریم، ۱۹:۱-۱۵)

جب گیارھویں مرتبہ اس آیت کریمہ

قَالَ رَبُّكَ هُوَ عَلَىَّ هَيِّنٌ وَّ قَدْ خَلَقْتُكَ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ تَكُ شَيْئًا○

پر پہنچیں تو اس کی ایک تسبیح (یعنی ۱۰۰ مرتبہ) کریں۔

- اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔
- اس وظیفہ کو حصول مراد تک جاری رکھیں ان شاء اللہ اولاد کی نعمت نصیب ہو گی۔

پانچواں وظیفہ: یَا مُتَکَبِّرُ

اس وظیفہ کی کثرت کرنے والے کو اللہ تعالیٰ نیک اور متقی اولاد سے نوازتا ہے۔

- اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔
- اس وظیفہ کو حصول مراد تک جاری رکھیں ان شاء اللہ اولاد کی نعمت نصیب ہو گی۔

چھٹا وظیفہ: یَا مُصَوِّرُ

جو عورت بانجھ ہو سات دن تک مسلسل روزے رکھے اور ہر روز غروب آفتاب کے بعد افطاری سے قبل **۲۱ مرتبہ** اس وظیفہ کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیئے تو اللہ تعالیٰ اسے اولاد سے نوازے گا۔ اگر کوئی شخص **۱۰۰ بار** اس کو پڑھے تو صالح اولاد سے نوازا جائے گا۔ علاوہ ازیں اللہ تعالیٰ اس کے پڑھنے والے کا چہرہ روشن کر دے گا اور اعمالِ صالحہ کی بجا آوری میں اس کی مدد کرے گا۔

- اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔
- اس وظیفہ کو حصول مراد تک جاری رکھیں ان شاء اللہ اولاد کی نعمت نصیب ہو گی۔

﴿ وظائف برائے اولادِ نرینہ ﴾

پہلا وظیفہ

اگر کوئی شخص چاہے کہ اسے نیک اور صالح اولادِ نرینہ عطا ہو تو وہ درج ذیل وظیفہ حسب طریقہ پڑھے:

سورۃ مریم کا پہلا رکوع تلاوت کریں (مکمل رکوع صفحہ ۳۶۴، ۳۶۵ پر ملاحظہ کریں)

- درج بالا آیات کریمہ ۱۱ مرتبہ پڑھیں اور ۱۱ویں مرتبہ جب ان آیات پر پہنچیں:

فَهَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ وَلِیًّا○ یَّرِثُنِیْ وَ یَرِثُ مِنْ اٰلِ یَعْقُوْبَ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِیًّا○

تو ان کی ایک تسبیح (۱۰۰ مرتبہ) پڑھیں۔

- اول و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔
- اس وظیفہ کو حصول مراد تک جاری رکھیں ان شاء اللہ نرینہ اولاد کی نعمت نصیب ہوگی۔

دوسرا وظیفہ

اولادِ نرینہ کے لئے یہ وظیفہ بھی مفید و مؤثر ہے:

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ○ (الانبیاء، ۲۱:۸۹)

- درج بالا آیت کریمہ کی ایک تسبیح (۱۰۰ مرتبہ) پڑھیں۔

- اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔
- اس وظیفہ کو حصول مراد تک جاری رکھیں ان شاء اللہ نرینہ اولاد کی نعمت نصیب ہوگی۔

تیسرا وظیفہ

اولادِ نرینہ کے لئے یہ وظیفہ بھی مفید و مؤثر ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ بِاَنِّیْ اَشْھَدُکَ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَ لَمْ یُوْلَدْ وَ لَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ اِلٰھِیْ بِحُرْمَةِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ ﷺ وَ عَلِیٍّ وَ فَاطِمَةَ وَ الْحَسَنِ وَ الْحُسَیْنِ اَنْ تَرْزُقَنَا وَلَدًا صَالِحًا مِنْ لَّدُنْکَ وَلِیًّا طَوِیْلَ الْعُمْرِ وَ اجْعَلْہُ رَضِیًّا۔

- بعد از نماز فجر و عشاء ۱۱، ۱۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے پئیں۔
- اول و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔
- درج بالا دُعا اُمید سے پہلے اور اُمید کے بعد بھی آٹھ ہفتے تک جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ اس کی برکت سے نرینہ اولاد کی نعمت نصیب ہوگی۔

چوتھا وظیفہ

اولادِ نرینہ کے لئے درج ذیل طریقے سے یہ وظیفہ مفید و مؤثر ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ الٓمّٓ ○ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ○ اِلٰھِیْ بِحُرْمَةِ اِسْمِکَ الْاَعْظَمِ نَسْأَلُکَ اَنْ تَرْزُقَنَا اِبْنًا صَالِحًا مِنْ لَّدُنْکَ وَلِیًّا طَوِیْلَ الْعُمْرِ وَ اجْعَلْهُ رَضِیًّا۔

- بعد از نماز فجر اور عشاء ۱۱، ۱۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئیں۔
- اول و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔
- درج بالا دُعا اُمید سے پہلے اور اُمید کے بعد بھی آٹھ ہفتے تک جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ نرینہ اولاد کی نعمت نصیب ہو گی۔

پانچواں وظیفہ

اولادِ نرینہ کے لئے درج ذیل کلمات کے ساتھ دعا مانگنا بھی مفید ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ○ کٓهٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ ﷺ وَ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیٍّ وَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ وَ الْحَسَنِ وَ الْحُسَیْنِ نَسْأَلُکَ اَنْ تَرْزُقَنَا وَلَدًا صَالِحًا مِنْ لَّدُنْکَ وَلِیًّا طَوِیْلَ الْعُمْرِ وَ اجْعَلْهُ رَضِیًّا وَ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ۔

- بعد از نماز فجر و عشاء ۱۱، ۱۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئیں۔

- اول و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔
- درج بالا دُعا اُمید سے پہلے اور اُمید کے بعد بھی آٹھ ہفتے تک جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ نرینہ اولاد کی نعمت نصیب ہو گی۔

چھٹا وظیفہ: اسمِ محمد ﷺ

جب امید ہو جائے تو پہلے دن سے ہی خاتون خود نماز پنجگانہ میں ہر نماز فرض کے بعد دعا سے پہلے دائیں ہاتھ کی انگشت شہادت سے پیٹ پر سات بار **محمد** لکھے اور ہر بار لکھنے کے بعد زبان سے **صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ** کہے۔ ان شاء اللہ اس کی برکت سے نرینہ اولاد کی نعمت نصیب ہو گی۔

ساتواں وظیفہ: یَا اَوَّلُ

۴۰ دن تک اس اسم کا ورد کرنے سے نرینہ اولاد کی نعمت مل جاتی ہے۔

- اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔
- شبِ جمعہ کو ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھنے والے کی حاجت روائی ہو جاتی ہے۔
- اس وظیفہ کو حصول مراد تک جاری رکھیں۔

﴿وظائف برائے محبت مابین زوجین﴾

پہلا وظیفہ: یَا وَدُوْدُ

اس وظیفہ کی برکت سے میاں بیوی کے درمیان ناچاقی کا خاتمہ ہو جاتا ہے

ان میں محبت و مودت پیدا ہوتی ہے۔ اگر کوئی شخص کسی آفت و مصیبت میں گرفتار ہو تو اس کی برکت سے ان شاء اللہ مصیبت و پریشانی سے بھی نجات مل جائے گی۔

- اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔
- اس وظیفہ کو حصول مراد تک جاری رکھیں۔

بھائی بہنوں اور اہل خاندان کے درمیان ناچاقی بھی اس سے ان شاء اللہ ختم ہو جائے گی۔

دوسرا وظیفہ: یا مَانِعُ

اگر میاں بیوی کے درمیان ناراضگی اور جھگڑا ہو جائے تو نماز عشاء کے بعد سونے سے قبل اس وظیفہ سے ان کے درمیان محبت و مؤدت پیدا ہو گی۔

- اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ورد سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ کریں۔
- اس وظیفہ کو حصول مراد تک جاری رکھیں۔

﴿ نافرمان زوجہ کی اصلاح کے لئے وظیفہ ﴾

یَا وَلِیُّ

